




مصنف

ابو محمد خرم شہزاد

نظر ثانی

فضیلۃ الشیخ حافظ زبیر علی زئی حفظہ اللہ

فضیلۃ الشیخ ابو الحسن مبشر احمد ربانی حفظہ اللہ

مکتبہ اسلامیہ



الصحیفة فی الاحادیث الضعیفة

من

سلسلة الأحادیث الصحیحة للألبانی

مصنف

ابو محمد خرم شہزاد


نظر ثانی

فضیلۃ الشیخ حافظ زبیر علی زئی حفظہ اللہ

فضیلۃ الشیخ ابو الحسن مبشر احمد ربانی حفظہ اللہ



مکتبہ اسلامیہ



کتاب ---------------------- الصحیفة في الأحاديث الضعيفة من سلسلة الأحاديث الصحيحة للألباني

مصنّف ---------------------- ابو محمد خرم شہزاد

نظر ثانی ---------------------- فضیلۃ الشیخ حافظ زبیر علی زئی حفظہ اللہ
فضیلۃ الشیخ ابوالحسن مبشر احمد ربانی حفظہ اللہ

ناشر ---------------------- مکتبہ اسلامیہ

اشاعت ---------------------- دسمبر 2010ء

قیمت ----------------------

ملنے کا پتا


مکتبہ اسلامیہ

بالمقابل رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور۔ پاکستان فون:042-37244973

بیسمنٹ اٹلس بینک بالمقابل شیل پٹرول پمپ کوتوالی روڈ فیصل آباد۔ پاکستان فون:041-2631204, 2034256

E-mail:maktabaislamiapk@gmail.com

فہرست مضامین



بسم اللہ الرحمن الرحیم

تعارف الصحیفۃ

الحمد لله رب العالمين والصلوة والسلام على رسوله الأمين ، أما بعد:

رسول اللہ ﷺ کی سنت احادیثِ صحیحہ کی صورت میں محفوظ و مدوّن ہے۔ اللہ تعالیٰ امام بخاری اور امام مسلم رحمہما اللہ کی قبروں کو نور سے بھر دے، انھوں نے صحیحین کے مجموعے مرتب کر کے عظیم الشان کام سرانجام دیا۔ صحیحین (صحیح بخاری وصحیح مسلم) کی تمام مسند مرفوع متصل روایات اُمتِ مسلمہ کے بالاتفاق تلقی بالقبول کی وجہ سے یقیناً اور قطعاً صحیح ہیں۔

صحیحین کے بعد امام ابن خزیمہ، حافظ ابن حبان اور امام ابن الجارود وغیرہم نے اپنے اپنے منہج کے مطابق صحیح احادیث کے مجموعے مرتب کئے، جن کی اکثر احادیث صحیح یا حسن ہیں اور بعض ضعیف بھی ہیں۔

بعض علماء نے ضعیف و مردود روایات کے مجموعے بھی پیش کئے، تاکہ عام مسلمین باخبر رہیں اور ان روایات سے اجتناب کریں۔

عصرِ حاضر میں شیخ محمد ناصر الدین الالبانی رحمہ اللہ نے سلسلۂ صحیحہ اور سلسلۂ ضعیفہ کے نام سے دو مجموعے مرتب کئے، جن سے بحیثیتِ مجموعی عوام کو بڑا فائدہ ہوا ہے۔

ہمارے استاذ محترم شیخ ابو محمد بدیع الدین شاہ الراشدی السندھی رحمہ اللہ نے شیخ البانی کی زندگی میں فرمایا تھا: "**عنده علم كثير في تصحيح الحديث و تضعيفه وله أوهام وأخطاء**" اُن (البانی) کے پاس حدیث کی تصحیح اور تضعیف میں بڑا علم ہے اور انھیں کئی اوہام اور غلطیاں لگی ہیں۔ (انوار السبیل فی میزان الجرح والتعدیل، قلمی ص ۲۰۰)

شیخ ابو السلام محمد صدیق بن عبدالعزیز سرگودھوی رحمہ اللہ نے فرمایا:

ہم اُن کی کتابوں پر اعتماد کرتے ہیں، سوائے اُن کے بعض مسائل کے جن میں انھوں

نے (اہل حدیث سے) تفرد کیا ہے، ہم اُن میں اعتماد نہیں کرتے۔

(ایضاً مترجماً ص:۲۰ و لفظه : لا نعتمد عليها التي تفرد بها .)

ہمارے دوست جناب ابو محمد خرم شہزاد صاحب نے اپنی استطاعت کے مطابق شیخ البانی رحمہ اللہ کی کتاب: سلسلۂ صحیحہ کا مطالعہ کیا تو کئی روایات کو تحقیق کے بعد ضعیف پایا، جن میں سے پچاس روایتیں اس مجموعہ میں پیشِ خدمت ہیں۔

راویوں پر کلام وغیرہ میں اُن سے بعض مقامات پر اختلاف کیا جا سکتا ہے لیکن یہ حقیقت ہے کہ ''الصحیفه فی الاحادیث الضعیفه''میں مذکورہ تمام روایات اپنے تمام شواہد ومتابعات کے ساتھ ضعیف ہی ہیں اور انھیں صحیح یا حسن قرار دینا غلط ہے۔

بعض لوگ ضعیف + ضعیف کے اُصول اور جمع تفریق کے ذریعے سے بعض روایات کو حسن لغیرہ قرار دیتے ہیں لیکن حافظ ابن حزم اس اصول کے سخت خلاف تھے بلکہ زرکشی نے ابن حزم سے نقل کیا: '' **ولو بلغت طرق الضعيف ألفًا لا يقوى ...** ''

اور اگر ضعیف روایت کی ہزار سندیں بھی ہوں تو اس سے روایت قوی نہیں ہوتی...

(النكت للزركشي ص ١٠٤)

اگرچہ زرکشی نے اسے شاذ اور مردود کہا ہے لیکن انصاف یہ ہے کہ یہی قول راجح اور صحیح ہے۔ بعض لوگ اپنی مرضی کی روایات کو حسن لغیرہ کہہ کر حجت بنا لیتے ہیں اور فریق مخالف کی تمام روایات کی ایک ایک سند پر بحث کر کے انھیں ضعیف ومردود قرار دیتے ہیں، مثلاً سینے پر ہاتھ باندھنے والی احادیث پر بعض الناس کی جرح اور اسی طرح فاتحہ خلف الامام کی احادیث پر جرح وغیرہ۔

حسن لغیرہ کے مسئلے پر عمرو بن عبدالمنعم بن سلیم کی کتاب '' **الحسن لمجموع الطرق في ميزان الاحتجاج بين المتقدمين و المتأخرين** '' بہت مفید ہے۔

حافظ ابن القطان الفاسی نے حسن لغیرہ کے بارے میں صراحت کی ہے کہ '' **لا يحتج**

بـه كله بل يعمل به في فضائل الأعمال ... ''اس ساری کے ساتھ حجت نہیں پکڑی جاتی بلکہ فضائلِ اعمال میں اس پر عمل کیا جاتا ہے...(النکت علیٰ کتاب ابن الصلاح ۱/ ۴۰۲)

حافظ ابن حجر نے اس قول کو'' حسن قوي ''یعنی اچھا مضبوط قرار دیا ہے۔ (ایضاً)۔ نیز دیکھئے ماہنامہ الحدیث حضرو (عدد۵ص ۱۲۔۱۵)

حافظ ابن کثیر نے فرمایا: مناظرے میں یہ کافی ہے کہ مخالف کی بیان کردہ سند کا ضعیف ہونا ثابت کر دیا جائے، وہ لاجواب ہو جائے گا، کیونکہ اصل یہ ہے کہ دوسری تمام روایات معدوم ہیں، اِلا یہ کہ دوسری سند سے ثابت ہو جائیں۔

(اختصار علوم الحدیث ۱/۲۷۴۔۲۷۵ نوع ۲۲)

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ خرم شہزاد کو سلف صالحین کے فہم کے مطابق کتاب و سنت و اجماع اور آثار کی دعوت پھیلانے اور اس پر ہمیشہ عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

حافظ زبیر علی زئی

(۱۷/نومبر ۲۰۰۹ء)



مقدمہ

علومِ اسلامیہ میں سے علم حدیث کی قدر و منزلت اور عزت و شرف کسی بھی اہل علم سے مخفی اور پنہاں نہیں ہے۔ روایات کی صحت وضعف کی پہچان ایک کٹھن مرحلہ ہے جس میں آدمی کو کمال بصیرت کی ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ محدثین کرام رحمہم اللہ اجمعین پر اپنی رحمت اور فضل کی انتہا کر دے جنہوں نے دور دراز کے سفر کی صعوبتوں کو طے کیا اور بڑی محنت اور جانفشانی سے اس کے اُصول وضوابط مقرر فرمائے اور علل وشذوذ کی گتھیوں کو سلجھایا اور جمیع مرویات کے رواۃ کی حالات زندگی مرتب کی ان کی تاریخ ولادت ووفات، علمی رحلات، اساتذہ ومشائخ اور تلامذہ کا تعین، ثقاہت وضعف، عدالت وضبط وغیرہ جیسے کئی اُمور منضبط کیے تاکہ طالب حدیث کے لیے کسی قسم کی تشنگی باقی نہ رہے۔ اور علم حدیث کے قواعد وضوابط پر مبسوط ومختصر اور نظم ونثر کے خوبصورت پیرائے میں ان گنت اور لاتعداد کتب احاطہ تحریر میں لائے۔ ان ائمہ کے اُصول وضوابط میں سے ایک قاعدہ یہ بھی ہے کہ جب ایک کمزور روایت کو تعدد طرق حاصل ہو جائے اور ضعف شدید نہ ہو تو وہ درجہ احتجاج تک پہنچ جاتی ہے اور یہ قاعدہ متاخرین علماء کے ہاں زیادہ مشہور ہوا جب کہ متقدمین کے ہاں یہ قاعدہ اتنا معروف نہیں تھا۔

دکتور محمود الطحان رقم طراز ہے: "هو الضعيف اذا تعددت طرقه ولم يكن سبب ضعفه فسق الراوى أو كذبه" [تيسير مصطلح الحديث، ص: ٦٦، ط: مكتبه المعارف، رياض] ''حسن لغیرہ وہ ضعیف روایت ہے جب اسے تعدد طرق حاصل ہو اور اس کے ضعف کا سبب راوی کا فسق یا کذب نہ ہو۔''

دکتور محمود الطحان نے یہ تعریف حافظ ابن حجر عسقلانی کی نخبہ اور اس کی شرح سے معناً نقل کی ہے۔ پھر اس کے تحت ذکر کیا کہ ضعیف روایت حسن کے درجہ پر دو اُمور کی وجہ سے

فائز ہوتی ہے:

۱۔ وہ کسی دوسرے طریق یا طرق سے مروی ہو اور وہ دوسرا طریق اس کی مثل یا اس سے زیادہ مضبوط ہو۔

۲۔ روایت کے ضعف کا سبب راوی کے حفظ میں خرابی یا سند میں انقطاع یا رجال میں جہالت ہو، یعنی ضعف زیادہ شدید نہ ہو۔

بہر کیف علماء متاخرین میں یہ ضابطہ شہرت پکڑ گیا ہے اور محدث العصر امام الجرح والتعدیل فی دہرہ، علامہ البانی رحمہ اللہ کسی تعارف کے محتاج نہیں، انہوں نے روایات کی چھان بین کرنے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا، اور بڑی محنت اور جانفشانی سے اس کام میں شب و روز مصروف رہے اور بالخصوص سلسلة الاحادیث الصحیحه والضعیفة ان کی محنت کا ثمرہ ہے اور اس کے علاوہ بھی بے شمار کتب ان کی تحقیق وتنقید کے ساتھ منصۂ شہود پر آ چکی ہیں۔ زیر نظر کتاب ان کی سلسله صحیحه پر ایک نظر ہے، مؤلف اگرچہ علماء کی صف کے آدمی نہیں ہیں لیکن علمی ذوق نے انہیں اس دہلیز پر پہنچایا ہے کہ انہوں نے سلسله صحیحه میں سے بعض روایات کی نشان دہی کی جو ان کی نظر میں صحیح نہیں ہیں۔ اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ جن روایات کا چناؤ انہوں نے کیا ہے اور رواۃ پر کلام کیا ہے یہ بھی شیخ البانی رحمہ اللہ کی کاوش کا حصہ ہے۔ کیونکہ ان اسانید اور ان کی علل اور رجال پر کلام خود شیخ البانی رحمہ اللہ نے نقل کیا ہے۔ اور انہیں شیخ نے تعدد طرق کی بنا پر صحیحہ میں درج کیا ہے جو کہ ان کا مشہور ضابطہ ہے۔ اور روایات کی صحت وضعف میں اہل علم میں اختلاف ہو جانا کوئی امر بعید نہیں ہے۔ ہر کوئی اپنی کوشش ومحنت کا ثمرہ پا لیتا ہے بشرطیکہ اس کے عمل میں اخلاص موجود ہو۔ شہرت وناموری اور نمود ونمائش کو دخل نہ ہو۔ خرم شہزاد بھائی علم حدیث کا بڑا ذوق رکھتے ہیں اور کسی نہ کسی طرح جستجو میں لگے رہتے ہیں اور علمی مواد جمع کرتے رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی بصیرت وآگہی میں اضافہ کرے اور انہیں کسی

ماہر استاذ کے پاس بیٹھ کر حصولِ علم کا صحیح موقعہ فراہم کرے۔آ مین

اوران کے علم ،عمل ،عمر ،رزق ،مال اور اولاد میں اضافہ فرمائے اور حاجاتِ دینیہ و دنیویہ مفیدہ کوحل فرمائے اوران کی اس محنت کاثمرہ انہیں عطا کرے۔آمین ولا أذكی علی اللہ أحدًا .

ابوالحسن مبشر احمد ربانی عفااللہ عنہ
مدیر مرکز الحسن سبزہ زار،لاہور
۹۔۱۱۔۲۰۰۹



بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرضِ مصنف

ان الحمد لله نحمده و نستعينه و نستغفره و نعوذ بالله من شرور أنفسنا و من سيأت أعمالنا من يهده الله فلا مضل له و من يضلل فلا هادی له و أشهد أن لا اله الاالله وأشهد أن محمدًا عبده و رسوله. أما بعد:

تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جوسب کو پالنے والا ہے میں اللہ تعالیٰ کا لاکھوں کروڑوں دفعہ شکرادا کرتا ہوں جس نے اس کتاب کو لکھنے اور مکمل کرنے کے توفیق دی ہے اس کتاب کو لکھنے کی کیوں ضرورت پیش آئی یہ وجہ بیان کرنے سے پہلے میں اپنی زندگی کے متعلق مختصراًبتانا چاہتا ہوں۔

راقم الحروف 17 ستمبر 1973ء میں پیدا ہوا۔ نام ابومحمد خرم شہزاد اور والد کا نام محمد حسین ہے 1993ء میں (بی۔اے) کیا۔پہلے بریلوی مسلک سے تعلق تھا۔ 1995ء میں الیاس قادری کی جماعت ''دعوتِ اسلامی'' میں شامل ہوگیا اللہ ھو اور ذکر کی محفلوں میں ہر جمعرات کو شامل ہوتا تھا اہل حدیث لوگوں سے سخت نفرت تھی لیکن اللہ تعالیٰ کو کچھ اور منظور تھا لہٰذا اللہ تعالیٰ کی توفیق اور فضل سے جب دین کی تحقیق کی تو میں نے اپنے شرکیہ عقائد، یا رسول اللہ مدد، یا علی مدد، المدد غوثِ اعظم، نبی ﷺ کا حاضر و ناظر، مختارِ کل، عالم الغیب سے توبہ کر لی اور 1997ء میں دیوبندی مسلک اختیار کر لیا صرف ایک سال میں دیوبندی مسلک کی حقیقت مجھ پر واضح ہوگئی کہ دیوبندی اور بریلوی کے عقائد میں کوئی فرق نہیں ہے جس طرح بریلوی اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر اولیاء اللہ کو حاجت روا، مشکل کشا، داتا مانتے ہیں اور کہتے ہیں: اللہ کے ولیوں کو علمِ غیب ہوتا ہے اور قبروں والوں سے فیض ملتا ہے حالانکہ یہ

عقیدہ قرآن وسنت کے مطابق شرک ہے بالکل اسی طرح دیو بندی مسلک کے بڑوں کا یہی عقیدہ ہے۔صرف چند واقعات ملاحظہ فرمائیں۔

دیو بندی اشرف علی تھانوی لکھتا ہے:

''ایک دن حضرت غوث الاعظم سات اولیاء اللہ کے ہمراہ بیٹھے ہوئے تھے۔ ناگاہ نظر بصیرت سے ملاحظہ فرمایا کہ ایک جہاز قریب غرق ہونے کے ہے آپ نے ہمت و توجہ باطنی سے اس کو غرق ہونے سے بچالیا'' ①

اشرف علی تھانوی اپنے پیرومرشد کے بارے میں لکھتا ہے:

کہ وہ سخت بیمار ہو گئے تو کہا: '''میرا ارادہ تھا کہ تم سے مجاہدہ و ریاضت لوں گا مشیت باری سے چارہ نہیں ہے عمر نے وفا نہ کی جب حضرت نے یہ کلمہ فرمایا میں پٹی دمیانہ کی پکڑ کر رونے لگا حضرت نے تشفی دی اور فرمایا کہ فقیر مرتا نہیں ہے صرف ایک مکان سے دوسرے مکان میں انتقال کرتا ہے فقیر کی قبر سے وہی فائدہ حاصل ہوگا جو زندگی ظاہری میں میری ذات سے ہوتا تھا۔فرمایا حضرت صاحب نے کہ میں نے حضرت کی قبر مقدس سے وہی فائدہ اٹھایا جو حالت حیات میں اٹھایا تھا'' ②

حاجی امداد اللہ دیو بندی اپنے پیر نور محمد کے بارے میں فرماتا ہے:

آسرا دنیا میں ہے از بس تمہاری ذات کا
تم سوا اوروں سے ہرگز کچھ نہیں ہے التجا
بلکہ دن محشر کے بھی جس وقت قاضی ہو خدا
آپ کا دامن پکڑ کر یہ کہوں گا برملا
اے شہ نور محمد وقت ہے امداد کا ③

---

①امداد المشتاق ص۴۲۔②امداد المشتاق ص۱۱۸۔③امداد المشتاق ص۱۲۲۔

محمد زکریا کاندھلوی دیوبندی لکھتا ہے کہ ''شیخ ابو یعقوب سنوسیؒ کہتے ہیں کہ میرے پاس ایک مرید آیا اور کہنے لگا کہ میں کل کو ظہر کے وقت مر جاؤں گا چنانچہ دوسرے دن ظہر کے وقت مسجد حرام میں آیا، طواف کیا اور تھوڑی دور جا کر مر گیا میں نے اس کو غسل دیا اور دفن کیا جب میں نے اس کو قبر میں رکھا تو اس نے آنکھیں کھول دیں میں نے کہا کہ مرنے کے بعد زندگی ہے کہنے لگا کہ میں زندہ ہوں اور اللہ کا ہر عاشق زندہ ہی رہتا ہے'' ①

رشید احمد گنگوہی نے اللہ تعالیٰ کو مخاطب ہوتے ہوئے لکھا: ''یا اللہ معاف فرمانا کہ حضرت کے ارشاد سے تحریر ہوا ہے۔ جھوٹا ہوں کچھ نہیں ہوں تیرا ہی ظل ہے، تیرا ہی وجود ہے میں کیا ہوں کچھ نہیں ہوں اور جو میں ہوں وہ تو ہے اور میں اور تو خود شرک در شرک......'' ② **استغفرا للہ**

محمد زکریا کاندھلوی لکھتا ہے کہ ابوحنیفہ جب کسی شخص کو وضو کرتے ہوئے دیکھتے تو اس پانی میں جو گناہ دھلتا ہوا نظر آتا اس کو معلوم کر لیتے یہ بھی معلوم ہو جاتا کہ گناہ کبیرہ ہے یا صغیرہ۔۔۔۔۔۔۔ ③

حاجی امداد اللہ نے رسول اللہ ﷺ کے بارے میں لکھا ہے:

یارسولِ کبریا فریاد ہے یا محمد مصطفیٰ فریاد ہے

آپ کی امداد ہو میرا یا نبیؐ حال ابتر ہوا فریاد ہے

سخت مشکل میں پھنسا ہوں آجکل

اے مرے مشکل کشا فریاد ہے ④

---

① فضائل صدقات حصہ دوم ص ۲۶۰. ② فضائل صدقات حصہ دوم ص ۲۶۰. ③ فضائل اعمال ص ۵۶۰. ④ کلیات امدادیہ ص ۹۰، ۹۱

محمد زکریا دیوبندی نے ایک شخص کا واقعہ نقل کیا ہے لکھتا ہے:

''اس نوجوان نے کہا: میں اپنی ماں کے ساتھ حج کو گیا تھا میری ماں وہیں رہ گئی (یعنی مرگئی) اس کا منہ کالا ہوگیا اور اس کا پیٹ پھول گیا جس سے مجھے یہ اندازہ ہوا کہ کوئی بہت بڑا سخت گناہ ہوا ہے اس سے میں نے اللہ جل شانہ کی طرف دعاء کے لئے ہاتھ اٹھائے تو میں نے دیکھا کہ تہامہ (حجاز) سے ایک ابر آیا اس سے ایک آدمی ظاہر ہوا اس نے اپنا مبارک ہاتھ میری ماں کے منہ پر پھیرا جس سے وہ بالکل روشن ہوگیا اور پیٹ پر ہاتھ پھیرا تو ورم بالکل جاتا رہا میں نے ان سے عرض کیا کہ آپ کون ہیں کہ میری اور میری ماں کی مصیبت کو آپ نے دور کیا انہوں نے فرمایا کہ میں تیرا نبی ﷺ ہوں'' ①

طوالت کے خوف کی وجہ سے دیوبندیوں کے یہ چند شرکیہ واقعات نقل کئے ہیں اگر سارے شرکیہ واقعات نقل کئے جائیں تو ایک ضخیم کتاب تیار ہو جائے گی لیکن متلاشی حق کے لئے اتنے ہی واقعات کافی ہیں ان شاء اللہ۔ راقم الحروف اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے 1998ء میں اہل حدیث (صفاتی نام) ہوگیا تو حافظ عبداللہ شیخو پوری رحمہ اللہ کے پاس آنا جانا شروع کر دیا۔ پھر اس کے بعد شیطان کے چکر میں پھنس کر تکفیری ایوب توحیدی گروپ میں شامل ہوگیا اور آٹھ (8) سال اس تکفیری گروپ میں رہنے کے بعد تکفیری موقف لکھنے کا شوق پیدا ہوا تو کتاب وسنت میں اس موقف کی کوئی دلیل نہیں ملی، ایوب توحیدی گروپ کا خیالی موقف ہے حقیقت سے اس کا کوئی تعلق نہیں کتاب وسنت سے محبت اور اللہ تعالیٰ کی خاص رحمت اور توفیق سے راقم الحروف اپنی ذاتی تحقیق سے دوبارہ اکتوبر 2006ء میں اہل حدیث (صفاتی نام) ہو گیا والحمد للہ! راقم الحروف ایوب توحیدی تکفیری گروپ کو گمراہ سمجھتا ہے اللہ تعالیٰ انہیں اس گمراہی سے نکلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

---

① فضائل درود ص ۱۲۲

اب راقم الحروف کواس کتاب کے لکھنے کی کیوں ضرورت پیش آئی اس وضاحت کی طرف آتا ہے یہ 2002ء کی بات ہے میں نے محترم محمد اقبال کیلانی صاحب کی تحریر کردہ کتابیں ''توحید کے مسائل، نماز کے مسائل، جہاد کے مسائل، نکاح کے مسائل، طلاق کے مسائل، درود شریف کے مسائل وغیرہم'' (اب یہ 24 کتابوں پر مشتمل سیٹ مارکیٹ میں آ چکا ہے) خرید کر لایا ان کتابوں کا مطالعہ کرنے کے بعد کچھ احادیث کی صحت کے متعلق دل مطمئن نہ ہوا کیونکہ محترم محمد اقبال کیلانی صاحب نے صحت حدیث کے معاملہ میں زیادہ اعتماد شیخ محمد ناصر الدین البانی رحمہ اللہ کی تحقیق پر کیا ہے لہٰذا میں نے شیخ محمد ناصر الدین البانی صاحب کی سلسلة الاحاديث الصحيحة کی پہلی چھ جلدوں کا مطالعہ شروع کر دیا اور جن احادیث کی صحت پر دل مطمئن نہ تھا تحقیق کرنے پر وہ روایات واقعی ضعیف نکلیں گو کہ شیخ البانی رحمہ اللہ نے ان احادیث کو حسن یا صحیح کہا ہے بیشک شیخ البانی رحمہ اللہ اس دور کے بہت بڑے عالم دین، محقق اور محدث العصر تھے لیکن چونکہ وہ بھی انسان تھے لہٰذا بشری تقاضوں کی وجہ سے ان سے غلطیاں ہوئیں ہیں حالانکہ خود شیخ البانی رحمہ اللہ نے تقریباً (70) احادیث پر پہلے حسن یا صحیح ہونے کا حکم لگایا تھا پھر اپنی وفات سے پہلے ان (70) احادیث کو ضعیف کہا ہے اس طرح (197) احادیث کو ضعیف کہا ہے پھر اپنی وفات سے پہلے اپنے پہلے حکم سے رجوع کرتے ہوئے ان (197) احادیث کو حسن یا صحیح کہا ہے① بہرحال میں یہ سمجھتا ہوں کہ محترم علمائے کرام کا یہ فرض ہے کہ شیخ البانی رحمہ اللہ کی تحقیق کے علاوہ خود بھی ہر حدیث کی تحقیق کر کے پھر عوام الناس میں بیان کریں کیونکہ کتاب وسنت میں اور ہمارے سلف صالحین نے بغیر تحقیق کے حدیثِ رسول بیان کرنے کی مذمت کی ہے حدیث کی تحقیق کے بارے میں امام حاکم رحمہ اللہ کہتے ہیں:

---

① الاعلام بآخر احكام الالباني

"وكذلك جماعة من الصحابة والتابعين وأتباع التابعين ثم عن أئمة المسلمين كانوا يبحثون و ينقرون الحديث الى أن يصح لهم"①

اوراسی طرح صحابہ، تابعین اورتبع تابعین کی ایک جماعت اوران کے بعد دیگر ائمہ مسلمین کی ایک جماعت حدیث کے بارے میں بحث اور چھان بین کیا کرتی تھی یہاں تک کہ وہ حدیث ان کے لئے صحیح ثابت ہو جاتی (یا ضعیف)۔

مزید امام حاکم رحمہ اللہ کہتے ہیں:

"ثم العجب من جماعة جهلوا الآثار وأقاويل الصحابة والتابعين فتوهموا لجهلهم أن الاحاديث المروية عن رسول الله ﷺ كلها صحيحة وانكروا الجرح و التعديل جملة واحدة جهلاً منهم بالأخبار المروية عن رسول الله ﷺ و عن الصحابة و التابعين وأئمة المسلمين في ذلك."②

پھر تعجب ہے اس گروہ پر جو احادیث اور صحابہ وتابعین کے اقوال سے ناواقف ہے تو اس نے اپنی جہالت کی بنا پر یہ سمجھ رکھا ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے مروی سب احادیث صحیح ہیں اور اس نے جرح وتعدیل کا کلیۃً انکار کر دیا ہے اور اس (انکار) کا سبب اس کی حدیث رسول ﷺ صحابہ وتابعین اور ائمۃ المسلمین کے اقوال سے جہالت ہے۔

مگر آج ہمارا معاملہ بالکل اس کے برعکس ہے اگر ہمیں یہ بتا بھی دیا جائے کہ یہ حدیث صحیح نہیں بلکہ ضعیف ہے تو ہم اس بات کو قبول کرنے کے لئے تیار نہیں، حالانکہ صحیح اور ضعیف حدیث کی معرفت اسی طرح ضروری ہے جس طرح کہ رسول اللہ ﷺ کی اطاعت ضروری ہے چنانچہ امام بن عدی کہتے ہیں:

---

①معرفة علوم الحديث ص ١٥۔②المدخل الى الصحيح ص١٠٢

"فكما اوجب الله علينا طاعته اوجب علينا الاقتداء به و اتباع اثاره و سير رواية اخباره لعرفان صحيحها من سقيمها و قويها من ضعيفها"①

جس طرح اللہ نے ہم پر رسول اللہ ﷺ کی اطاعت فرض کی ہے اس طرح آپ کی اقتداء، آپ کے آثار کی اتباع اور آپ کی حدیث میں چھان بین بھی فرض کی ہے تا کہ صحیح روایات کو سقیم اور قوی کو ضعیف روایات سے معلوم کیا جا سکے۔

امام مسلم نے تو ضعیف حدیث کے ضعف کو نہ بیان کرنے والوں کی اور بغیر تحقیق کے حدیث بیان کرنے والوں کی بڑی شدید مذمت کی ہے یہاں تک کہ ان لوگوں کی اصلیت بھی واضح کی ہے۔امام مسلم رحمہ اللہ کہتے ہیں:

"جو شخص ضعیف حدیث کے ضعف کو جاننے کے باوجود بیان نہیں کرتا ہے تو وہ اپنے اس فعل کی وجہ سے گنہگار اور عوام الناس کو دھوکا دیتا ہے کیونکہ ممکن ہے کہ اس کی بیان کردہ احادیث کو سننے والا ان سب پر یا ان میں سے بعض پر عمل کرے اور یہ ممکن ہے کہ وہ سب احادیث یا ان میں سے اکثر احادیث جھوٹی ہوں اور ان کی کوئی اصل نہ ہو جب کہ صحیح حدیث اس قدر ہیں کہ ان کے ہوتے ہوئے ضعیف حدیث کی ضرورت ہی نہیں ہے بہت سے وہ لوگ جو ضعیف اور مجہول اسانید والی روایات کو جاننے کے باوجود بیان کرتے ہیں محض اس لئے کہ عوام الناس کے ہاں ان کی شہرت ہو اور یہ کہا جائے کہ اس کے پاس کتنی احادیث ہیں اور اس نے کتنی کتابیں تالیف کر دی ہیں اور جو شخص علم کے معاملے میں اس روش کو اختیار کرتا ہے اس کے لئے علم میں کچھ حصہ نہیں ہے اور اسے عالم کہنے کی بجائے جاہل کہنا زیادہ مناسب ہے۔"②

---

①الکامل فی ضعفاء الرجال ۱/۷۸ ②مقدمہ صحیح مسلم ۱/۵۸

لیکن ہمارے خطیب حضرات بڑی دیدہ دلیری سے بغیر تحقیق کے ضعیف حدیث بیان کرتے ہیں ان کے لئے رسول اللہ ﷺ کا یہ فرمان کافی ہے:

"كفى بالمرء كذباً ان يحدث بكل ما سمع"①

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آدمی کے جھوٹا ہونے کے لئے یہی کافی ہے کہ وہ جو بات سنے اس کو بیان کردے۔ امام حاکم اس حدیث کی تشریح میں کہتے ہیں:

"و قد صرح هذا الخبر بالتنبيه لمعرفة الصحيح من السقيم و تجنب روايات المجروحين اذا عرف المحدث وجد الجرح فيه" ②

اور اس حدیث میں اس بات پر تنبیہ ہے کہ صحیح روایات کو سقیم روایات سے معلوم کیا جائے اور مجروحین کی روایات سے اجتناب کیا جائے۔ خصوصاً جب کہ محدث کو ان میں کسی طرح کی جرح معلوم ہو۔

علاوہ ازیں جس شخص کو یہ علم ہو کہ جو حدیث بیان کر رہا ہے وہ ضعیف ہے تو ایسے شخص کو اپنے ایمان کی فکر کرنی چاہیے کیونکہ فرمان نبی ﷺ ہے:

"من حدث عني حديثا يرى انه كذب فهو احد الكاذبين"③

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو مجھ سے حدیث بیان کرے اور وہ خیال کرتا ہو کہ یہ جھوٹ ہے تو وہ خود جھوٹوں میں سے ایک جھوٹا ہے۔

اس حدیث کی تشریح میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے امام دارمی سے نقل کیا ہے کہ امام دارمی کہتے ہیں: جب آدمی کوئی ایسی حدیث بیان کرے جس کی رسول اللہ ﷺ سے کوئی اصل نہ ہو تو مجھے خطرہ ہے کہ کہیں وہ اس حدیث (کی وعید) میں داخل نہ ہو جائے۔④

---

❶مقدمہ صحیح مسلم ۲۸/۱۔ ❷المدخل الی الصحیح ص۱۰۹ ❸مقدمہ صحیح مسلم ۲۷/۱ ❹سنن ترمذی ۱۸۸/۳

حدیث کی تحقیق وضعف کے متعلق تابعی امام مجاہد نے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے کہ بشیر بن کعب عدوی، عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور حدیث بیان کرنے لگے اور کہنے لگے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں فرمایا: ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کان نہ رکھا ان کی طرف نہ دیکھا ان کو بشیر بولے اے ابن عباس رضی اللہ عنہ! تم کو کیا ہوا جو میری بات نہیں سنتے میں حدیث بیان کرتا ہوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اور تم سنتے نہیں، ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: کہ ایک وہ وقت تھا جب ہم کسی شخص سے یہ سنتے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں فرمایا تو اسی وقت اس طرف دیکھتے اور اپنے کان لگا دیتے پھر جب لوگوں نے اچھا اور برا طریقہ اختیار کرلیا ہے تب سے ہم ان سے وہی حدیث قبول کرتے ہیں جسے ہم جانتے ہیں۔ ①

حاصل کلام یہ ہے کہ فرمان نبی صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ، تابعین اور محدثین کے اقوال سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ حدیث کو چھان بین اور مکمل تحقیق کے بعد بیان کرنا چاہئے اور ضعیف وموضوع حدیث بیان نہیں کرنی چاہئے ورنہ خطیب حضرات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فیصلہ سن لیں۔

"من يقل علي ما لم اقل فليتبوا مقعده من النار" ②

جس شخص نے میری طرف ایسی بات منسوب کی جو میں نے نہیں کہی وہ اپنا ٹھکانہ دوزخ میں بنالے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ میری اس چھوٹی سی کاوش کو خطیب حضرات کے دل میں اتار دے تاکہ وہ صحیح احادیث ہی بیان کریں اور خوب تحقیق کرنے کے بعد بیان کریں۔ (آمین)

---

① مقدمہ صحیح مسلم ۱/۳۱. ② صحیح بخاری ۱/۵۳۱

راقم الحروف نے حدیث کی تحقیق وتخریج کا علم محدثین کی کتب اور اپنے استاد محترم شیخ الحدیث، محدث العصر حافظ زبیر علی زئی حفظہ اللہ تعالیٰ سے سیکھا ہے یعنی استاد محترم کی تصنیف کردہ کتابوں کا مطالعہ کر کے اور خطوط کے ذریعے اور بذریعہ فون اور ملاقات کر کے۔ اللہ تعالیٰ ان کے علم میں، عمر میں اور رزق میں برکت عطا فرمائے اور انہیں دشمنوں کی شرارتوں سے محفوظ فرمائے اور مزید دین کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

اہل علم سے گزارش ہے کہ وہ اس کتاب پر تنقیدی نگاہ ڈالیں تا کہ اس میں جو غلطیاں اور خامیاں ہوں تو ان شاء اللہ اسے دوسرے ایڈیشن میں درست کر دیا جائے۔

دعا ہے! کہ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو شرف قبولیت سے نوازے اور میرے لئے آخرت میں نجات کا ذریعہ بنائے۔ (آمین)

ابو محمد خرم شہزاد

تاریخ : 20-07-2008

فون : 0346-4442421

0322-8628066

1. ما من آدمي الافي راسه حكمة بيد ملك، فاذاتواضع قيل للملك: ارفع حكمته، واذا تكبر قيل للملك: ضع حكمته۔

''ہر آدمی کے سر میں قدر ومنزلت، جو فرشتے کے ہاتھ میں ہوتی ہے، پائی جاتی ہے۔ جب بندہ عاجزی اختیار کرتا ہے تو فرشتے سے کہا جاتا ہے کہ اس کی قدر ومنزلت کو بلند کر دے اور جب وہ تکبر کرتا ہے تو فرشتے کو کہا جاتا ہے کہ اس کی قدر ومنزلت کو پست کر دے۔''

1۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الاحاديث الصحيحة جلد 2 حدیث نمبر 538 ص 74 پر نقل کیا ہے اور حسن کہا ہے لیکن اس حدیث کے تمام طریق ضعیف ہیں۔

پهلا طريق:

اخرجه الطبراني في "المعجم الكبير" (1/182/3) من طريق سلام ابي منذر عن علي بن زيد عن يوسف بن مهران عن ابن عباسؓ عن رسول الله ﷺ قال: فذكره.

اس سند میں علی بن زید بن جدعان راوی ضعیف ہے۔

امام علی بن مدینی نے کہا: ضعیف ہے ① امام محمد بن سعد نے کہا: کثیر الحدیث تھا مگر ضعیف اور نا قابل حجت ہے ② امام احمد بن حنبل نے کہا: یہ کچھ بھی نہیں ہے ضعیف الحدیث ہے۔ امام یحییٰ بن معین نے کہا: ضعیف ہے، قابل حجت نہیں ہے اور کچھ بھی نہیں ہے۔ امام عجلی نے کہا: تشیع کی طرف مائل تھا اس میں کوئی حرج نہیں اس کی حدیث لکھی جائے اور قوی نہیں ہے۔ امام ابوزرعہ نے کہا: قوی نہیں ہے۔

---

① سوالات محمد بن عثمان بن ابی شیبة ص۵۷ ② طبقات ابن سعد ج ۴ حصہ ۷ ص ۱۷۱

امام ابو حاتم نے کہا: قوی نہیں ہے اس کی حدیث لکھی جائے اور قابل حجت نہیں۔ امام ترمذی نے کہا: صدوق ہے کبھی موقوف حدیث کو مرفوع بیان کر دیتا ہے۔ امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے۔ امام ابنِ خزیمہ نے کہا: برے حافظہ کی وجہ سے قابل حجت نہیں۔ امام حاکم نے کہا: محدثین کے نزدیک قابل اعتماد نہیں۔ امام حماد بن زید نے کہا: حدیث کو بدل دیتا تھا①

امام سفیان بن عیینہ نے کہا: ضعیف ہے۔ امام یزید بن زریع نے کہا: علی بن زید رافضی تھا۔ امام احمد بن حنبل نے کہا: ضعیف ہے۔ تشیع کی طرف مائل تھا اور قوی نہیں ہے۔ امام محمد بن اسماعیل بخاری نے کہا: قابل حجت نہیں ②

امام ابن حبان نے کہا: اس کو وہم ہو جاتا ہے اور اس کی روایات میں خطائیں زیادہ ہیں اپنے مشائخ سے منکر روایتیں بیان کی ہیں پس یہ ترک کر دیئے جانے کا مستحق ہے اور قابل حجت نہیں۔ ③

امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے ④ امام جوزجانی نے کہا: واہی الحدیث، ضعیف ہے اور اس کی حدیثیں قابل حجت نہیں ہیں ⑤ امام عقیلی نے علی بن زید کو ضعیف راویوں میں شمار کیا ہے ⑥ امام ذہبی نے بھی اسے ضعفاء میں شمار کیا ہے ⑦ نیز علی بن زید بن جدعان اختلاط کا شکار ہو گیا تھا ⑧

دوسرا طریق:

اس سند میں منھال بن خلیفہ راوی ضعیف ہے۔

---

① تہذیب التہذیب ۴/۳۰۳،۳۰۲ ② میزان الاعتدال ۳/۱۲۷،۱۲۸ ③ کتاب المجروحین ۲/۱۰۳ ④ تقریب التہذیب ص۲۴۶ ⑤ کتاب احوال الرجال ص ۱۱۴ ⑥ کتاب الضعفاء الکبیر ۳/۲۳۰ ⑦ المغنی فی الضعفاء ۲/۸۵ ⑧ نہایة الا غتباط ص۲۶۴

امام یحییٰ بن معین نے کہا: ضعیف الحدیث ہے① امام ابوحاتم نے کہا: نیک ہے اس کی حدیث لکھی جائے امام ابوبشر دولابی نے کہا: قوی نہیں ہے۔امام بخاری نے کہا: ,,فیہ نظر،،اور پھر کہا: اس کی حدیثیں منکر ہیں۔امام ابوداؤد نے کہا: جائز الحدیث ہے۔امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے اور قوی نہیں ہے۔ امام حاکم نے کہا: محدثین کے نزدیک قوی نہیں ہے② امام ابن حبان نے کہا: اپنے مشائخ سے منکر روایتیں بیان کرنے میں منفرد ہے اس سے احتجاج کرنا جائز نہیں③ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے④

تیسرا طریق:

علی بن حسن الشامی عن خلید بن دعلج عن قتادة عن انس مرفوعاً. (اخرجه ابن عساکر فی "مدح التواضع"ق2/1/89)

اول: اس سند میں قتادہ مدلس ہے⑤ اور اصول حدیث کی رو سے معنعن حدیث ضعیف ہوتی ہے⑥

دوم: دوسرا راوی خلید بن دعلج ضعیف ہے۔

امام علی بن مدینی نے کہا: ضعیف ہے⑦ امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں ہے⑧ امام احمد بن حنبل نے کہا: ضعیف الحدیث ہے⑨ امام یحییٰ بن معین نے کہا: ضعیف ہے کچھ چیز نہیں ہے۔ امام ابو حاتم نے کہا: نیک ہے حدیث میں قابل اعتماد نہیں ہے قتادہ سے منکر روایتیں بیان کی ہیں (مذکورہ روایت اس نے قتادہ سے ہی روایت کی ہے)

---

①تاریخ یحییٰ بن معین ۲/۲۱۶. ②تهذيب التهذيب ۵/۲۷۵ ③كتاب المجروحين ۳/۳۰ ④تقريب التهذيب ص۳۲۸ ⑤تعريف اهل التقديس ص۱۴۶/۱۴۷ والتدليس في الحديث ص۳۳۰، ۳۳۳ ⑥مقدمة ابن الصلاح ص۳۴ ⑦سوالات محمد بن عثمان بن ابی شيبة ص۱۵۷ ⑧كتاب الضعفاء و المتروكين ص ۲۸۹ ⑨كتاب الضعفاء الكبير ۲/۱۹

امام دارقطنی نے کہا: ثقہ نہیں ہے۔ امام ابو داؤد نے کہا: ضعیف ہے۔ امام ساجی نے کہا: محدثین کا اس کے ضعیف ہونے پر اجماع ہے① امام دارقطنی نے کہا: ضعیف ہے② امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے③ امام ذہبی نے کہا: قوی نہیں ہے④ امام احمد بن عبداللہ الخزرجی نے کہا: ضعیف ہے⑤ امام ابن حبان نے کہا: بہت زیادہ خطائیں کرنے والا تھا⑥

سوم: تیسرا راوی علی بن حسن شامی سخت ضعیف ہے۔

امام حاکم نے کہا: اس کی حدیثیں موضوع (جھوٹی) ہیں⑦ امام ابن عدی نے کہا علی بن حسن کی تمام حدیثیں باطل ہیں ان کی کوئی اصل نہیں ہے اور سخت ضعیف ہے⑧ امام ذہبی نے کہا: "هو في عداد المتروكين"⑨

چوتھا طریق:

زبير بن بكار حدثنا ابو ضمرة يعني انس بن عياض الليثي حدثنا عبيدالله بن عمر عن واقد بن سلامة عن يزيد الرقاشي عن انس مرفوعًا نحوه.

اول: اس سند میں یزید بن ابان الرقاشی سخت ضعیف، منکر الحدیث اور متروک ہے۔

امام علی بن مدینی نے کہا: ضعیف ہے⑩ امام محمد بن سعد نے کہا: ضعیف اور قدریہ تھا⑪

---

❶تهذيب التهذيب ٩٦،٩٥/٢ ❷ديوان الضعفاء والمتروكين ص١٢٢ ❸تقريب التهذيب ص٩٣ ❹المغني في الضعفاء ٣٢٢/١ ❺خلاصه تذهيب تهذيب الكمال ٢٩٣/١ ❻كتاب المجروحين ٢٨٥/١ ❼المدخل الى الصحيح ص١٦٧ ❽الكامل في ضعفاء الرجال ١٦٦/٢/٢ ❾ميزان الاعتدال ١٢٠/٣۔ ❿سوالات محمد بن عثمان بن ابي شيبة ص٤٨ ⓫طبقات ابن سعد ج ٢، حصيه ٧ ص ٢٦٣

امام نسائی نے کہا: متروک ہے (۱) امام بخاری نے کہا: امام شعبہ نے اس کے بارے میں کلام کیا ہے (۲) امام یحییٰ بن معین نے کہا: نیک آدمی تھا اس کی حدیث کچھ بھی نہیں ہے اور ضعیف ہے۔ امام یعقوب بن سفیان نے کہا: اس میں کمزوری ہے۔ امام ابوحاتم نے کہا: انس سے اس کی روایت کردہ حدیثیں ضعیف اور ان میں نظر ہے (مذکورہ روایت اس نے انس سے روایت کی ہے۔) امام حاکم نے کہا: متروک الحدیث ہے۔ امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں ہے (۳) امام احمد بن حنبل نے کہا: منکر الحدیث ہے امام فلاس نے کہا: قوی نہیں ہے۔ دارقطنی نے کہا: ضعیف ہے (۴) امام ابوزرعہ رازی نے اسے ضعفاء میں شمار کیا ہے (۵) امام ذہبی نے کہا: ضعیف ہے (۶) امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے (۷) امام یحییٰ بن سعید القطان اس سے روایت نہیں کرتے تھے (۸) امام عقیلی نے اسے ضعفاء میں شمار کیا ہے (۹)

دوم: دوسرا راوی واقد بن سلامۃ سخت ضعیف ہے۔ امام ابن حبان نے کہا: کم روایت بیان کرنے کے باوجود منکر الحدیث ہے ضعیف راویوں سے موضوع (جھوٹی) اشیاء روایت کرتا تھا (۱۰) امام بخاری نے کہا: اس کی حدیثیں صحیح نہیں ہیں (۱۱) امام عقیلی اور امام ابن الجارود نے اسے ضعفاء میں شمار کیا ہے (۱۲) امام ذہبی نے کہا: محدثین نے اسے ضعیف کہا ہے (۱۳) امام ابوزرعہ رازی نے اسے ضعفاء میں شمار کیا ہے (۱۴)

---

(۱) كتاب الضعفاء والمتروكين ص ۳۰۷ (۲) كتاب الضعفاء الصغير ص ۱۱۹ (۳) تهذيب التهذيب ۱۹۲/۲ (۴) ميزان الاعتدال ۴۱۸/۴ (۵) كتاب الضعفاء للرازي ۶۷۰/۲ (۶) الكاشف ۲۴۰/۳ (۷) تقريب التهذيب ص ۳۸۱ (۸) كتاب المجروحين ۹۸/۳ (۹) كتاب الضعفاء الكبير ۳۷۳/۴ (۱۰) كتاب المجروحين ۸۵/۳ (۱۱) كتاب الضعفاء الصغير ص ۱۱۲ (۱۲) لسان الميزان ۲۱۶/۶ (۱۳) المغني في الضعفاء ۴۹۱/۲ (۱۴) كتاب الضعفاء للرازي ۶۶۷/۲

ان چار طریق کی بنیاد پر علامہ البانی رحمہ اللہ نے اس حدیث کو حسن کہا ہے اور ان چار طریق کی حقیقت آپ کے سامنے ہے۔ واللہ اعلم

❀❀❀

2. کان رسول الله ﷺ یعرف بریح الطیب اذا اقبل.

''رسول اللہ ﷺ جب تشریف لاتے تو اپنی عمدہ خوشبو کی وجہ سے پہچانے جاتے تھے۔''

2۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانیؒ نے سلسلة الاحادیث الصحیحة جلد 5 حدیث نمبر 2137 ص 168 پر نقل کیا ہے اور حسن کہا ہے۔ لیکن اس حدیث کے تمام طرق ضعیف ہیں۔

پهلا طريق :

اخرجه ابن سعد (399/1) والدارمی (32/1) عن الاعمش عن ابراهيم قال فذكره.

اول: اس سند میں اعمش مدلس ہے ① لہذا یہ روایت معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

دوم: یہ روایت مرسل اور معضل ہے جو کہ محدثین کے نزدیک ضعیف ہے ② نیز ابراہیم النخعی کی عام روایات تابعین سے ہیں ③

---

① التدلیس في الحدیث ص ۳۰۱/۳۰۵ ② مقدمہ صحیح مسلم ۱/۳۲،۱۵ ③ تهذيب التهذيب ۱/۱۱۵

دوسرا طریق:

اخرجه ابن سعد من طريق ابی بشر البصری اخبرنا يزيد الرقاشی ان انس بن مالك رضی الله عنه حدثهم قال: كنا نعرف خروج النبی ﷺ بريح الطيب.

اول: اس سند میں یزید الرقاشی راوی سخت ضعیف، منکر الحدیث اور متروک ہے اس راوی پر جرح حدیث نمبر (1) چوتھے طریق کے تحت گزر چکی ہے لہٰذا وہی ملاحظہ فرمائیں۔

دوم: اس سند میں دوسرا راوی ابو بشر بصری معروف نہیں (مجہول ہے) ①

تیسرا طریق:

اخرجه الدارمی من طريق اسحاق بن الفضل بن عبدالرحمن الهاشمی انا المغيرة بن عطية عن ابی الزبير عن جابر ان النبیﷺ....

اول: اس سند میں ابو زبیر راوی مدلس ہے ② اور اصول حدیث کی رو سے معنعن روایت ضعیف ہوتی ہے۔

دوم: اس سند میں دوسرا راوی مغیرہ بن عطیہ مجہول ہے ③

سوم: اس سند میں تیسرا راوی اسحاق بن فضل شیعہ کے رجال میں سے ہے ④

---

① ميزان الاعتدال ۴/۴۹۵ ② تعريف اهل التقديس ص ۱۵۱/۱۵۲ و التدليس في الحديث ص ۳۴۱، ۳۴۵ ③ سلسلة الاحاديث الصحيحة ج۵، ح۲۱۳٤، ص۱۲۹ ④ لسان الميزان ۱/۳۶۸

چوتھا طریق:

اخـرجـه الـطبـرانی فی "الاوسط" ص 314مـن طـریـق بشر بن سیـحان ثنا عمر بن سعید الابح عن سعید بن ابی عروبة عن قتادة عن انس بن مالك به نحوه.

اول: یہ سند سعید بن ابی عروبہ اور قتادہ کی تدلیس کی وجہ سے ضعیف ہے کیونکہ دونوں مدلس ہیں۔①

دوم: سعید بن ابی عروبہ اختلاط کا شکار ہو گیا تھا② اور وفات سے دس سال پہلے ان کا حافظ خراب ہو گیا تھا③

سوم: دوسرا راوی عمر بن سعید الابح سخت ضعیف ہے۔

امام المحدثین امام بخاریؒ نے کہا: منکر الحدیث ہے④ امام ذہبی نے عمر بن سعید کو ضعفاء میں شمار کیا ہے⑤ امام ابن حبان نے اس پر جرح کی ہے اور امام ابن ابی حاتم نے کہا: قوی نہیں ہے⑥

❀❀❀

---

❶التدليس في الحديث ص٢٩٩، ٣٣٠ ❷الكواكب النيرات ص١٩٠ ❸تذكرة الحفاظ ١/٥٤١ ❹كتاب الضعفاء الكبير ٢٢/٣ او ميزان الاعتدال ٢٠٠/٣ ❺المغني في الضعفاء ١١٧/٢ ❻ديوان الضعفاء والمتروكين ص٢٩١.

3. ان حبشيا دفن بالمدينة فقال رسول الله ﷺ دفن في بالطينة التي خلق منها .

''جب ایک حبشی کو مدینہ (کے قبرستان) میں دفن کیا گیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس مٹی سے اس کو پیدا کیا گیا تھا، اسی میں اس کو دفن کر دیا گیا۔''

3۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الاحاديث الصحيحة جلد۴، حدیث نمبر 1858، صفحہ نمبر 473 پر نقل کیا ہے اور حسن کہا ہے لیکن اس حدیث کے تمام طرق ضعیف ہیں۔

پہلا طریق

رواه ابو نعيم في "اخبار اصبهان" ۲/۳۰۴ والخطيب في "الموضح" ۲/۱۰۴ عن عبدالله بن عيسى حدثنا يحيىٰ البكاعن ابن عمر رضي الله عنه مرفوعًا.

اول: اس سند میں یحییٰ بن مسلم ضعیف اور متروک الحدیث ہے امام یحییٰ بن سعید اس سے راضی نہیں تھے۔ امام احمد بن حنبل اور امام ابوداؤد نے کہا: ثقہ نہیں ہے۔ امام ابوزرعہ نے کہا: قوی نہیں۔ امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں۔ امام ابن حبان نے کہا: ثقہ راویوں سے معضل روایات بیان کرتا تھا اس سے احتجاج کرنا جائز نہیں۔ امام دارقطنی نے کہا: ضعیف ہے۔ امام الازدی نے کہا: متروک ہے① امام نسائی نے کہا: متروک الحدیث ہے② امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے③ امام ذہبی نے کہا: ضعیف ہے④ جمہور محدثین نے اس کو ضعیف کہا ہے⑤ امام یحییٰ بن معین نے کہا: ضعیف ہے⑥

---

① تهذيب التهذيب ٦/١٧٧ ② كتاب الضعفاء والمتروكين ص٣٠٧. ③ تقريب التهذيب ص ٣٧٩ ④ الكاشف ٣/٢٣٥ ⑤ المغني في الضعفاء ٢/٥٣٠ ⑥ تاريخ يحيىٰ بن معين ٢/٣٩٧

دوم: اس سند میں عبداللہ بن عیسی ضعیف اور منکر الحدیث ہے۔ امام ابوزرعہ رازی نے کہا منکر الحدیث ہے ① امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں ہے۔ امام ابن عدی نے کہا مضطرب الحدیث ہے اور قابل حجت نہیں ہے۔ امام ساجی نے کہا اس کے پاس منکر روایتیں ہیں ② امام عقیلی نے کہا اس کی اکثر حدیث میں مطابقت نہیں ہے ③ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا ضعیف ہے ④ امام ذہبی نے کہا محدثین نے اس کو ضعیف کہا ہے ⑤

دوسرا طریق

عبدالله بن جعفر بن نجيح ثنا ابی ثنا انيس بن ابی يحيىٰ عن ابيه عن ابی سعيد الخدری رضی الله عنه ان النبیؐ.

اول: اس حدیث کے الفاظ کچھ یوں ہیں آپ ﷺ نے مدینہ میں چندلوگوں کو قبر کھودتے دیکھا تو پوچھا یہ کس کی قبر ہے۔ انہوں نے جواب دیا کہ ایک حبشی تاجر تھا۔ مدینہ میں آیا اور یہیں فوت ہو گیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: لا الہ الا اللہ یہ اپنی زمین اور آسمان سے اس مٹی کی طرف چلایا گیا جس سے یہ پیدا ہوا تھا۔

اول: اس حدیث میں عبداللہ بن جعفر بن نجیح سخت ضعیف، منکر الحدیث اور متروک ہے۔ امام یحییٰ بن معین نے کہا: یہ کوئی چیز نہیں ہے۔ امام عمرو بن علی نے کہا: ضعیف الحدیث ہے۔ امام ابو حاتم نے کہا: سخت منکر الحدیث ہے اس نے ثقہ راویوں سے منکر حدیثیں روایت کی ہیں اس کی حدیث لکھی جائے لیکن قابل حجت نہیں ہے۔ امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں ہے امام ابن عدی نے کہا: اس کی تمام حدیث میں مطابقت نہیں کی گئی۔ امام عبدالرحمٰن بن مہدی نے اس کے بارے میں کلام کیا ہے۔

---

❶ كتاب الضعفاء للرازی ۵۲۹/۲ ❷ تهذيب التهذيب ۲۲۸/۳ ❸ كتاب الضعفاء الكبير ۲۸۶/۲ ❹ تقريب التهذيب ص ۱۸۴ ❺ الكاشف ۱۰۴/۲

امام یحییٰ بن معین اور امام عقیلی نے کہا ضعیف ہے ① امام علی بن مدینی نے کہا: میرا والد عبداللہ بن جعفر ضعیف ہے ② امام نسائی نے کہا: متروک الحدیث ہے ③ امام جوزجانی نے کہا: واہی الحدیث ہے ④ امام ابن عدی نے کہا: کچھ چیز بھی نہیں ⑤ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے ⑥ امام ذہبی نے کہا: اس کے ضعیف ہونے پر تمام محدثین متفق ہیں ⑦

دوم: دوسرے راوی ''ابی'' کے بارے میں علامہ البانی نے خود ہی وضاحت کردی ہے کہ ''لم اعرفہ'' میں اس کو نہیں پہچانتا (یعنی مجہول ہے) ⑧

تیسرا طریق:

اس روایت میں حدیث کے الفاظ کچھ یوں ہیں رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس سے گزرے ہم قبر کھود رہے تھے۔ فرمایا: کیا کر رہے ہو؟ ہم نے کہا۔ اس حبشی کی قبر کھود رہے ہیں، فرمایا: اس کی موت اس کو اس کی مٹی کی طرف لے آئی ہے۔ ابو اسامہ راوی نے کہا: تمھیں معلوم ہے کوفہ والوں میں یہ روایت کیوں بیان کر رہا ہوں۔ اس لئے کہ ابو بکر اور عمر رضی اللہ عنہما بھی رسول اللہ ﷺ کی مٹی سے پیدا ہوئے تھے۔

اول: اس حدیث میں احوص بن حکیم راوی ضعیف، منکر الحدیث اور ثقہ نہیں ہے۔ امام یحییٰ بن معین نے کہا: ثقہ اور مامون نہیں ہے ⑨ امام یحییٰ بن معین نے کہا: کچھ چیز نہیں ہے امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے۔

---

❶ تھذیب التھذیب ۱۱۲/۳ ❷ میزان الاعتدال ۲/ ۴۰۱ ❸ کتاب الضعفاء والمتروکین ص ۲۹۵ ❹ کتاب احوال الرجال ص ۱۱۰ ❺ خلاصہ تذھیب تھذیب الکمال ۲/ ۴۲ ❻ تقریب التھذیب ص ۱۷۰ ❼ المغنی فی الضعفاء ۱/ ۵۲۹ ❽ سلسلة الاحادیث الصحیحة ج۴ ص ۴۷۳۔ ❾ تاریخ یحیی بن معین ۲/ ۳۸۸

امام علی بن مدینی نے کہا، کچھ چیز نہیں ہے اس کی احادیث نہ لکھی جائیں ① امام یعقوب بن سفیان نے کہا: اس کی احادیث قوی نہیں ہیں۔ امام جوز جانی نے کہا: حدیث میں قوی نہیں ہے۔ امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں ہے۔ امام ابو حاتم نے کہا: قوی نہیں، منکر الحدیث ہے امام محمد بن عوف نے کہا: ضعیف الحدیث ہے۔ امام ابن حبان نے کہا: اس کی روایات معتبر نہیں۔ امام ساجی نے کہا: ضعیف ہے اور اس کے پاس منکر روایتیں ہیں ② امام ابن حبان نے کہا: مشائخ سے منکر روایتیں بیان کرتا تھا۔ امام یحییٰ بن سعید القطان نے اسے چھوڑ دیا تھا ③ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف الحفظ ہے ④

چوتھا طریق

اس میں حدیث کے الفاظ کچھ یوں ہیں۔ ہر انسان اسی مٹی میں دفن ہوتا ہے جس سے وہ پیدا کیا جاتا ہے۔ اس روایت کی سند یوں ہے:

حدثنا حسن بن علي بن زياد الرازي قال حدثنا ابراهيم بن موسى الفرا قال حدثنا هشام بن يوسف عن ابن جريج قال اخبرني عمر بن عطاء بن وراز عن عكرمة عن ابن عباس.......

اس سند میں عمر بن عطاء راوی ضعیف، ثقہ نہیں ہے۔

امام یحییٰ بن معین نے کہا: عمر بن عطاء بن وراز نے عکرمہ سے جو کچھ روایت کیا ہے وہ ضعیف ہے (مذکورہ روایت اس نے عکرمہ سے ہی روایت کی ہے) ⑤ امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے ⑥ امام ابوزرعہ رازی نے کہا: ضعیف الحدیث ہے ⑦

---

① ميزان الاعتدال ١/ ١٦٧ ② تهذيب التهذيب ١٢٣/١ ③ كتاب المجروحين ١/ ١٧٥ ④ تقريب التهذيب ص ٢٥ ⑤ تاريخ يحيى بن معين ٤٦/١ ⑥ كتاب الضعفاء والمتروكين ص ٣٠٠ ⑦ كتاب الضعفاء للرازي ٤١٧/٢

امام احمد بن حنبل نے کہا: حدیث میں قوی نہیں ہے۔ امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں ہے۔ امام ابن خزیمہ نے کہا: محدثین نے اس کے برے حافظہ کی وجہ سے اس کی حدیثوں میں کلام کیا ہے۔ امام یعقوب بن سفیان نے کہا: محدثین نے اس کو ضعیف کہا ہے ① امام یحییٰ بن معین نے کہا: کچھ چیز نہیں ہے ② امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ③ امام ذہبی نے کہا: "واہ" (یعنی سخت ضعیف ہے) ④ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے ⑤

پانچواں طریق

سند یوں ہے: **موسیٰ بن سھل بن ھارون عن اسحاق الازوق عن الثوری عن ابی اسحاق عن ابی الاحوص عن عبداللہ مرفوعًا.**

اس حدیث میں الفاظ کچھ یوں ہیں میں، ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہم تینوں ایک مٹی سے پیدا ہوئے ہیں اور اسی میں ہم دفن کئے جائیں گے۔

اوّل: اس سند میں سفیان ثوری اور ابی اسحاق مدلس ہیں ⑥

دوم: امام ابن حجر عسقلانی اور امام ذہبی نے مذکورہ حدیث نقل کرنے کے بعد کہا یہ روایت باطل ہے راقم کو موسیٰ بن سہل کا ترجمہ نہیں ملا ⑦

چوتھا اور پانچواں طرق راقم نے اضافہ کیا ہے۔ علامہ البانی رحمہ اللہ نے سلسلة الاحاديث الصحيحة میں انہیں نقل نہیں کیا علامہ البانی رحمہ اللہ نے پہلے تین طرق کی بنا پر اس حدیث کو حسن کہا ہے۔ مگر تمام طرق کی حقیقت آپ کے سامنے ہے۔

❁❁❁

---

① تهذيب التهذيب ٢٠٣/٤ ② ميزان الاعتدال ٢١٣/٣ ③ كتاب الضعفاء الكبير ١٨٠/٣ ④ الكاشف ٢٧٦/٢ ⑤ تقريب التهذيب ص ٢٥٦ ⑥ التدليس فى الحديث ص ٢٦٣، ٣٢٧ ⑦ لسان الميزان ١٢٠/٦، وميزان الاعتدال ٢٠١/٤

4. اكثروا الصلاة علي فان الله وكل بي ملكا عند قبري فاذا صلى علي رجل من امتي قال لي ذلك الملك : يا محمد! ان فلان بن فلان صلى عليك الساعة.

''مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو۔ اللہ تعالیٰ میری قبر پر ایک فرشتہ مقرر فرمائے گا۔ جب بھی میرا کوئی امتی مجھ پر درود بھیجے گا۔ تو یہ فرشتہ کہے گا۔ اے محمد ﷺ! فلاں بن فلاں نے ابھی آپ پر درود بھیجا ہے۔''

4۔ انتہائی ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانیؒ نے سلسلة الاحاديث الصحيحة جلد 4 حدیث نمبر 1530، ص 45,43 پر نقل کیا ہے اور حسن کہا ہے نیز محمد اقبال کیلانی نے بھی ''درود شریف کے مسائل'' ص 47 پر نقل کیا ہے اس روایت کی دو سندیں ہیں اور دونوں ہی سخت ضعیف ہیں بلکہ باطل ہیں۔

پہلا طریق

الديلمي 31/1/1 عن محمد بن عبدالله بن صالح المروزي حدثنا بكر بن خداش عن فطر بن خليفة عن ابي الطفيل عن ابي بكر الصديق مرفوعاً.

اول: اس سند میں بکر بن خداش مجہول الحال ہے۔ صرف امام ابن حبان نے اس کی توثیق کی ہے ① اور اہل علم سے یہ بات مخفی نہیں کہ اکیلے ابن حبان کی توثیق قابل قبول نہیں ہے۔ کیونکہ ابن حبان توثیق کرنے میں متساہل ہیں۔

---

① لسان الميزان 50/2

دوم: اس روایت میں دوسرا راوی محمد بن عبداللہ بن صالح المروزی بھی "لم اعرفه" (مجہول) ہے۔①

دوسرا طریق

نعیم بن ضمضم وفیه خلاف عن عمران بن الحمیری عن عمار بن یاسر مرفوعاً.

اول: اس سند میں عمران بن حمیری راوی مجہول ہے۔امام ذہبی کہتے ہیں: **عمران بن حمیری عن عمار بن یاسر "لا یعرف حدیثه"** یعنی اس کی حدیثیں معروف نہیں ہیں۔(مجہول ہیں) اور امام محمد بن اسماعیل بخاری نے کہا: احادیث میں اس کی مطابقت نہیں کی گئی② اور دوسرا راوی نعیم بن ضمضم مجہول الحال ہے۔پہلی سند میں دو راوی مجہول ہیں۔دوسری سند میں بھی دو راوی مجہول ہیں۔ان مجہول اسناد کی بنیاد پر علامہ البانی کا اس روایت کو حسن کہنا میری سمجھ سے باہر ہے۔جب کہ صحیح حدیث سے ثابت ہے کہ آپ ﷺ کا مقام جنت میں ہے اور وہاں پر آپ کا خوبصورت محل ہے۔

اس حدیث کو امام بخاری نے "صحیح بخاری" میں روایت کیا ہے۔آپ ﷺ کا قبر میں درود سننا اور اس کا جواب دینا۔ایسی روایات تمام کی تمام مردود اور باطل ہیں۔تفصیل انشاءاللہ آگے آرہی ہے۔



---

① سلسلة الاحاديث الصحيحة ج4، ح1530، ص44. ② ميزان الاعتدال 236/3

5. مامن احد يسلم علی،الاردالله علی روحی حتی اردعلیه السلام۔

''جب کوئی شخص مجھے سلام کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ میری روح واپس لوٹا تا ہے تا کہ میں (اس سلام کا) جواب دوں۔''

5۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ جلد 5، حدیث نمبر 2266، ص 338 پر نقل کیا ہے اور امام نووی کا قول نقل کیا کہ اس کی سند صحیح ہے۔ امام عراقی نے کہا اس کی سند جید ہے نیز محمد اقبال کیلانی نے ''درود شریف کے مسائل'' ص 32 پر نقل کیا ہے اور امام ابن تیمیہ نے ''الجواب الباھر فی زوار المقابر'' میں ص 19، 23، 118، 162 پر نقل کیا ہے۔

پہلا طریق

ابوداود 319/1، والبیھقی فی السنن 245/5، ومسند احمد 227/2، والطبرانی فی ''الاوسط'' (449)، عن عبداللہ بن یزید الاسکندرانی عن حیوۃ بن شریح عن ابی صخر عن یزیدبن عبداللہ بن قسیط عن ابی صالح عن ابی ہریرہ مرفوعاً۔

اول: میں نے یہ سند سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ میں جس طرح ہے اسی طرح نقل کی ہے۔ لیکن سنن ابی داؤد، البیہقی فی السنن، مسند احمد میں یہ سند اس طرح نہیں ہے۔ بلکہ سند یوں ہے۔ محمدبن عوف المقری وعبداللہ بن یزیدثنا حیوۃ بن شریح عن ابی صخر عن یزید بن عبداللہ بن قسیط عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ مرفوعاً۔

یہ روایت منقطع ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے کیونکہ یزید بن عبداللہ بن قسیط کی

وفات 122ھ میں ہوئی ① اور اس کی عام روایات تابعین سے ہیں اس روایت میں اس نے سماع کی تصریح نہیں کی۔

دوم: الطبرانی فی ''الاوسط'' (449) میں سند یوں ہے۔

بکر عن مهدی بن جعفر الرملی عن عبدالله بن یزید عن حیوة بن شریح عن ابی صخر عن یزیدبن عبدالله بن قسیط عن ابی صالح عن ابی هریرة رضی الله عنه مرفوعاً.

یہ سند (پہلے دو راوی چھوڑ کر) علامہ البانی نے **سلسلة الاحادیث الصحیحة** میں نقل کی ہے۔ لیکن علامہ البانی نے پہلے دو راوی حذف کر کے سند نقل کی ہے علامہ البانی نے ایسا کیوں کیا۔ یہ اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔ مگر حقیقت یہ ہے اس سند میں امام طبرانی کا استاد بکر بن سہل ضعیف ہے ② اور دوسرا راوی مہدی بن جعفر الرملی بھی ''مختلف فیہ'' ہے۔

معلوم ہوتا ہے کہ یہ ساری کارستانی ضعیف راوی بکر بن سہل کی ہے جس نے یزید بن عبداللہ بن قسیط عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ کو بدل کر یزید بن عبداللہ بن قسیط عن ابی صالح عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ کر دیا ہے تاکہ سند میں انقطاع کا شبہ نہ رہے اب کچھ مہدی بن جعفر الرملی کے بارے میں پیش خدمت ہے۔

امام یحییٰ بن معین نے کہا: اس میں کوئی حرج نہیں۔ امام ابن عدی نے کہا: ثقہ راویوں سے ایسی چیزیں روایت کرتا ہے جس کی مطابقت نہیں کی گئی اور امام محمد بن اسماعیل بخاری نے کہا: اس کی حدیثیں منکر ہیں ③

---

① تهذيب التهذيب ٦/ ٢١٢ ② لسان الميزان ٢/ ٥١ ③ ميزان الاعتدال ٤/ ١٩٥.

امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: "صدوق لہ اوھام"① امام ذہبی نے کہا: اس کی حدیث منکر ہے② امام یحییٰ بن معین نے کہا: ثقہ ہے امام صالح بن محمد نے کہا: اس میں کوئی حرج نہیں③

❁❁❁

6. ان من افضل ايامكم يوم الجمعة فيه خلق آدم، و فيه قبض، و فيه النفخة، و فيه الصعقة فاكثر واعلي من الصلاة فيه صلاتكم معروضة علي قال فقالوا، يا رسول الله صلى الله عليه وسلم و كيف تعرض صلاتنا عليك وقد ارمت؟يقولون بليت فقال، ان الله حرم على الارض اجساد الانبياء.

"سب دنوں میں سے جمعہ کا دن افضل ہے اسی روز آدم علیہ السلام پیدا کیے گئے اسی روز ان کی روح قبض کی گئی اسی روز صور پھونکا جائے گا اسی روز اٹھنے کا حکم ہوگا لہٰذا اس روز مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو تمہارا درود میرے سامنے پیش کیا جاتا ہے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کی وفات کے بعد آپ کی ہڈیاں بوسیدہ ہو چکی ہوں گی یا یوں کہا کہ آپ کی وفات کے بعد آپ کا جسم مبارک مٹی میں مل چکا ہوگا تو پھر ہمارا درود آپ کے سامنے کیسے پیش کیا جائے گا؟ آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے انبیاء کے جسم زمین پر حرام کر دیئے ہیں۔"

6۔ سخت ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الاحاديث الصحيحة جلد 4 حدیث نمبر 1527،

---

① تقريب التهذيب ص ٣٤٩ ② المغني في الضعفاء ٢/ ٤٣٥ ③ تهذيب الكمال ١٨/ ٤٢٤

ص 32 پر نقل کیا ہے اور اسی مفہوم کی دوسری حدیث کو سلسلة الا حادیث الصحیحة جلد 3، حدیث نمبر 1407، ص 397 پر نقل کر کے حسن کہا ہے ۔امام ابن تیمیہ نے "الجواب الباهر في زوار المقابر" ص 19 پر نقل کیا ہے اسی طرح محمد اقبال کیلانی نے "درود شریف کے مسائل" ص 48 پر نقل کر کے علامہ البانی سے صحیح ہونے کا حکم لگایا گیا ہے۔اس کے علاوہ امام نووی نے "ریاض الصالحین" میں اس حدیث کو نقل کر کے صحیح کہا ہے۔نیز 5 جلدوں والی مشکوۃ مع تخریج میں بھی اس حدیث کو صحیح یا حسن تسلیم کیا ہے۔

النسائی کتاب الجمعه باب ذکر فضل یوم الجمعه، و سنن ابی داؤد کتاب الصلو ة باب تفریع ابواب الجمعه. و سنن ابن ماجة کتاب اقامة الصلوة والسنة باب فی فضل الجمعة، و سنن الدارمی کتاب الصلا ة باب فی فضل الجمعة، و سنن الکبریٰ للبیهقی کتاب الجمعة ما یؤمر به فی لیلة الجمعة ویومها من کثرة الصلاة علی رسول الله، و مسند احمد ۴/ ۸، و صحیح ابن خزیمة جماع ابواب فضل الجمعة باب فضل الصلا ة علی النبی یوم الجمعة ، و صحیح ابن حبان باب الادعیة ذکر بان صلا ة من صلی علی النبی من امته تعرض علیه فی قبره، و مصنف ابن ابی شیبه کتاب الجمعة باب فی فضل الجمعة و یو مها۔

پہلا طریق

ان تمام کتب احادیث میں جو سند ہے اس کا مرکزی راوی عبدالرحمٰن بن یزید بن جابر ہے اور امام محمد بن اسماعیل بخاری سمیت دیگر محدثین نے کہا ہے کہ یہ ابن جابر نہیں بلکہ عبدالرحمٰن بن یزید بن تمیم ہے [1]

---

[1] تهذیب التهذیب ۳/ ۲۳۵ و تاریخ الاوسط، ۲/ ۹۲

عبدالرحمٰن بن یزید راوی سخت ضعیف، متروک اور منکر الحدیث ہے۔ امام ابوزرعہ رازی نے کہا: ضعیف ہے ① امام محمد بن اسماعیل بخاری نے کہا: منکر الحدیث ہے ② امام نسائی نے کہا: متروک الحدیث ہے ③ امام ابن حبان نے کہا: ثقہ راویوں سے ایسی حدیثیں روایت کرنے میں منفرد ہے۔ جوان کی روایت کے مشابہ نہیں ہوتیں بہت وہم اور غلطیاں کرنے والا تھا ④ امام ابو اسامہ نے کہا: ضعیف ہے۔ امام دحیم نے کہا: منکر الحدیث ہے۔ امام یحییٰ بن معین نے کہا: ضعیف ہے۔ امام ابو حاتم نے کہا: ضعیف الحدیث ہے۔ امام ابوداوَد نے کہا: متروک الحدیث ہے۔ امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں۔ امام دارقطنی نے کہا: متروک اور ضعیف ہے ⑤ امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے۔ امام احمد بن حنبل اور امام ابن عدی نے کہا: ضعیف ہے ⑥ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے ⑦

دوسرا طریق

اخرجه الحاكم فى المستدرك ۲/۴۲۱، البيهقى فى حياة الانبياء فى قبورهم، ص ۲۸، من طريق الوليد بن مسلم حدثنى أبو رافع عن سعيد المقبرى عن ابى مسعود الانصارى مرفوعاً.

اس روایت کی سند میں اسماعیل بن رافع منکر الحدیث، متروک الحدیث اور قابل حجت نہیں ہے۔ امام یحییٰ بن معین نے کہا: ضعیف الحدیث ہے ⑧ اور کچھ چیز نہیں ہے ⑨ امام یعقوب بن سفیان نے کہا: **''فيهم ضعف ليسو المتروكين ولا يقوم حديثهم مقام الحجة''** ⑩

---

❶ كتاب الضعفاء للرازى ۲/ ۲۶۴ ❷ تاريخ الصغير ۲/ ۱۰۹ ❸ كتاب الضعفاء والمتروكين ص ۲۹۶ ❹ كتاب المجروحين ۲/ ۵۵ ❺ تهذيب التهذيب ۳/ ۴۳۵۔
❻ المغنى فى الضعفاء ۱/ ۲۱۷ ❼ تقريب التهذيب ص ۲۱۱ ❽ سوالات ابن الجنيد، ص ۱۶۷ ❾ تاريخ يحيىٰ بن معين، ۱/ ۵۲ ❿ المعرفة والتاريخ ۳/ ۱۵۷

امام احمد بن حنبل نے کہا: وہ ضعیف، منکر الحدیث ہے① امام دارقطنی نے اس کا ذکر "الضعفاء والمتروکون" میں کیا ہے② امام نسائی نے کہا: متروک الحدیث ہے③ امام ابن حبان نے کہا: **کان رجلا صالحا، الا انه يقلب الاخبار حتى صار الغالب على حديثه المناكير التى تسبق الى القلب انه كان كا لمتعمدلها** ④ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے⑤ امام عمرو بن علی نے کہا: منکر الحدیث ہے۔ امام ترمذی نے کہا: بعض اہل علم (محدثین) نے اس کو ضعیف کہا ہے۔ امام نسائی نے کہا: ضعیف اور ثقہ نہیں اور امام ابن خراش اور امام دارقطنی نے کہا: متروک ہے۔ امام ابن سعد نے کہا: وہ کثیر الحدیث ضعیف تھا۔ امام عجلی نے کہا: ضعیف الحدیث ہے۔ امام حاکم ابو احمد نے کہا: محدثین کے نزدیک قوی نہیں ہے۔ امام علی بن جنید نے کہا: متروک ہے۔ امام بزار نے کہا: وہ ثقہ نہیں ہے اور نہ قابل حجت ہے اور امام ابن جارود، ابن عبدالبر، امام ابن حزم اور امام خطیب بغدادی نے اس کو ضعیف کہا ہے⑥ امام ابن عدی نے کہا: "**احاديثه كلها مما فيه نظر، الا أنه يكتب حديثه فى جملة الضعفاء**"⑦ امام ذہبی نے کہا: محدثین نے اس کو سخت ضعیف کہا ہے⑧ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا ہے: "**ضعيف الحفظ**"⑨

تیسرا طریق

البيهقى فى "السنن" ۳/۲۴۹، عن عبدالرحمٰن بن سلام انبأ ابراهيم بن طهان

---

❶ الضعفاء والكذابين، ص ۵۳ ❷ الضعفاء والمتروكون للدارقطني، ص ۱۳۵ ❸ كتاب الضعفاء والمتروكين، ص ۲۸۴ ❹ كتاب المجروحين، ۱/۱۲۴ ❺ كتاب الضعفاء الكبير، ۱/۷۷ ❻ تهذيب التهذيب، ۱/۱۸۸ ❼ الكامل فى الضعفاء الرجال ۱/۲۵۴ ❽ المغنى فى الضعفاء ۱/۱۲۱ ❾ تحرير تقريب التهذيب ۱/۱۳۲

عـن أبـي اسـحـاق عـن أنس مرفوعاً. اس طرق میں ابواسحاق السبیعی راوی اختلاط کا شکار ہو گیا تھا① اور مدلس ہے② عن سے روایت کر رہا ہے لہٰذا یہ روایت معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

چوتھا طریق

أخرجه ابن عدی،۲/۱۲۹،درست بن زياد القشيری عن يزيد الرقاشي عن أنس مرفوعاً.

اول: اس سند میں درست بن زیاد القشیری راوی واہی الحدیث اور منکر الحدیث ہے۔ وضاحت پیش خدمت ہے۔

امام المحدثین امام بخاری نے کہا: ''حـديثـه لـيـس بـا لقائم'' ③ امام ابن حبان نے کہا: ''وكـان مـنكر الحديث جدا،يروى عن مطر و غيرها أشياء تتخايل الى مـن يسمعها أنها موضوعة لا يحل الا حتجاج بحبره'' ④ امام نسائی نے کہا: قوی نہیں ہے⑤ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے⑥ امام یحییٰ بن معین نے کہا: وہ کچھ چیز نہیں ہے اور امام ابوزرعہ نے کہا: وہ واہی الحدیث ہے اور امام ابوحاتم نے کہا: ''حـديثـه لـيـس بـالقائم،عامة عن يزيد الرقاشي، ليس يمكن أن يعتبر بحديثه'' امام دارقطنی اور امام ابوداؤد نے کہا: ضعیف ہے⑦ امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے⑧ اور ابن حجر عسقلانی نے کہا: وہ ضعیف ہے⑨

---

❶ الـكـواكـب الـنيرات،ص ۳۴۱،ونهاية الاغتباط،ص ۲۷۳ ❷ الـفـتـح الـمـبـين فـی تحقيق طبـقـات الـمـدلسين،ص ۵۸ ❸ كـتـاب الـضـعـفـاء لـلـبـخـاری،ص ۴۰ ❹ كـتـاب الـمـجـروحين، ۱/۲۹۳ ❺ كـتـاب الـضـعـفـاء والمتروكين،ص ۲۸۹ ❻ كـتـاب الـضـعـفـاء الـكـبـيـر ۲/۴۵ ❼ تهـذيـب التهـذيـب، ۲/۱۲۴۔۱۲۵ ❽ الـمـغـنـی فـی الـضـعـفـاء، ۱/۲۳۷ ❾ تـحـريـر تـقـريـب الـتـهـذيـب، ۱/۳۸۰

دوم: اس سند میں دوسرا راوی یزید الرقاشی منکر الحدیث متروک الحدیث اور نا قابل حجت ہے اس راوی پر جرح حدیث نمبر (1) میں چوتھے طرق کے تحت گزر چکی ہے لہٰذا وہی ملاحظہ فرمائیں۔

پانچواں طریق

اخرجه الشافعي(رقم ۱۴۳۱):أخبرنا ابراهيم بن محمد أخبرني صفوان بن سليم أن رسول الله ﷺ قال:

اول: یہ سند مرسل ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے کیونکہ صفوان بن سلیم تابعی ہے ①

دوم: اس سند میں ابراھیم بن محمد بن ابی یحیٰی راوی مدلس ہے ② نیز متروک منکر الحدیث اور کذاب ہے، وضاحت پیش خدمت ہے۔

امام علی بن مدینی نے کہا: وہ کذاب اور قدری تھا③ امام نسائی نے کہا متروک الحدیث ہے ④ امام یحیٰی بن معین نے کہا: وہ کچھ چیز نہیں ⑤ اوراس کی حدیث نہ لکھی جائے ⑥ پھر امام ابن معین نے کہا: وہ ثقہ نہیں ہے وہ کذاب اور رافضی قدری تھا⑦ امام المحدثین امام بخاری کہتے ہیں: ''**قال يحيىٰ بن سعيد: كنا نتهم ابراهيم بالكذب،تركه ابن المبارك والناس**''⑧

امام مالک بن انس نے کہا: وہ دین میں ثقہ نہیں۔امام ولید بن شجاع نے کہا: وہ بعض سلف کو گالیاں دیتا تھا اور امام احمد بن حنبل نے کہا: وہ قدری جہمی تھا اس میں تمام بلائیں ہیں اور لوگوں (محدثین) نے اس کی حدیث کو ترک کر دیا تھا۔امام یزید بن ہارون نے کہا: وہ جھوٹا

---

① تهذيب التهذيب،۲/۵۵۳ ② الفتح المبين في تحقيق طبقات المدلسين،ص۴۷ ③ سوالات محمد بن عثمان بن ابی شيبة،ص۱۲۴ ④ كتاب الضعفاء والمتروكين،ص۲۸۳ ⑤ سوالات ابن الجنيد،ص۲۲ ⑥ تاريخ يحيىٰ بن معين ۱/۴۷ ⑦ كتاب الضعفاء الكبير،۱/۶۲ ⑧ التاريخ الاوسط للبخاری،۲/۱۸۵

تھا① امام جوزجانی نے کہ: "**فیہ ضروب البدع،فلا یشغل بحدیثه فانه غیر مقنع ولا حجة**" ② امام عجلی نے کہا: وہ رافضی جہمی تھا اس کی حدیث نہ لکھی جائے ③ امام ابونعیم نے کہا: "**کان یری القدر،ترك حدیثه لکذبه ووهائه لا لفساد مذهبه**" ④ امام ابن شاھین نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ⑤ امام دارقطنی نے کہا: وہ ضعیف اور متروک الحدیث ہے ⑥ امام ابن حبان نے کہا: "**کان ابراهیم یری القدر و یذهب الی کلام جهم و یکذب مع ذالك فی الحدیث**" ⑦ امام یعقوب بن سفیان نے کہا: وہ متروک الحدیث ہے ⑧ امام نسائی نے کہا: وہ ثقہ نہیں ہے اور اس کی حدیث نہ لکھی جائے امام ابن سعد نے کہ: "**کان کثیر الحدیث ترك حدیثه لیس یکتب**" اور امام ابواحمد نے کہا: وہ حدیث میں گیا گزرا ہے۔ امام ابوزرعہ نے کہا: وہ کچھ چیز نہیں اور امام بزار نے کہا: وہ حدیث گھڑتا تھا ⑨ امام ذہبی نے کہا: وہ جمہور محدثین کے نزدیک متروک ہے ⑩ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: وہ متروک ہے ⑪

چھٹا طریق

رواه ابن أبی حاتم فی "العلل" ۱/۲۰۵،من طریق سعید بن بشیر عن قتادہ عن أنس مرفوعاً.

اول: اس سند میں قتادہ راوی مشہور مدلس ہے ⑫ اور عن سے روایت کر رہا ہے نیز امام ابن ابی حاتم نے اس روایت کو ذکر کرنے کے بعد اپنے باپ امام ابوحاتم سے نقل کیا ہے کہ یہ حدیث اس سند سے منکر (ضعیف) ہے۔

---

❶ کتاب الضعفاء الکبیر، ۱/۶۳۔۶۴ ❷ کتاب احوال الرجال،ص ۱۲۸ ❸ تاریخ الثقات،ص ۵۵۔۵۶ ❹ کتاب الضعفاء لا بی نعیم،ص ۵۶ ❺ الضعفاء والکذابین،ص ۴۷ ❻ سنن الدار قطنی، ۱/۲۲،۳/۱۳۵ ❼ کتاب المجروحین، ۱/۱۰۵ ❽ المعرفه والتاریخ، ۳/۲۱۰ ❾ تهذیب التهذیب، ۱/۱۰۳۔۱۰۴ ❿ دیوان الضعفاء والمتروکین،ص ۲۰ ⓫ تحریر تقریب التهذیب، ۱/۹۸ ⓬ الفتح المبین فی تحقیق طبقات المدلسین،ص ۵۸۔۵۹

دوم: اس سند میں سعید بن بشیر راوی منکر الحدیث متروک اور ضعیف ہے، وضاحت پیش خدمت ہے۔

امام المحدثین امام بخاری نے کہا: "یتکلمون فی حفظه" ① اور امام نسائی نے کہا: وہ ضعیف ہے ② امام یحییٰ بن معین نے کہا: وہ کچھ چیز نہیں ہے ③ اور ضعیف ہے ④ امام علی بن مدینی نے کہا: وہ ضعیف تھا ⑤ امام دارقطنی نے کہا: وہ حدیث میں قوی نہیں ہے ⑥ امام ابو مسہر نے کہا: وہ ضعیف منکر الحدیث تھا ⑦ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے اور امام عمرو بن علی سے نقل کیا ہے کہ امام عبدالرحمٰن بن مہدی نے اس کو ترک کر دیا تھا ⑧ امام ابن حبان نے کہا: وہ ردی الحفظ فاحش الخطاء تھا اور قتادہ سے روایت کرتا ہے جس میں اس کی مطابقت نہیں کی گئی ⑨ امام ابن شاھین نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ⑩ امام محمد بن عبداللہ بن نمیر نے کہا: وہ منکر الحدیث اور کچھ چیز نہیں وہ حدیث میں قوی نہیں ہے اور قتادہ سے منکر روایتیں بیان کی ہیں (مذکورہ روایت سعید بن بشیر عن قتادہ ہی ہے) امام حاکم ابواحمد نے کہا: وہ محدثین کے نزدیک قوی نہیں ہے۔ امام ساجی نے کہا: وہ قتادہ سے منکر حدیثیں روایت کرتا تھا ⑪ امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ⑫ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: وہ ضعیف ہے ⑬

ساتواں طریق

أخرجه البيهقي في السنن الكبرى، ٢٤٩/٣، وحياة أنبياء في قبورهم، ص٢٩، من طريق وأخبرنا علي بن احمد عبدان الكاتب ثنا احمد بن عبيد الصفار ثنا الحسن بن سعيد ثنا ابراهيم بن الحجاج ثنا حماد بن

---

① كتاب الضعفاء للبخاري، ٤٥ ② كتاب الضعفاء والمتروكين، ص٢٩٤ ③ تاريخ يحيى بن معين، ٧٤/٢ ④ تاريخ عثمان بن سعيد الدارمي، ص٥٠ ⑤ سوالات محمد بن عثمان بن ابي شيبه، ص١٥٧ ⑥ سنن الدار قطني، ١٣٥/١ ⑦ المعرفته والتاريخ، ٧٥/٢ ⑧ كتاب الضعفاء الكبير، ١٠١/٢ ⑨ كتاب المجروحين، ٣١٩/١ ⑩ الضعفاء والكذابين، ص٩٨ ⑪ تهذيب التهذيب، ٢٩١/٢، ٢٩٢ ⑫ المغني في الضعفاء، ٣٩٧/١ ⑬ تقريب التهذيب، ص١٢٠

سلمة عن برد بن سنان عن مکحول الشامي عن أبي أمامة مرفوعاً.

اول: یہ سند منقطع ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے کیونکہ امام مکحول کا ابی امامہ رضی اللہ عنہ سے سماع ثابت نہیں ہے ①

دوم: اس سند میں حماد بن سلمہ سے روایت کرنے والا ابراھیم بن حجاج ہے اور حماد بن سلمہ آخری عمر میں اختلاط کا شکار ہو گئے تھے ② اور ابراھیم بن حجاج کا حماد بن سلمہ سے قبل از اختلاط سننا ثابت نہیں ابراھیم بن حجاج نے حماد بن سلمہ سے اختلاط کے بعد سنا ہے اور اصول حدیث کی رو سے بعد از اختلاط روایت ضعیف ہوتی ہے لہٰذا یہ روایت منقطع ہونے اور حماد بن سلمہ کے مختلط ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے ساتویں طرق کا اضافہ راقم الحروف نے کیا ہے شیخ البانی نے یہ طرق نقل نہیں کیا۔

تنبیه: اس حدیث کے بعض جملے دوسری صحیح حدیث سے ثابت ہیں وضاحت پیش خدمت ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس سب سے اچھے دن میں سورج طلوع ہوتا ہے وہ جمعہ کا دن ہے اسی میں اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا، اسی دن وہ جنت میں پہنچے،، اسی دن وہاں سے نکالیں گے اور قیامت بھی جمعہ کے روز ہی آئے گی۔ (صحیح مسلم، کتاب الجمعة، باب فضل یو م الجمعة) نیز یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ تمام انبیاء کرام اور اولیاء اللہ (توحید پرست) کے جسم اپنی قبروں میں صحیح سلامت ہیں اور ان کی روحیں جنت کے اعلیٰ مقام میں ہیں اللہ تعالیٰ اُن کو رزق دیتا ہے۔

7. ما خير عمار بين امرين الااختار ارشد هما.

"جب بھی عمار رضی اللہ عنہ کو دو امور میں سے ایک کو انتخاب کرنے کا اختیار دیا گیا تو انھوں نے انتہائی ہدایت والے معاملے کو اختیار کیا۔"

7۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الاحادیث الصحیحة جلد 2، حدیث نمبر 835، ص 489 پر نقل کیا ہے اور صحیح کہا ہے لیکن اس کے دو طرق ہیں اور دونوں ہی ضعیف ہیں۔

① کتاب المراسیل، ص ۲/۲ ② تحریر تقریب التهذیب، ۱/۳۱۸، ۳۱۹

پهلا طریق

اخرجه ترمذی ۴/ ۳۴۵، و ابن ماجه ۱/ ٦٦، و الحاكم ۳/ ۳۸۸، والخطيب ۱۱ / ۲۸۸ من طريق عبدالعزيز بن سياه عن حبيب بن ابی ثابت عن عطا بن يسار عن عائشه رضی الله عنها مرفوعًا۔

اس سند میں حبیب بن ابی ثابت راوی مدلس ہے ① اور عن سے روایت کر رہا ہے لہذا یہ سند معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

دوسرا طریق

اخرجه الحاكم ۳ / ۳۸۸، و مسند احمد ۱ / ۳۸۹، ۴۴۵، عن عمار بن معاوية الدهنی عن سالم بن ابی الجعد الاشجعي عن عبدالله بن مسعود رضی الله عنه مرفوعًا.

اول: اس سند میں سالم بن ابی الجعد راوی مدلس ہے ② اور عن سے روایت کر رہا ہے لہذا یہ سند بھی ضعیف ہے۔

دوم: یہ سند منقطع بھی ہے امام احمد بن حنبل اور امام علی بن مدینی کہتے ہیں: سالم بن ابی الجعد کی عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ملاقات نہیں ہوئی ③

✿✿✿

---

① التدليس فی الحديث ص ۲۸۹، ۲۹۰، و تعريف اهل التقديس ص ۱۳۲ ② التدليس فی الحديث ص ۲۹۸، ۲۹۹ ③ كتاب المراسيل ص ۸۰، وكتاب العلل لابن المدينی ص ۶۳، و جامع التحصيل ص ۱۷۹، و تحفة التحصيل ص ۱۲۰

8. اذا ذكر اصحابي، فامسكوا، واذاذكر النجوم، فامسكوا، واذا ذكر القدر فامسكوا.

''جب میرے صحابہ رضی اللہ عنہم کا تذکرہ ہوتو خاموش رہنا، جب ستاروں کا ذکر ہوتو خاموش رہنا اور جب تقدیر کے مسئلے کا ذکر ہوتو خاموش رہنا۔''

8۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کوعلامہ البانی نے **سلسلة الاحاديث الصحيحة** جلداول قسم اول، حدیث نمبر 34، ص75 پرنقل کیا ہےاور امام عراقی اور امام ابن حجر عسقلانی سے نقل کیا ہے کہ یہ حدیث حسن ہے یہ حدیث اپنے تمام طرق کے ساتھ ضعیف ہے وضاحت پیش خدمت ہے۔

پہلا طریق

اخرجه الطبراني في الكبير ٢/ ٧٨/٢، و ابو نعيم في الحلية ٣/ ١٠٨ من طريق الحسن بن علي الفسوی نا سعيد بن سلمان نا مسهر بن عبدالملك بن سلع الهمدانی عن الاعمش عن ابی وائل عن عبدالله مرفوعًا.

اول: اس روایت کی سند میں الاعمش راوی مدلس ہے① عن سے روایت کر رہا ہے لہٰذا معنعن ہونے کی وجہ سے یہ سند ضعیف ہے۔

دوم: سند میں دوسرا راوی مسہر بن عبدالملک بن سلع ضعیف ہے امام محمد بن اسماعیل بخاری نے کہا ''فیہ بعض النظر'' ② امام نسائی نے کہا: قوی نہیں ہے ③ امام ذہبی نے کہا: ''لیس بذالک القوی'' ④ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: لین الحدیث ہے ⑤

---

❶ التدليس في الحديث ص ٣٠١ ❷ التاريخ الاوسط ٢/ ١٩٢، و التاريخ الصغير ٢/ ٢٥٠ ❸ميزان الاعتدال ٤/ ١١٣ ❹ ديوان الضعفاء والمتروكين ص ٣٨٧ ❺ تقريب التهذيب ص ٣٣٧

سوم: حسن بن علی الفسوی راوی بھی قابل غور ہے۔

دوسرا طریق

اللالکائی فی شرح اصول السنة ۲۳۹/۱ من الکواکب۵۷۶، وابن عساکر ۱۴/ ۱۵۵/۲، عن النضر ابی قحذم عن ابی قلابة عن ابن مسعود مرفوعًا.

اول: اس روایت کی سند منقطع ہے کیونکہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی وفات ۳۲ ہجری میں ہوئی ① ابی قلابہ کی ابن مسعود سے ملاقات نہیں ہوئی ② ابی قلابہ ۱۰۶ ہجری میں فوت ہوئے ③

دوم: النضر ابوقحذم راوی سخت ضعیف اور کچھ بھی نہیں ہے۔

امام عقیلی نے کہا: اس کی متابعت نہیں کی گئی اور امام یحییٰ بن معین نے کہا: یہ کچھ بھی نہیں ④ امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں ہے امام ابن عدی نے کہا: اس کی متابعت نہیں کی گئی ⑤

تیسرا طریق

اخرجه ابو طاهر الزیادی "فی ثلاثة مجالس من الامالی" ۱۹۱/۲، والطبرانی فی الکبیر ۱/۱۷/۲، عن یزید بن ربیعة قال سمعت ابالاشعث الصنعانی یحدث عن ثوبان به مرفوعًا.

اول: اس سند میں یزید بن ربیعہ راوی متروک، سخت ضعیف ہے امام المحدثین امام بخاری نے کہا: " فی حدیثه مناکیر " ⑥ امام نسائی نے کہا: متروک الحدیث ہے ⑦

---

❶ تذکرة الحفاظ ۱/ ۳۶ ❷ کتاب المراسیل ص ۱۰۹ ❸ تذکرة الحفاظ ۱/ ۹۳۔
❹ کتاب الضعفاء الکبیر ۴/ ۲۹۱ ❺ لسان المیزان ۱۶۲/۶ ❻ التاریخ الصغیر ۲/ ۱۳۶، و التاریخ الکبیر ۸/ ۲۱۳ ❼ کتاب الضعفاء والمتروکین ص ۳۰۷۔

امام ابو حاتم نے کہا: ضعیف ہے موت سے پہلے اختلاط کا شکار ہو گیا تھا کچھ چیز نہیں ہے اس نے ابی الاشعث سے جو حدیثیں روایت کی ہیں اس کا انکار کیا گیا ہے (مذکورہ روایت میں یزید بن ربیعہ عن ابی الاشعث ہی ہے)۔

امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں۔ امام عقیلی نے کہا: متروک الحدیث ہے۔ امام دارقطنی نے کہا: متروک ہے۔ امام ابو احمد الحاکم نے کہا: محدثین کے نزدیک قابل اعتبار نہیں ہے۔ امام ابن جارود نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ① امام جوزجانی نے کہا: مجھے خوف ہے کہ اس کی حدیثیں موضوع نہ ہوں ② امام ابوزرعہ نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ③

چوتھا طریق

اخرجه ابن عدی ۱/ ۲۹۵، و عنه السهمي في "تاريخ جرجان" (۳۱۵) من طريق محمد بن فضل عن كرز بن وبرة عن عطاء عنه مرفوعًا.

اس سند میں محمد بن فضل بن عطیہ راوی متروک الحدیث اور کذاب ہے۔ وضاحت پیش خدمت ہے۔

امام المحدثین امام بخاری نے کہا: محدثین نے اس سے خاموشی اختیار کی ہے ④ امام نسائی نے کہا: متروک الحدیث ہے ⑤ امام یحییٰ بن معین نے کہا: کذاب ہے اور کچھ چیز نہیں ⑥ امام ابن حبان نے کہا: ثقہ راویوں سے موضوع (جھوٹی) روایات بیان کی ہیں اس اعتبار سے اس سے حدیث روایت کرنا حلال نہیں ⑦

---

① لسان الميزان ۶/ ۲۸۶ ② كتاب احوال الرجال ص ۱۲۰ ③ كتاب الضعفاء للرازی ۲/ ۶۷۰ ④ كتاب الضعفاء للبخاری ص ۱۰۱ ⑤ كتاب الضعفاء والمتروكين ص ۲۰۳ ⑥ تاريخ يحيىٰ بن معين ۲/ ۲۰۴ ⑦ كتاب المجروحين ۲/ ۲۷۸

امام محمد بن سعد نے کہا: متروک الحدیث ہے ① امام ابوزرعہ رازی نے کہا: ضعیف الحدیث ہے ② امام الجوزجانی نے کہا: کذاب ہے ③ امام احمد بن حنبل نے کہا: کچھ بھی نہیں اس کی حدیثیں جھوٹوں کی حدیثوں میں سے ہیں۔ امام ابن معین نے کہا: اس کی حدیث نہ لکھی جائے ضعیف ہے اور ثقہ نہیں ہے۔ امام عمرو بن علی نے کہا: متروک الحدیث اور کذاب ہے۔ امام مفضل الغلابی نے کہا: ثقہ نہیں۔ امام ابوحاتم نے کہا: ذاھب الحدیث ہے محدثین نے اس کی حدیثوں کو چھوڑ دیا تھا۔

امام مسلم اور امام ابن خراش نے کہا: متروک الحدیث ہے اور پھر امام ابن خراش نے کہا: کذاب ہے۔ امام صالح بن محمد نے کہا: یہ موضوع (جھوٹی) حدیثیں روایت کرتا تھا۔ امام ابوداؤد نے کہا: کچھ بھی نہیں ہے۔ امام دارقطنی نے کہا: ضعیف ہے۔ امام ابن عدی نے کہا: اس نے عام حدیثیں جو روایت کی ہیں ان میں ثقہ راویوں کی متابعت نہیں پائی گئی۔ امام ابواحمد الحاکم نے کہا: ذاہب الحدیث ہے ④ امام دارقطنی نے کہا: متروک ہے ⑤ امام حاکم نے کہا: اس نے زید بن اسلم، منصور بن معتمر، ابواسحاق اور داؤد بن ابو ہند سے موضوع (جھوٹی) حدیثیں روایت کی ہیں ⑥ امام ترمذی نے کہا: ذاہب الحدیث ہے ⑦ امام ذہبی نے کہا: محدثین نے اس کو ترک کر دیا تھا اور بعض محدثین نے اس کو کذاب کہا ہے ⑧ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: محدثین نے اس کو کذاب کہا ہے ⑨

---

❶ طبقات ابن سعد ۳۸۸/۷ ❷ کتاب الضعفاء للرازی ۲/۳۹۸ ❸ کتاب احوال الرجال ص ۲۰۲ ❹ تهذیب التهذیب ۲۵۷/۵ ❺ سنن دارقطنی ۳۳۸/۱ ❻ المدخل الی الصحیح ص ۲۰۰ ❼ خلاصه تذهیب تهذیب الکمال ۴۴۹/۲ ❽ المغنی فی الضعفاء ۳۲۱/۲ ❾ تقریب التهذیب ص ۳۱۵

پانچواں طریق

اخرجه السهمي (255,254) من طريق محمدبن عمر الرومی

- حدثنا الفرات بن السائب حدثنا ميمون بن مهران عنه مرفوعًا۔

اول: اس سند میں فرات بن سائب راوی متروک اور منکر الحدیث ہے۔ وضاحت پیش خدمت ہے: امام المحدثین امام بخاری نے کہا: محدثین نے اس سے خاموشی اختیار کی ہے① امام المحدثین امام بخاری نے کہا: محدثین نے اس کو ترک کر دیا تھا② امام المحدثین امام بخاری نے کہا: منکر الحدیث ہے③ امام یحییٰ بن معین نے کہا: کچھ بھی نہیں ہے④ امام نسائی نے کہا: متروک الحدیث ہے⑤ امام ابن حبان نے کہا: یہ ثقہ راویوں سے موضوع (جھوٹی) روایات روایت کرتا اور ثقہ راویوں سے معضل روایات روایت کرتا تھا، اس لئے اس سے دلیل پکڑنا جائز نہیں⑥ امام دارقطنی نے کہا: متروک الحدیث ہے⑦ امام الجوزجانی نے کہا: ضعیف الحدیث ہے⑧ امام حاکم نے کہا: فرات بن سائب نے میمون بن مہران سے موضوع (جھوٹی) حدیثیں روایت کی ہیں⑨ (مذکورہ روایت فرات بن سائب عن میمون بن مہران ہی ہے) امام ابوحاتم نے کہا: ضعیف الحدیث اور منکر الحدیث ہے۔ اور امام ابوزرعہ رازی نے کہا: ضعیف الحدیث ہے⑩ امام ابن عدی نے کہا: اس کی حدیثیں غیر محفوظ ہیں اور میمون بن مہران سے منکر روایات بیان کرتا ہے⑪ امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے⑫

---

❶التاريخ الاوسط ۱۰۸/۲ والتاريخ الصغير ۱۳۱/۲ ❷كتاب الضعفاء للبخاری۔ص ۹۱ ❸كتاب الضعفاء الكبير ۴۵۸/۳ ❹سوالات ابن جنيد ص ۲۰ ❺كتاب الضعفاء والمتروكين ص ۳۰۱ ❻كتاب المجروحين ۲۰۷/۲ ❼سنن الدارقطنی ۸۹/۲ ❽كتاب احوال الرجال ص ۱۷۹ ❾المدخل الی الصحيح ص ۱۸۶ ❿كتاب الجرح والتعديل ۸۰/۷ ⓫الكامل فی ضعفاء الرجال ۱۴۸/۲ ⓬المغنی فی الضعفاء ۱۸۵/۲۔

چھٹا طریق

اخرجة عبدالرزاق في الامالي 1/39/2 حدثنا معمر عن ابن طاؤس عن ابيه مرفوعاً.

اول: یہ سند مرسل ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے کیونکہ امام طاؤس بن کیسان تابعی ہے امام مسلم نے کہا مرسل روایات ہمارے اور محدثین کے قول کے مطابق حجت نہیں ہیں ①

❁❁❁

9. لو تعلمون قدر رحمة الله عزوجل، لا تكلتم وما عملتم من عمل، و لو علمتم قدر غضبه ما نفعكم شيً.

"اگر تم اللہ کی رحمت کی وسعت کو جان لو تو تم اسی پر بھروسہ کرو اور کوئی عمل نہ کرو، اگر تم جان لو اللہ کے غضب کی شدت کو تو تمہیں کوئی چیز (عمل) فائدہ نہ دے۔"

....

9۔ سخت ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الاحاديث الصحيحة جلد 5، حدیث نمبر 2167، ص 200 پر نقل کیا ہے اور حسن کہا ہے۔

پهلا طريق:

لیکن یہ حدیث سخت ضعیف ہے وضاحت پیش خدمت ہے رواه ابن ابي الدنيا في "حسن الظن" ۲/۱۹۳/۱، عن موسٰى الاسواري عن عطية عن ابن عمر مرفوعاً.

اول: اس سند میں عطیہ بن سعد العوفی راوی ضعیف اور شیعہ مدلس ہے۔ وضاحت پیش خدمت ہے:

امام المحدثین امام بخاری نے کہا: امام ھشیم نے اس کے بارے میں کلام کیا ہے ②

① صحيح مسلم ۱/۱/۱۵ ② التاريخ الاوسط: ۱/۲۱۲، و التاريخ الصغير: ۱/۳۰۲.

امام المحدثین امام بخاری نے کہا: امام یحییٰ نے اس کے بارے میں کلام کیا ہے اور امام یحییٰ اس سے روایت نہیں کرتے تھے ① امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے ② امام سالم المرادی نے کہا: شیعہ تھا اور امام یحییٰ بن معین نے کہا: ضعیف ہے ③ امام احمد بن حنبل نے کہا: ضعیف الحدیث ہے۔ امام ابو زرعہ نے کہا: کمزور ہے امام ساجی نے کہا: قابل حجت نہیں ہے ④

امام سفیان ثوری، امام ھشیم اور امام ابن عدی نے کہا: ضعیف ہے ⑤ امام دارقطنی نے کہا: ضعیف ہے ⑥ امام ذہبی نے کہا: محدثین نے اس کو ضعیف کہا ہے ⑦ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: صدوق اور بہت خطائیں کرنے والا تھا شیعہ اور مدلس تھا ⑧ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ⑨

دوم: عطیہ بن سعد عوفی مدلس ہے ⑩ اور عن سے روایت کر رہا ہے لہذا روایت معنعن ہونے کی وجہ سے بھی ضعیف ہے۔

دوسرا طریق

رواه البزار فی الزوائد، من طریق الحجاج عن عطیة.

اول: یہ سند سخت ضعیف ہے، کیونکہ اس میں عطیہ بن سعد عوفی راوی ہے، جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے کہ یہ راوی ضعیف، شیعہ اور مدلس ہے۔

---

❶ التاریخ الکبیر: ۴/۸۳، والتاریخ الکبیر: ۵/۱۲۲ ❷ کتاب الضعفاء والمتروکین ص، ۳۰۱۔ ❸ کتاب الضعفاء الکبیر: ۳/۳۵۹ ❹ تهذیب التهذیب: ۴/۱۴۴۔ ❺ خلاصه تذهیب تهذیب الکمال: ۲/۲۳۴۔ ❻ سنن الدارقطنی: ۴/۴۵۔ ❼ الکاشف: ۲/۲۳۵۔ ❽ تقریب التهذیب، ص: ۲۴۰۔ ❾ کتاب الضعفاء الکبیر: ۳/۳۵۹۔ ❿ تعریف اهل التقدیس، ص: ۱۲۲۔

دوم: اس سند میں دوسرا راوی حجاج بن ارطاۃ ہے اور حجاج بھی مدلس ہے ① اور عن سے روایت کر رہا ہے لہٰذا یہ راویت بھی معنعن ہے اور معنعن ضعیف ہوتی ہے۔

تیسرا طریق

رواہ ابن ابی الدنیا میں طریق قتادہ مرسلاً نحوہ یہ طریق مرسل ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے باقی سند بھی قابل غور ہے۔ امام مسلم نے کہا: مرسل روایات ہمارے اور محدثین کے قول کے مطابق حجت نہیں ہیں ②

❁❁❁

10. الخمر ام الفواحش، واکبر الکبائر، من شربها وقع علی امه و خالته و عمته.

''شراب بے حیائیوں کی جڑ ہے اور سب سے بڑا کبیرہ گناہ ہے، جو اس کو پیئے گا وہ اپنی ماں، خالہ اور پھوپھی سے زنا کر بیٹھے گا۔''

....

10. سخت ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے **سلسلة الاحادیث الصحیحة**، جلد 4، حدیث نمبر 1853، ص 468 پر نقل کیا ہے اور حسن کہا ہے۔

پہلا طریق

رواہ الطبرانی (رقم ۱۱۳۷۲، ۱۱۴۹۸)، عن رشدین بن سعد عن ابی صخر عن عبدالکریم ابی امیة عن عطاء بن ابی رباح عن ابن عباس رفعه .

اوّل: اس سند میں رشدین بن سعد راوی ضعیف متروک ہے۔ وضاحت پیش خدمت ہے:

---

①تعریف اهل التقدیس، ص: ۱۶۴. ② صحیح مسلم: ۱/۱/۲۵.

امام نسائی نے کہا: متروک الحدیث ہے ① امام یحییٰ بن معین نے کہا: کچھ چیز نہیں ہے ② امام محمد بن سعد نے کہا: ضعیف ہے ③ امام جوز جانی نے کہا: اس کے پاس بہت منکر روایات ہیں ④ امام المحدثین امام بخاری نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ⑤ امام دارقطنی نے کہا: قوی نہیں ضعیف ہے ⑥ امام یحییٰ نے کہا: اس کی حدیث نہ لکھی جائے۔ امام عمرو بن علی اور امام ابو زرعہ رازی نے کہا: ضعیف الحدیث ہے۔ امام ابو حاتم نے کہا: منکر الحدیث ہے اور اس نے غفلت میں ثقہ راویوں سے منکر حدیثیں روایت کی ہیں اور ضعیف الحدیث ہے۔ امام نسائی نے کہا: ضعیف الحدیث ہے اور اس کی حدیث نہ لکھی جائے۔ امام ابو داؤد نے کہا: ضعیف الحدیث ہے ⑦ امام ذہبی نے کہا: نیک عابد سیّٔ الحفظ تھا اور قابل اعتبار نہیں ⑧ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے ⑨

دوم: اس روایت کی سند میں دوسرا راوی عبدالکریم بن ابی المخارق ابو امیہ البصری سخت ضعیف، متروک الحدیث ہے۔ امام یحییٰ بن معین نے کہا: ثقہ نہیں ہے ضعیف ہے ⑩ امام ابن معین نے کہا: کچھ بھی نہیں ہے ⑪ امام مسلم نے کہا: معمر سے روایت ہے کہ میں نے امام ایوب السختیانی کو کبھی کسی شخص کی غیبت کرتے نہیں سنا مگر عبدالکریم بن ابی المخارق کی جس کی کنیت ابو امیہ ہے انہوں نے اس کا ذکر کیا اور کہا اللہ رحم کرے اس پر ثقہ نہ تھا ایک بار مجھ سے عکرمہ کی ایک حدیث پوچھی پھر کہنے لگا میں نے خود عکرمہ سے سنا ہے ⑫

---

❶ كتاب الضعفاء والمتروكين، ص: ٢٩٢۔ ❷ سوالات ابن الجنيد، ص: ١٠٠۔ ❸ طبقات ابن سعد: ٧/٥٠٨۔ ❹ كتاب احوال الرجال، ص: ١٥٦۔ ❺ كتاب الضعفاء للبخارى ص: ٤٣۔ ❻ سنن الدارقطنى: ٣/١٧٢۔ ❼ تهذيب التهذيب: ٢/١٢٤، ١٢٥۔ ❽ ميزان الاعتدال: ٢/٤٩۔ ❾ تقريب التهذيب، ص: ١٠٣۔ ❿ تاريخ يحيىٰ بن معين: ٢/٧٩، ١٠٠۔ ⓫ تاريخ عثمان بن سعيد الدارمى، ص: ١٨٧۔ ⓬ صحيح مسلم: ١/١/٤٣۔

امام نسائی نے کہا: متروک الحدیث ہے ① امام سفیان بن عیینہ نے کہا: ضعیف ہے ② امام ابن حبان نے کہا: **كثير الوهم فاحش الخطاء** تھا پس ایسی صورت میں جب یہ زیادہ خطائیں کرنے والا ہے تو اس سے دلیل پکڑنا باطل ہو گیا ③ امام دارقطنی نے کہا: متروک ہے ④ امام یحییٰ اور امام عبدالرحمٰن بن مہدی اس سے حدیث روایت نہیں کرتے تھے ⑤ امام جوز جانی نے کہا ثقہ نہیں ہے ⑥ امام محمد طاہر بن علی نے کہا: حدیث کے ائمہ کے نزدیک متروک ہے ⑦ امام سعدی نے کہا: ثقہ نہیں۔ امام حاکم نے کہا: محدثین کے نزدیک قوی نہیں۔ امام ابن عبدالبر نے کہا: محدثین کا اس کے ضعیف ہونے پر اجماع ہے ⑧ امام احمد بن حنبل نے کہا: اس کی حدیثوں کو چھوڑ دو اور کہا: متروک ہے۔ امام ابن عبدالبر نے کہا: قابل حجت نہیں ⑨ امام ذہبی نے کہا: ضعیف ہے ⑩ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے ⑪

دوسرا طریق

من رواه في الاوسط، (٣٢٨٥)، عن ابن لهيعة عن عبدالكريم بن ابي امية به.

اول: اس سند میں عبدالکریم ابو امیہ راوی متروک سخت ضعیف اور نا قابل حجت ہے جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے لہذا دوبارہ بیان کرنے کی ضرورت نہیں۔

---

❶ كتاب الضعفاء والمتروكين، ص: ٢٩٨۔ ❷ كتاب الضعفاء الكبير: ٣/٦٣۔ ❸ كتاب المجروحين: ٢/١٤٤۔ ❹ سنن الدارقطني: ١/١٢٤۔ ❺ كتاب المجروحين: ٢/١٤٥۔ ❻ كتاب احوال الرجال، ص: ٩٧۔ ❼ تذكرة الموضوعات، ص: ٢٧١۔ ❽ تهذيب التهذيب: ٣/٤٨٦۔ ❾ ميزان الاعتدال: ٢/٦٤٦۔ ❿ المغني في الضعفاء: ٢/٦۔ ⓫ تقريب التهذيب، ص: ٢١٧۔

دوم: دوسرا راوی ابن لھیعۃ مدلس ہے اور عن سے روایت کر رہا ہے لہٰذا یہ روایت معنعن ہونے کی وجہ سے بھی ضعیف ہے نیز ابن لھیعۃ ضعیف راویوں سے تدلیس کرتا تھا اور آخری عمر میں اختلاط کا شکار ہو گیا تھا①

تیسرا طریق

رواه الطبرانی، من طریق عتاب بن عامر.

اول: علامہ البانی نے اس طریق کی مکمل سند نہیں دی حالانکہ باقی سند بھی قابل تحقیق ہے بہر حال اس سند میں راوی عتاب بن عامر "لم أعرفہ" (مجھول) ہے②

❀❀❀

11. لا بد للناس من عریف، والعریف فی النار

"لوگوں کے لیے سردار ہونا ضروری ہے (لیکن) سردار ہوتا جہنم میں ہے۔"

11۔ سخت ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے **سلسلة الاحادیث الصحیحة**، جلد 3، حدیث نمبر 1417، ص 405، پر نقل کیا ہے اور حسن کہا ہے لیکن اس حدیث کے تمام کے تمام طرق سخت ضعیف ہیں، وضاحت پیش خدمت ہے:

---

① تعریف اهل التقدیس، ص: ۱۷۷. ② سلسلة الاحادیث الصحیحة للالبانی، ج ۴، ص: ۴۲۹.

پہلا طریق

اخرجه ابو الشيخ في " طبقات الاصبهانيين" ص ۲۵، معلقاً و صله ابو نعيم فی "اخبار اصبهان" ۱۴۸/۲، عن العلاء بن ابی العلاء - قيم الجامع - قال : حد ثنی جدی مرداس عن انس بن مالك مرفوعاً.

اول: اس سند میں مرداس راوی مجہول ہے ① اور باقی سند بھی قابل غور ہے۔

دوسرا طریق

ابو يعلى في " مسنده" ۱/ ۲۱۰، من طريق عيسى بن ميمون نا يزيد الرقاشي عن انس مرفوعاً.

اول: اس سند میں یزید الرقاشی راوی متروک اور منکر الحدیث ہے۔امام ابوحاتم نے کہا اس کی انس سے روایت کردہ حدیثیں ضعیف اوران میں نظر ہے (مذکورہ روایت اس نے انس سے ہی کی ہے) اس راوی پر جرح حدیث نمبر (1) چوتھے طریق کے تحت بیان ہوچکی ہے لہٰذا وہی ملاحظہ فرمائیں۔

دوم: اس سند میں دوسرا راوی عیسیٰ بن میمون بھی ضعیف ہے ②

تیسرا طریق

اخرجه ابو داؤد : ۲۳/۲، من طريق غالب القطان عن رجل عن ابيه عن جده مرفوعاً.

اول: اس سند کے تمام راوی مجہول ہیں ③

---

❶ سلسلة الاحاديث الصحيحة للالباني، ج ۳، ح ۱۴۱۷، ص: ۴۰۵. ❷ميزان الاعتدال: ۳/ ۳۲۶. ❸سلسلة الاحاديث الصحيحة للا لباني ج ۳، ح ۱۴۱۷، ص: ۴۰۶.

چوتھا طریق

عبدالرحمن بن عمرو بن جبلة احد الضعفاء عن عبيد بن زياد الشني عن الجلاس بن زياد الشني عن جمبونة بن زياد الشني مرفوعاً.

اول: اس سند میں عبدالرحمٰن بن عمرو بن جبلة راوی سخت ضعیف، متروک ہے۔ وضاحت پیش خدمت ہے:

امام ابو حاتم نے کہا: جھوٹ بولتا تھا پس اس کی حدیثوں کو چھوڑ دو۔ امام دارقطنی نے کہا: متروک ہے۔ جھوٹی حدیثیں گھڑتا تھا امام بغوی نے کہا: سخت ضعیف الحدیث ہے ①

دوم: اس سند میں باقی تمام راوی مجہول ہیں ②

علامہ البانی نے ان چار طریق کی بنا پر حدیث کو ''حسن'' کہا ہے لیکن حقیقت آپ کے سامنے ہے کہ پہلے طریق میں ایک راوی مجہول اور باقی راویوں کا کوئی پتا نہیں، دوسرے طریق میں یزید الرقاشی سخت ضعیف متروک ہے اور دوسرا راوی عیسیٰ بن میمون ضعیف ہے تیسرے طریق کے تمام راوی مجہول ہیں اور چوتھے طریق میں عبدالرحمٰن کذاب اور باقی راوی مجہول ہیں۔

❀❀❀

12۔ اذا تزوج العبد فقد استكمل نصف الدين، فليتق الله فيما بقى.

''جب آدمی شادی کرتا ہے تو اس کا نصف ایمان مکمل ہو جاتا ہے، اب اسے چاہیے کہ بقیہ ایمان کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرے۔''

12۔ سخت ضعیف ہے۔

① لسان الميزان : ۳/ ۴۲۴۔ ② سلسلة الاحاديث الصحيحة، للالبانی، ج۳،ح ۱۴۱۷، ص: ۴۰۲۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الاحادیث الصحیحة جلد 2، حدیث نمبر 265، ص 199 پر نقل کیا ہے اور ''حسن'' کہا ہے۔

پهلا طریق

اخرجه الطبرانی فی " المعجم الاوسط" ۱/۱۶۲/۱، من طریق عصمة بن المتوکل نا زافربن سلیمان عن اسرائیل بن یونس عن جابر عن یزید الرقاشی عن انس بن مالك مرفوعاً.

اول: اس سند میں یزید الرقاشی منکر الحدیث، متروک، کچھ بھی نہیں ہے۔ اس پر جرح حدیث نمبر (1) چوتھے طریق کے تحت بیان ہوئی ہے، لہٰذا وہی ملاحظہ فرمائیں۔

دوم: اس سند میں دوسرا راوی جابر بن یزید جعفی کذاب، منکر الحدیث اور متروک ہے۔ وضاحت پیش خدمت ہے:

جابر بن یزید مدلس ہے اور جمہور محدثین نے اس کو ضعیف کہا ہے ① امام المحدثین امام بخاری نے کہا: امام یحییٰ بن سعید اور امام عبدالرحمٰن بن مہدی نے اس کو چھوڑ دیا تھا ② امام یحییٰ بن معین نے کہا: یہ کچھ بھی نہیں ہے، کذاب ہے اور اس کی حدیث نہ لکھی جائے ③ امام نسائی نے کہا: متروک ہے ④ امام جوزجانی نے کہا: کذاب ہے ⑤ امام ابن حبان نے کہا: جابر، عبداللہ بن سبا کے اصحاب میں سے تھا اور اس کا عقیدہ تھا کہ علی دنیا میں واپس آئیں گے ⑥ امام دارقطنی نے کہا: متروک ہے ⑦ امام محمد بن سعد نے کہا: ضعیف ہے ⑧

---

❶ تعریف اهل التقدیس، ص: ۱۷۳۔ ❷ کتاب الضعفاء، للبخاری، ص: ۲۲۔ ❸ تاریخ یحیی بن معین: ۱/۲۱۰، ۲۱۲، ۲۲۸۔ ❹ کتاب الضعفاء والمتروکین، ص: ۲۸۷۔ ❺ کتاب احوال الرجال، ص: ۵۰۔ ❻ کتاب المجروحین ۱/۲۰۸۔ ❼ سنن الدارقطنی: ۱/۳۹۸۔ ❽ طبقات ابن سعد: ۶/۳۶۷۔

امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں اور اس کی حدیث نہ لکھی جائے۔ امام حاکم ابو احمد نے کہا: ذاہب الحدیث ہے۔ امام ابوداؤد نے کہا: حدیث میں قوی نہیں ہے۔ امام زائدہ نے کہا: رافضی تھا اور صحابہ کرام کو برا کہتا تھا (نعوذ باللہ)۔ امام سعید بن جبیر نے کہا: کذاب ہے۔ امام عجلی نے کہا: ضعیف، مدلس اور غالی شیعہ تھا ① امام جریر سے روایت ہے میں جابر جعفی سے ملا اور میں نے اس سے حدیث نہیں لکھی وہ رجعت (رافضیوں کا اعتقاد) کا یقین کرتا تھا۔ امام سفیان سے روایت ہے پہلے لوگ جابر سے حدیثیں روایت کرتے تھے جب تک اس نے بد اعتقادی نہیں ظاہر کی تھی پھر جب اس نے اپنا اعتقاد کھولا تو لوگوں نے اسے حدیث میں متہم بالکذب کہا اور بعض محدثین نے اسے چھوڑ دیا۔ لوگوں نے کہا اس کی بد اعتقادی کیا ہے؟ امام سفیان نے کہا: رجعت پر یقین کرنا، امام سفیان سے میں نے سنا ایک شخص نے جابر سے پوچھا اس آیت کو (سورہ یوسف) جب یوسف نے اپنے چھوٹے بھائی کو چور ہونے کے بہانے سے رکھ لیا تو بڑا بھائی جو قافلہ کے ساتھ آیا تھا بولا میں نہ جاؤں گا اس ملک سے جب تک اجازت دے مجھے میرا باپ یا یہ کہ میرا اللہ فیصلہ کرے اور وہ سب سے اچھا فیصلہ کرنے والا ہے، جابر نے کہا اس آیت کا مطلب ابھی ظاہر نہیں ہوا امام سفیان نے کہا، جابر جھوٹا تھا امام عبداللہ بن زبیر حمیدی نے کہا، ہم لوگوں نے امام سفیان سے پوچھا جابر کی کیا غرض تھی۔ امام سفیان نے کہا رافضی لوگ یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ علی بادل میں ہے اور ہم ان کی اولاد میں سے کسی کے ساتھ نہ نکلیں گے یہاں تک کہ آسمان سے علیؓ آواز دیں گے کہ نکلو اس شخص کے ساتھ تو جابر نے کہا اس آیت کی تاویل یہ ہے اور جھوٹ کہا اس لیے کہ یہ آیت یوسف کے بھائیوں کے قصہ میں ہے امام سفیان نے کہا: میں نے جابر سے ۳۰ ہزار حدیثوں کو سنا میں حلال نہیں جانتا ان میں سے ایک حدیث بیان کرنے کو اگرچہ مجھے یہ اور یہ ملے (یعنی کتنی ہی دولت ملے پر میں ان حدیثوں کو روایت نہ کروں گا، کیونکہ وہ سب جھوٹ ہیں) ②

---

① تہذیب التہذیب: ۱/ ۳۵۳، ۳۵۴۔ ② صحیح مسلم: ۱/ ۱/ ۴۱، ۴۲، ۴۳ والمعرفة التاریخ: ۳/ ۵۹۔

امام ذہبی نے کہا: جابر جعفی شیعہ کے بڑے علماء میں سے تھا محدثین نے اسے ترک کر دیا ہے① امام ابن حجر عسقلانی نے کہا ضعیف، رافضی تھا② امام محمد طاہر بن علی نے کہا: محدثین نے اسے ضعیف اور کذاب کہا ہے③

دوسرا طریق

اخرجه الطبراني من طريق عبدالله بن صالح حدثني الحسن بن خليل بن مرةعن ابيه عن يزيد الرقاشي به.

اول: اس سند میں بھی یزید الرقاشی ہی ہے اور یہ سخت ضعیف اور متروک ہے جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے۔

دوم: سند میں دوسرا راوی خلیل بن مرۃ ضعیف اور منکر الحدیث ہے، امام المحدثین امام بخاری نے کہا ''فیہ نظر''④ امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے⑤ امام ابن حبان نے کہا: ''**منكر الحديث عن المشاهير و كثير الرواية عن المجاهيل** '' اور امام یحییٰ بن معین نے کہا: ضعیف ہے⑥ امام ابو حاتم نے کہا: قوی نہیں ہے امام ابو زرعہ نے کہا: شیخ صالح اور امام المحدثین امام بخاری نے کہا منکر الحدیث ہے اور اس کی حدیثیں صحیح نہیں۔ امام ساجی اور امام عقیلی اور امام ابن جارود اور امام برقی اور امام ابن سکن نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے۔ امام ابو ولید طیالسی نے کہا: یہ گمراہ تھا اور گمراہ کرنے والا تھا اور امام ابو احسن کوفی نے کہا: ضعیف الحدیث اور متروک تھا⑦

---

❶الكاشف : ١/١٢٢۔ ❷ تقريب التهذيب ، ص: ٥٣۔❸تذكرة الموضوعات، ص: ٢٤٢۔ ❹ التاريخ الكبير : للبخاری:٣/١٧٦۔ ❺ كتاب الضعفاء والمتروكين، ص : ٢٨٩۔ ❻ كتاب المجروحين : ١/٢٨٦۔❼تهذيب التهذيب : ٢/١٠١، ١٠٢۔

امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے ① امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ②

تیسرا طریق

اخرجه الطبرانی فی "الاوسط" ۳/۱۶۱/۱، و الحاکم ۲/۱۶۱ و عنه البیهقی عن عمرو بن ابی سلمة التنیسی ثنا زهیر بن محمد اخبرنی عبدالرحمن زاد الحاکم، ابن زید عن انس بن مالك مرفوعاً.

اول: یہ سند منقطع ہے، کیونکہ عبدالرحمٰن بن زید بن اسلم راوی تبع تابعی ہے اور ۱۸۲ ہجری میں فوت ہوا ③ عبدالرحمٰن بن زید کذاب، متروک، منکر الحدیث ہے۔ وضاحت پیش خدمت ہے:

امام علی بن مدینی نے کہا: سخت ضعیف ہے ④ امام یحییٰ بن معین نے کہا: اس کی حدیث کچھ نہیں ⑤ اور امام یحییٰ بن معین نے کہا: ضعیف ہے۔ ⑥ امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے۔ ⑦ امام الجوزجانی نے کہا: کذاب ہے۔ ⑧ امام حاکم نے کہا: اس نے اپنے باپ سے موضوع (جھوٹی) حدیثیں روایت کی ہیں۔ ⑨ امام احمد بن حنبل نے کہا: ضعیف ہے۔ امام ابوداوٗد نے کہا: ضعیف ہے۔ امام ابوزرعہ رازی نے کہا: ضعیف ہے۔ امام ابوحاتم نے کہا: حدیث میں قوی نہیں، بلکہ واہی الحدیث ہے۔ امام ابن خزیمہ نے کہا: محدثین نے اس کے برے حافظہ کی وجہ سے اس کی حدیثوں سے دلیل نہیں پکڑی۔ امام ساجی نے کہا: منکر الحدیث ہے۔

---

❶ تقریب التهذیب، ص: ۹۴۔ ❷ المغنی فی الضعفاء: ۱/۳۳۴۔ ❸ الکاشف: ۲/۱۴۶۔ ❹ کتاب الضعفاء للبخاری، ص: ۶۵۔ ❺ تاریخ یحییٰ بن معین: ۲/۱۱۶۔ ❻ سوالات ابن الجنید، ص: ۹۷ ❼ کتاب الضعفاء والمتروکین، ص: ۲۹۶۔ ❽ کتاب احوال الرجال، ص: ۱۳۱۔ ❾ المدخل الی الصحیح، ص: ۱۵۴۔

امام ابن جوزی نے کہا: محدثین کا اس کے ضعیف ہونے پر اجماع ہے① امام محمد بن سعد نے کہا: کثیر الحدیث ہے مگر سخت ضعیف ہے②

امام ابن حبان نے کہا: عبدالرحمٰن بے علمی میں حدیثوں کو بدل دیا کرتا تھا حتیٰ کہ اس نے بکثرت مرسل روایات کو مرفوع اور موقوف کو مسند بنا دیا پس یہ ترک کر دیے جانے کا مستحق ہے③ امام ذہبی نے کہا: محدثین نے اس کو ضعیف کہا ہے④ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے⑤ امام دارقطنی نے کہا: ضعیف ہے⑥

دوم: سند میں دوسرا راوی زہیر بن محمد اگرچہ ثقہ ہے لیکن اگر اس سے اہل شام والے روایت کریں تو وہ احادیث ضعیف ہوتی ہیں اور اس سے مذکورہ روایت میں عمرو بن ابی سلمہ التنیسی راوی شامی ہے۔

امام المحدثین امام بخاری نے کہا، اہل شام والوں نے اس سے روایات نقل کی ہیں پس وہ منکر ہیں اور اہل بصرہ والے اس سے روایت کرتے ہیں وہ صحیح ہیں یہی بات تقریباً امام احمد بن حنبل امام ابوحاتم، امام الاثرم نے کہی ہے بلکہ امام نسائی نے کہا عمرو بن ابی سلمہ التنیسی نے زہیر بن محمد سے منکر روایات بیان کی ہیں⑦ امام احمد بن حنبل نے کہا: عمرو بن ابی سلمہ التنیسی نے زہیر بن محمد سے جو حدیثیں روایت کی ہیں وہ باطل ہیں⑧ (مذکورہ روایت عمرو بن ابی سلمہ نے زہیر بن محمد سے ہی روایت کی ہے)۔

❁❁❁

---

❶ تهذيب التهذيب : ٣/٣٢٣، ٣٢٣۔ ❷ طبقات ابن سعد : ٥/٣٩٠۔ ❸ كتاب المجروحين : ٢/٥٧۔ ❹ الكاشف : ٢/١٣٦۔ ❺ تقريب التهذيب، ص : ٢٠٢۔ ❻ المغنى فى الضعفاء : ١/٢٠٢۔ ❼ تهذيب التهذيب : ٢/٢٠٦۔ ❽ تهذيب التهذيب : ٢/٣٤٤۔

13۔ من نصر اخاه بالغیب نصره الله فی الدنیا و الآخرة.

''جو اپنے بھائی کی غیر موجودگی میں مدد کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی دنیا اور آخرت میں مدد کرتا ہے۔''

13۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانیؒ نے سلسلة الاحادیث الصحیحة، جلد۳، حدیث نمبر ۱۲۱۷، ص ۲۱۸۔ پر نقل کیا ہے۔

پہلا طریق

رواه الدنیوری فی المجالسة ۲/۱۱۷، و البیهقی فی الشعب ۲/۴۴۷/۱، و الضیاء فی المختارة ۷۴/۱، عن ابراهیم بن حمزة الزبیری ثنا عبدالعزیز بن محمد عن حمید عن الحسن عن انس بن مالك مرفوعاً. قال الدارقطنی : و خالفه یونس بن عبید فرواه عن الحسن عن عمران بن حصین موقوفاً رُوی عن یونس باسناده مرفوعاً.

اول: امام حسن بصری مدلس ہیں① اور عن سے روایت کر رہے ہیں، لہٰذا یہ روایت معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے②

دوم: امام حسن بصری کا عمران بن حصین سے سماع ثابت نہیں۔ امام یحییٰ بن معین نے کہا: حسن بصری کی عمران بن حصین سے ملاقات نہیں ہوئی۔ امام احمد بن حنبل، امام ابوحاتم،

---

① التدلیس فی الحدیث ، ص : ۲۹۱ ② مقدمه ابن الصلاح، ص : ۳۴.

امام علی بن المدینی کہتے ہیں حسن بصری کا عمران بن حصین سے سماع ثابت نہیں ①

دوسرا طریق

اخرجہ السلفی فی معجم السفر (۲/۲۲۶)، اسماعیل بن مسلم عن محمد بن المنکدر وابی الزبیر عن جابر مرفوعاً.

اول: اس سند میں اسماعیل بن مسلم متروک، منکر الحدیث ہے۔ امام المحدثین امام بخاری نے کہا: اس کو امام یحییٰ اور امام عبدالرحمٰن بن مہدی نے ترک کر دیا تھا② امام یحییٰ بن معین نے کہا: کچھ بھی نہیں③ امام نسائی نے کہا: متروک الحدیث ہے④ امام جوز جانی نے کہا: سخت واہی الحدیث ہے اس کی حدیثوں کو ترک کرنے پر محدثین متفق ہیں⑤ امام علی بن مدینی نے کہا: اس کی احادیث نہ لکھی جائیں⑥ امام دارقطنی نے کہا: ضعیف ہے⑦ امام احمد بن حنبل نے کہا: منکر الحدیث ہے۔

امام فلاس نے کہا: حدیث میں ضعیف تھا کثرت سے خطائیں کرنے والا تھا۔ امام ابوزرعہ رازی نے کہا: ضعیف الحدیث ہے۔ امام ابوحاتم نے کہا: ضعیف الحدیث، مختلط تھا۔ امام عبداللہ بن مبارک نے اس کو ترک کر دیا تھا۔ امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں۔ امام بزار نے کہا: قوی نہیں۔ امام ابواحمد الحاکم نے کہا: محدثین کے نزدیک قوی نہیں تھا۔ امام عقیلی اور امام دولابی امام ساجی اور امام ابن جارود نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے⑧

---

❶ کتاب المراسیل، ص: ۳۸، ۳۹، وکتاب العلل لابن المدینی، ص: ۵۱. و تحفة التحصیل، ص: ۷۱ و جامع التحصیل، ص: ۱۲۰. ❷ التاریخ الصغیر: ۲/۷۸ ❸ تاریخ عثمان بن سعید الدارمی، ص: ۷۲ ❹ کتاب الضعفاء والمتروکین، ص: ۲۸۴ ❺ کتاب احوال الرجال، ص: ۱۴۹ ❻ کتاب العلل لابن المدینی، ص: ۶۴ ❼ الضعفاء والمتروکون للدارقطنی، ص: ۴۱۵ ❽ تهذیب التهذیب: ۱/۲۱۰، ۲۱۱

امام ابن مبارک نے کہا: ضعیف ہے ① امام ابن حبان نے کہا: ضعیف ہے ② امام ذہبی نے کہا: ساقط الحدیث ہے ③ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: فقیہ مگر ضعیف الحدیث تھا ④

❁❁❁

14. والذی نفسی بیده، لا یضع الله رحمته الا علی رحیم قالوا کلنا یرحم قال لیس برحمة احد کم صاحبه، یرحم الناس کافة.

''اس ذات کی قسم! جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اللہ رحمت صرف رحیم پر کرتا ہے۔'' صحابہ نے کہا: ہم تو سبھی رحم کرتے ہیں، فرمایا: ''تمھارے ایک کا اپنے ساتھی پر رحم کرنا وہ مراد نہیں، بلکہ جو تمام لوگوں پر رحم کرے۔''

14۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الاحادیث الصحیحة، جلد اول ق اول، حدیث نمبر: ۱۶۷، ص ۳۲۱ پر نقل کیا ہے۔ اس حدیث کے تمام طرق ضعیف ہیں۔ وضاحت پیش خدمت ہے:

پهلا طریق

رواه هناد فی الزهد (۱۳۲۵) و ابو یعلی فی مسنده (۷/۲۵۰)، و الطبرانی فی مکارم الاخلاق: (۵۱/۴۰)، و الحافظ العراقی فی المجلس (۸۶) من الامالی (۷۷/۲) من طریق محمد بن اسحاق عن یزیدبن ابی حبیب عن سنان بن سعد عن انس بن مالك مرفوعاً.

❶ خلاصه تذهیب تهذیب الکمال: ۱/ ۹۴. ❷ کتاب المجروحین: ۱/ ۱۲۰.
❸ المغنی فی الضعفاء: ۱/ ۱۳۱. ❹ تقریب التهذیب، ص: ۳۵.

اول: یہ سند محمد بن اسحاق کی تدلیس کی وجہ سے ضعیف ہے کیونکہ محمد بن اسحاق مدلس ہے لہٰذا یہ روایت معنعن ہے۔ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: یہ ضعیف اور مجہول راویوں سے تدلیس کرنے میں مشہور تھا①

دوم: سنان بن سعد یا سعد بن سنان راوی ''متکلم فیہ'' ہے امام یحییٰ بن معین نے کہا: ثقہ ہے② امام ابن شاہین نے کہا ثقہ ہے③

امام عجلی نے کہا: ثقہ ہے④ امام نسائی نے کہا: منکر الحدیث ہے⑤ امام الجوزجانی نے کہا: ''**احادیثه واهية لا تشبه احاديث الناس عن انس.**''⑥ امام احمد بن حنبل نے کہا: ''**فی احادیث یزید بن ابی حبیب عن سعد بن سنان عن انس، قال: روی خمسة عشر حدیثاً منكرة كلها، ما اعرف منها واحدًا، تركت حديثه و حديثه غير محفوظ، حديث مضطرب، مرة اخرى يقول يشبه حديثه حديث الحسن، لايشبه حديث انس** ''⑦ امام محمد بن سعد نے کہا: منکر الحدیث ہے ⑧ امام دارقطنی نے کہا: ضعیف ہے اور امام ترمذی نے اس کی حدیث کو حسن کہا ہے⑨ امام ذہبی نے کہا: قابل حجت نہیں ہے⑩ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ''صدوق لہ افراد۔''⑪ امام ذہبی نے کہا: محدثین نے اس کو ضعیف کہا ہے⑫

---

❶ تعریف اهل التقديس، ص: ۱۲۹۔ ❷ تهذيب التهذيب: ۲/۲۷۷۔ ❸ تاريخ اسماء الثقات، ص: ۱۴۲ ❹ تاريخ الثقات، ص: ۱۷۹۔ ❺ كتاب الضعفاء والمتروكين، ص: ۲۹۵۔ ❻ كتاب احوال الرجال، ص: ۱۵۴ ❼ كتاب الضعفاء الكبير: ۲/۱۱۹۔ ❽ تهذيب التهذيب: ۲/۲۷۷۔ ❾ ميزان الاعتدال: ۲/۱۲۱۔ ❿ الكاشف: ۱/۲۷۸۔ ⓫ تقريب التهذيب، ص: ۱۱۸۔ ⓬ ديوان الضعفاء والمتروكين، ص: ۱۵۴۔

دوسرا طریق

امام بیهقی فی "کتاب الادب" اخشن السدوسی عن انس مرفوعاً.

اس سند میں اخشن السدوسی راوی مجہول ہے ① باقی سند بھی قابل غور ہے۔

تیسرا طریق

خالد بن الهیاج بن بسطام عن ابیه عن الحسن بن دینار عن الخصیب بن جحدر عن النضر و هو ابن شفی عن ابی اسماء عن ثوبان.

اول: اس سند میں حسن بن دینار راوی کذاب، منکر الحدیث اور متروک الحدیث ہے۔ وضاحت پیش خدمت ہے:

امام نسائی نے کہا: متروک الحدیث ہے ② امام المحدثین امام بخاری نے کہا: امام وکیع بن جراح اور امام عبداللہ بن مبارک نے اس کو چھوڑ دیا تھا ③ امام ابن شاہین نے کہا: ضعیف ہے ④ امام دارقطنی نے کہا: متروک الحدیث اور ضعیف ہے ⑤ امام ابن حبان نے کہا: اس نے ثقہ راویوں سے موضوع (جھوٹی) روایات بیان کی ہیں ⑥ امام یحییٰ بن معین نے کہا: ضعیف اور کچھ چیز نہیں ⑦ امام یحییٰ اور امام عبدالرحمٰن بن مہدی نے اس کو چھوڑ دیا تھا ⑧ امام یعقوب بن سفیان الفسوی نے کہا: ضعیف ہے ⑨ امام علی بن مدینی نے کہا: ضعیف ہے ⑩ امام محمد بن سعد نے کہا: حدیث میں ضعیف ہے ⑪ امام ابو حاتم نے کہا: متروک اور کذاب ہے اور امام ابو خیثمہ نے کہا: کذاب تھا ⑫

---

① لسان المیزان ۱/۲۳۱ ② کتاب الضعفاء والمتروکین، ص: ۲۸۸۔ ③ کتاب الضعفاء للبخاری، ص: ۲۶۔ ④ کتاب الضعفاء والکذابین، ص: ۷۱، ۷۲۔ ⑤ سنن دارقطنی: ۴/۱۷۰۔ ⑥ کتاب المجروحین: ۱/۲۳۲۔ ⑦ کتاب الضعفاء الکبیر: ۱/۲۲۳۔ ⑧ التاریخ الصغیر: ۲/۱۳۵۔ ⑨ المعرفته والتاریخ: ۲/۷۷۔ ⑩ سوالات محمد بن عثمان بن ابی شیبة ص۱۷۰۔ ⑪ طبقات ابن سعد: ۷/۲۹۹۔ ⑫ تهذیب التهذیب: ۱/۴۸۸۔

امام ابن عدی نے کہا: ''قد اجمع من تکلم فی الرجال علی ضعفه.'' اور امام ابوداوٗد نے کہا: کچھ چیز نہیں ہے۔ امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں ہے اور اس کی حدیث نہ لکھی جائے۔ امام ساجی نے کہا: بہت غلطیاں کرتا تھا اور امام وکیع اور امام احمد بن حنبل نے اس کو ترک کر دیا تھا① امام جوز جانی نے کہا: ''ذاهب الحدیث''②

دوم: اس سند میں دوسرا راوی خصیب بن جحدر بھی کذاب، منکر الحدیث اور متروک ہے۔ وضاحت پیش خدمت ہے:

امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں③ امام یحییٰ بن معین نے کہا: کذاب ہے④ امام ابن حبان نے کہا: اس نے شام کے ثقہ راویوں سے موضوع (جھوٹی) احادیث روایت کی ہیں⑤ امام جوز جانی نے کہا: غیر ثقہ ہے⑥ امام دارقطنی نے کہا: متروک ہے⑦ امام عقیلی نے کہا: اس کی احادیث منکر ہیں ان کی کوئی اصل نہیں۔ امام احمد بن حنبل نے کہا: اس کی احادیث منکر ہیں اور ضعیف الحدیث ہے⑧ امام المحدثین امام بخاری، امام یحییٰ بن سعید القطان اور امام شعبہ نے کہا: کذاب ہے۔ امام ساجی نے کہا: کذاب، متروک الحدیث اور کچھ چیز نہیں ہے۔ امام ابن جارود نے کہا: کذاب ہے⑨

---

① لسان المیزان: ۲/۲۰۵۔ ② کتاب احوال الرجال، ص: ۱۰۱۔ ③ کتاب الضعفاء والمتروکین، ص: ۲۸۹۔ ④ تاریخ یحییٰ بن معین: ۲/۷۶۔ ⑤ کتاب المجروحین: ۱/۲۸۷۔ ⑥ کتاب احوال الرجال، ص: ۱۰۶۔ ⑦ الضعفاء والمتروکون للدارقطنی، ص: ۲۸۳۔ ⑧ کتاب الضعفاء الکبیر: ۲/۲۹، ۳۰۔ ⑨ لسان المیزان: ۲/۳۹۸۔

سوم: اس سند میں تیسرا راوی ہیاج بن بسطام ''ضعیف'' ہے۔ امام ابوحاتم نے کہا اس کی حدیث لکھی جائے مگر قابل حجت نہیں ہے۔ امام ابوداؤد نے کہا "تـركـوا حديثه" اور امام احمد بن حنبل نے کہا: متروک الحدیث ہے۔ امام محمد بن یحییٰ ذھلی اور امام یحییٰ بن احمد بن زیاد نے کہا ثقہ ہے۔ امام صالح بن محمد نے کہا: منکر الحدیث ہے ① امام یحییٰ بن معین نے کہا: ضعیف ہے ② اور کچھ چیز نہیں ہے ③ امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے ④ امام عقیلی نے کہا: اس کی حدیث میں متابعت نہیں کی گئی ⑤ امام ابن حبان نے کہا: یہ مرجیٔ اور اس کی دعوت دینے والوں میں سے تھا اس نے ثقہ راویوں سے معضل روایات روایت کی ہیں پس یہ ساقط ہے اس سے احتجاج کرنا جائز نہیں ⑥ امام یعقوب بن سفیان الفسوی نے کہا: میں نے اپنے اصحاب (محدثین) سے سنا اس کو ضعیف کہتے تھے ⑦ امام ذہبی نے کہا: ضعیف ہے ⑧ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے اور اس سے ابن خالد نے سخت منکر روایتیں روایت کی ہیں ⑨ امام ابن جوزی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے۔ ⑩

چوتھا طریق

اخـرجـه ابـن الـمبـارك فـي " الـزهـد" ١/٢٠٣. انبـأنا اسماعيل بن ابراهيم ثنا يونس عن الحسن البصري مرفوعاً۔

اول: اس سند میں حسن بصری راوی تابعی ہے، لہٰذا یہ روایت مرسل ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

---

❶ تـهـذيب التـهذيب : ٢/٥٨. ❷ اسـمـاء الـضعفاء والـكذابين، ص : ١٩٣۔ ❸ تاريخ يـحيىٰ بن معين : ١/٢٠٣۔ ❹ كتـاب الـضـعفاء والـمتروكين، ص : ٣٠٦۔ ❺ كتاب الـضعفاء الـكبير : ٣٦٦/٤۔ ❻ كتـاب المجروحين : ٩٦/٣۔ ❼ الـمعرفة والـتاريخ : ١٤٧/٣۔ ❽ الـكاشف : ٢٠٢/٣۔ ❾ تقريب الـتهذيب، ص : ٣٦٧۔ ❿ كتاب الـضعفاء والـمتروكين ١٧٨/٣ لابن الجوزي.

امام ترمذی کہتے ہیں مرسل حدیث اکثر ائمہ حدیث کے نزدیک ضعیف ہے جس کو بہت سے ائمہ نے ضعیف قرار دیا ہے جن ائمہ کرام نے مرسل روایت کو ضعیف قرار دیا ہے وہ اس وجہ سے ہے کہ ائمہ نے ثقہ اور غیر ثقہ ہر قسم کے راویوں سے احادیث روایت کی ہیں جب کوئی مرسل حدیث راویت کرتا ہے تو اس میں احتمال ہوتا ہے کہ شاید اس نے کسی غیر ثقہ سے روایت کی ہو امام عتبہ بن ابی حکیم کہتے ہیں: امام زہری نے اسحاق بن عبداللہ بن ابی فروہ سے سنا وہ کہہ رہے تھے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، امام زہری کہنے لگے ابن ابی فروہ اللہ تجھے برباد کرے تو ہمارے پاس ایسی روایات لاتا ہے جن کی کوئی لگام (سند) نہیں ہوتی (یعنی مرسل روایت قابل حجت نہیں) ① امام مسلم کہتے ہیں: ہمارے اور محدثین کے قول کے مطابق مرسل روایت حجت نہیں ہے ② امام ابن ابی حاتم کہتے ہیں: میں نے اپنے والد امام ابو حاتم اور امام ابو زرعہ رازی کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ مراسیل قابل حجت نہیں اور دلیل کی بنیاد ایسی حدیث ہو سکتی ہے جس کی سند صحیح اور متصل ہو اور میری بھی یہی رائے ہے ③ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: مرسل کو مردود کی اقسام میں اس لیے ذکر کیا گیا ہے کہ اس میں محذوف راوی نامعلوم ہوتا ہے اس میں یہ احتمال موجود ہوتا ہے کہ محذوف راوی صحابی ہو یا تابعی اور تابعی ہونے کی صورت میں یہ احتمال رہتا ہے کہ وہ ضعیف ہو یا ثقہ پھر اگر ثقہ ہے تو یہ احتمال رہتا ہے کہ اس نے یہ حدیث صحابی سے سنی ہے یا تابعی سے اور پھر تابعی ثقہ ہے یا ضعیف علی ہذا القیاس یہ سلسلہ عقلی لحاظ سے تو غیر متناہی ہو سکتا ہے اور بلحاظ تتبع چھ سات سلسلوں تک چلا جاتا ہے کیونکہ بعض تابعین کا بعض سے روایت کا سلسلہ غالباً چھ سات سلسلوں تک ہی پایا جاتا ہے ④

---

① كتاب العلل الصغير، ص: ٢٩٠، ٢٩١۔ ② مقدمه صحيح مسلم: ١/١/٢٥۔

③ كتاب المراسيل، ص: ٧۔ ④ نزهة النظر، ص: ٤٨، ٤٩۔

جمہور محدثین، امام شافعی فقہاء اور اصحاب اصول کے نزدیک مرسل حدیث ضعیف شمار ہوتی ہے ① امام ابن الصلاح کہتے ہیں: اصولی طور پر مرسل روایت ضعیف اور نا قابل اعتبار ہے کیونکہ اس میں قبولیت کی شرائط میں سے دو شرائط معدوم ہیں یعنی ایک سند کا متصل ہونا دوسرا محذوف راوی کی جہالت ② امام خطیب بغدادی مرسل حدیث کی حیثیت کے بارے میں امام شافعی کے حوالے سے لکھتے ہیں: امام محمد بن ادریس الشافعی اور دوسرے اہل علم کا کہنا ہے کہ مرسل پر عمل کرنا واجب نہیں حفاظ اور ناقدین حدیث میں سے اکثر کا مسلک بھی یہی ہے۔ امام ابن حزم نے کہا مرسل وہ حدیث ہے جس کے ایک راوی اور نبی ﷺ کے درمیان ایک یا زائد ناقل (راوی) ساقط ہوں اسے منقطع بھی کہا جاتا ہے اور غیر مقبول ہے اس سے استدلال قائم نہیں ہوتا کیونکہ اس کا ماخذ مجہول ہوتا ہے ③ مرسل روایت درحقیقت ضعیف اور مردود احادیث کی ایک قسم ہے کیونکہ اس میں اتصال سند مفقود ہوتا ہے جبکہ یہ صحیح حدیث کی ایک لازمی شرط ہے اور محذوف راوی کا کوئی تعین نہیں ہوتا ممکن ہے وہ کوئی غیر صحابی ہو اور اس صورت میں اس کے ضعیف ہونے کا احتمال بڑھ جاتا ہے ④

❁❁❁

15. من كان له امام فقرأته له قراءة

''جو امام کی اقتدا میں ہو تو امام کی قراءت اس کی قراءت ہے۔''

15۔ سخت ضعیف ہے۔

---

❶ تدریب الراوی، ص: ۱۰۳۔ ❷ مقدمه ابن الصلاح، ص: ۲۶۔ ❸ اصول الحدیث، ص: ۳۲۸، ۳۲۹۔ ❹ تیسیر مصطلح الحدیث، ص: ۲۲، و علوم الحدیث، ص: ۲۱۳۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے ارواء الغلیل، جلد 2، حدیث نمبر: 500، ص: 268 پر نقل کیا ہے اور ''حسن'' کہا ہے۔ اس حدیث کے تمام طرق سخت ضعیف، مردود ہیں۔

پہلا طریق

اخرجه ابن ماجة (۸۵۰) والطحاوی : ۱۲۸/۱، و الدارقطنی (۱۲۶) وابن عدی فی ''الکامل'' ق : ۱/۵، و عبد بن حمید فی ''المنتخب'' : ۱۴۴/۲، و ابو نعیم فی ''الحلیة'' : ۳۳۴/۷ من طریق الحسن بن صالح بن حی عن جابر عن ابی الزبیر عن جابر مرفوعاً.

اول: اس کی سند میں ابوزبیر مشہور مدلس ہے ① یہ روایت معنعن ہے لہٰذا یہ سند ضعیف ہے۔

دوم: جابر جعفی راوی مدلس، کذاب، متروک، منکر الحدیث ہے اور اس سے حجت نہیں پکڑی جاتی، جابر پر جرح حدیث نمبر (12) پہلے طریق کے تحت گزر چکی ہے وہی ملاحظہ فرمائیں۔

دوسرا طریق

عن جابر ولیث عن ابی الزبیر عن جابر مرفوعاً.

اول: اس سند میں بھی سابقہ راوی ابوزبیر مدلس اور جابر جعفی مدلس، کذاب، متروک، منکر الحدیث اور رافضی ہے۔

دوم: لیث بن ابی سلیم راوی ضعیف، مضطرب الحدیث اور قابل حجت نہیں۔ امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے ② امام جوزجانی نے کہا: ''یضعف حدیثهٔ وقال لیس بثبت'' ③

---

① تعریف اهل التقدلیس، ص : ۱۵۱۔ ② کتاب الضعفاء والمتروکین، ص : ۳۰۲۔

③ کتاب احوال الرجال، ص : ۹۱۔

امام ابن حبان نے کہا: عمر کے آخری حصہ میں اختلاط کا شکار ہو گیا تھا اور سندوں کو الٹ پلٹ کر دیتا تھا اور مرسل روایات کو مرفوع کر دیتا تھا۔ امام یحییٰ بن سعید القطان اور امام عبدالرحمٰن بن مہدی اور امام احمد بن حنبل اور امام یحییٰ بن معین نے اس کو ترک کر دیا تھا① امام یحییٰ بن سعید اس سے روایت نہیں کرتے تھے امام احمد بن حنبل نے کہا: سخت ضعیف الحدیث ہے اور بہت غلطیاں کرتا تھا② امام یحییٰ بن معین نے کہا: قوی نہیں ضعیف ہے۔ امام احمد بن حنبل نے کہا: مضطرب الحدیث ہے امام ابو حاتم نے کہا: ضعیف الحدیث ہے۔ امام سفیان بن عیینہ نے کہا: ضعیف ہے۔

امام ابوزرعہ نے کہا: مضطرب الحدیث، لین الحدیث ہے۔ امام حاکم نے کہا: محدثین کے نزدیک قوی نہیں۔ امام یعقوب بن شیبہ نے کہا: صدوق، ضعیف الحدیث ہے۔ امام ساجی نے کہا: اس میں کمزوری اور برے حافظے والا بہت غلطیاں کرتا تھا۔ امام یحییٰ بن معین نے کہا: منکر الحدیث اور صاحب سنت تھا③ امام محمد بن سعد نے کہا: نیک صالح عابد تھا مگر حدیث میں ضعیف تھا④ امام دارقطنی نے کہا: برے حافظہ والا تھا قوی نہیں ضعیف تھا⑤ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: لیث صدوق عمر کے آخری حصہ میں اختلاط کا شکار ہو گیا تھا اور اس کی حدیث میں تمیز نہیں ہو سکی پس اس کی روایات کو ترک کر دیا گیا۔⑥

تیسرا طریق

عن ابی هارون العبدی عن ابی سعید الخدری مرفوعاً.

اول: اس سند میں عمارۃ بن جوبن ابوہارون عبدی راوی سخت ضعیف اور متروک الحدیث اور کذاب ہے۔

---

❶ كتاب المجروحين: ٢/ ٢٣١، ٢٣٢۔ ❷ سوالات ابن الجنيد، ص: ١١٣، ١٥٢۔
❸ تهذيب التهذيب: ١/ ٢١٢، ٢١٣ ❹ طبقات ابن سعد: ٥/ ٣٧١۔ ❺ سنن الدارقطني: ١/ ٦٨، ٢٣١، ٢/ ١٩٢۔ ❻ تقريب التهذيب، ص: ٢٨٧۔

امام المحدثین امام بخاری نے کہا: امام یحییٰ بن سعید القطان نے اس کو ترک کر دیا تھا① اور امام ھشیم نے اس کے بارے میں کلام کیا ہے②

امام یحییٰ بن معین نے کہا: ثقہ نہیں اور حدیث میں سچا نہ تھا③ امام جوزجانی نے کہا: کذاب، بہتان تراش تھا④ امام نسائی نے کہا: متروک الحدیث ہے⑤ امام ابن حبان نے کہا: رافضی تھا، ابوسعید خدری سے ایسی روایات بیان کرتا تھا جو ان کی حدیث میں سے نہیں تھی (مذکورہ روایت ابو ہارون عن ابی سعید خدری ہی ہے) امام احمد بن حنبل نے کہا: متروک ہے⑥ امام دارقطنی نے کہا: خارجی اور شیعہ تھا⑦ امام شعبہ نے کہا: ضعیف ہے امام احمد بن حنبل نے کہا: کچھ چیز نہیں۔ امام ابو زرعہ نے کہا: ضعیف الحدیث ہے۔ امام ابوحاتم نے کہا: ضعیف ہے۔ امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں اور اس کی حدیث نہ لکھی جائے۔ امام حماد بن زید نے کہا: کذاب تھا۔ امام حاکم نے کہا: متروک ہے۔ امام اسماعیل بن علیہ نے کہا: جھوٹ بولتا تھا۔ امام عثمان بن ابی شیبہ نے کہا: کذاب تھا۔ امام محمد بن سعد نے کہا: حدیث میں ضعیف تھا۔ امام ابن برقی نے کہا: "اھل البصرة یضعفونه" امام ابن عبدالبر نے کہا: اس کے ضعیف الحدیث ہونے پر محدثین کا اجماع ہے⑧ امام یحییٰ نے کہا: ضعیف ہے⑨ امام ذہبی نے کہا: ضعیف⑩ اور متروک ہے⑪ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: متروک، کذاب اور شیعہ تھا۔⑫

---

❶ کتاب الضعفاء للبخاری، ص: ۸۷۔ ❷ التاریخ الصغیر: ۱/ ۳۰۳۔ ❸ تاریخ یحیی بن معین: ۲/ ۱۱۷، ۱۷۱۔ ❹ کتاب احوال الرجال، ص: ۹۷۔ ❺ کتاب الضعفاء والمتروکین، ص: ۳۰۰۔ ❻ کتاب المجروحین: ۲/ ۱۷۷۔ ❼ الضعفاء والمتروکون للدارقطنی، ص: ۲۹۹۔ ❽ تهذیب التهذیب: ۴/ ۲۵۹۔ ❾ کتاب الضعفاء الکبیر: ۳/ ۳۱۴۔ ❿ المغنی فی الضعفاء: ۲/ ۱۰۶۔ ⓫ الکاشف: ۲/ ۲۶۲۔ ⓬ تقریب التهذیب، ص: ۲۵۱۔

امام یحییٰ بن معین نے کہا: غیر ثقہ اور جھوٹ بولتا تھا①

چوتھا طریق

سهل بن العباس الترمذی ثنا اسماعيل بن علية عن ايوب عن ابی الزبير عن جابر مرفوعاً.

اول: اس سند میں بھی سابقہ راوی ابوزبیر مشہور مدلس ہے۔

دوم: سہل بن عباس کے بارے میں امام دارقطنی نے کہا: ثقہ نہیں ہے②

امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے③ امام دارقطنی نے کہا، یہ حدیث منکر ہے اور سہل بن عباس متروک ہے④

پانچواں طریق

اخبرنا ابو حنيفة قال حدثنا ابو الحسن موسى بن ابی عائشة عن عبدالله بن شداد بن الهاد عن جابر بن عبدالله مرفوعاً.

اول: امام بیہقی اور امام دارقطنی نے کہا: یہ روایت مرسل ہے مرفوع نہیں⑤

دوم: عبداللہ بن شداد اور جابر بن عبداللہ کے درمیان راوی ابوولید کا واسطہ ہے⑥

اور امام بیہقی، امام دارقطنی، امام ابن خزیمہ نے کہا: ابوولید مجہول ہے⑦

سوم: ابوحنیفہ (نعمان بن ثابت) سخت ضعیف، متروک الحدیث، منکر الحدیث اور ناقابل حجت ہے۔ ابوحنیفہ پر محدثین کی جرح پیش خدمت ہے:

---

❶ سوالات ابن الجنيد، ص: ١٧۔ ❷ميزان الاعتدال: ٢/٢٣٩۔ ❸ المغني في الضعفاء: ١/٢٥٣۔ ❹ سنن الدارقطني: ١/٤٠٢۔ ❺ كتاب القراءة خلف الأمام، ص: ١١٢،١١٣۔ ❻ كتاب القراءة خلف الأمام، ص: ١١٤۔ ❼ كتاب القراءة خلف الأمام، ص: ١١٤۔

امام سفیان ثوری نے کہا: ثقہ نہیں ہے اور نہ مامون (نہ قابل اعتماد نہیں) ہے ① امام یحییٰ بن معین نے کہا: مرجی تھا اور اس کی دعوت دینے والوں میں سے تھا، حدیث میں کوئی چیز نہیں ② امام مسلم نے کہا: صاحب الرائے مضطرب الحدیث ہے اور اس کی زیادہ روایات صحیح نہیں ہیں ③ امام عبداللہ بن مبارک نے کہا: حدیث میں یتیم تھا ④ امام شافعی نے کہا: غلط مسئلے گھڑتا پھر ساری کتاب کو اس پر قیاس کرتا تھا ⑤ امام احمد بن حنبل نے کہا: جھوٹ بولتا تھا اس کی حدیث ضعیف ہے ⑥ امام جوزجانی نے کہا: اس کی حدیث اور رائے قابل اعتماد نہیں ہے ⑦ امام المحدثین امام بخاری نے کہا: مرجی تھا محدثین نے اس کی حدیث اور رائے سے خاموشی اختیار کی ہے ⑧ امام نسائی نے کہا: حدیث میں قوی نہیں اور بہت کم روایات بیان کرنے کے باوجود اکثر غلطیاں کر جاتا تھا ⑨

چہارم: امام المحدثین امام بخاری اس روایت کے متعلق کہتے ہیں کہ یہ روایت مرسل و منقطع ہونے کی وجہ سے علمائے مدینہ و علمائے عراق کے نزدیک ثابت نہیں ہے، اسے عبداللہ بن شداد نے رسول اللہ ﷺ سے مرسل روایت کیا ہے ⑩

چھٹا طریق

عاصم بن عصام عن يحيىٰ بن نصر بن حاجب عن مالك به مرفوعاً.

اول: یحییٰ بن نصر بن حاجب راوی ''متکلم فیہ'' ہے۔

---

① تاریخ ابی زرعة الدمشقی، ص: ۲۴۷۔ ② کتاب السنة: ۱/۲۲۱۔ ③ کتاب الکنی للمسلم، ص: ۳۱۰، و تاریخ بغداد: ۱۳/۴۵۱۔ ④ مختصر قیام اللیل، ص: ۲۱۲۔ ⑤ آداب الشافعی و مناقب، ص: ۱۷۱۔ ⑥ کتاب الضعفاء الکبیر: ۴/۲۸۴، ۲۸۵۔ ⑦ کتاب احوال الرجال، ص: ۷۵۔ ⑧ التاریخ الکبیر للبخاری ۷/۳۸۵، ۳۸۶۔ ⑨ کتاب الضعفاء والمتروکین، ص: ۳۱۰۔ ⑩ جز القراءة للبخاری، ص: ۷۲۔

امام ابوزرعہ نے کہا: کچھ چیز نہیں ہے۔ امام احمد بن حنبل نے کہا: یحییٰ بن نصر جہمی تھا①

دوم: امام دارقطنی نے مذکورہ سند و متن کے متعلق کہا ہے مالک اور وہب بن کیسان سے یہ روایت صحیح نہیں بلکہ باطل ہے اور عاصم بن عصام "لا یعرف" مجہول ہے②

ساتواں طریق

عن محمد بن الفضل بن عطية عن ابيه عن سالم بن عبدالله عن ابيه مرفوعاً.

اس سند میں محمد بن فضل بن عطیہ راوی کذاب، متروک الحدیث، سخت ضعیف اور کچھ بھی نہیں ہے، محمد بن فضل پر جرح حدیث نمبر(8) کے چوتھے طریق کے تحت گزر چکی ہے۔ لہٰذا وہی ملاحظہ فرمائیں۔

آٹھواں طریق

عن خارجة عن ايوب عن نافع عنه مرفوعاً.

اس سند میں خارجہ بن مصعب راوی مدلس، کذاب، متروک، منکر الحدیث اور نا قابل احتجاج ہے۔ وضاحت پیش خدمت ہے:

امام یحییٰ بن معین نے کہا: یہ کچھ بھی نہیں اور ثقہ نہیں ہے③ امام علی بن مدینی نے کہا: ضعیف ہے④ امام نسائی نے کہا: متروک الحدیث ہے⑤ امام دارقطنی نے کہا: ضعیف ہے⑥

---

❶ میزان الاعتدال: ۴/۴۱۲۔ ❷ لسان المیزان: ۳/۲۲۰۔ ❸ تاریخ یحییٰ بن معین: ۱/۱۸۲،۲۶۲۔ ❹ سوالات محمد بن عثمان بن ابی شیبہ، ص: ۲۶۔ ❺ کتاب الضعفاء والمتروکین، ص: ۲۸۹۔ ❻ سنن الدارقطنی: ۱/۳۵۱۔

امام ابن حبان نے کہا: اس کی حدیثوں میں موضوع (جھوٹی) روایات بھی ہیں اس لیے اس سے احتجاج کرنا جائز نہیں ہے ① امام یعقوب بن سفیان نے کہا: میں نے اپنے اصحاب (محدثین) کو کہتے ہوئے سنا کہ ضعیف ہے ② امام یحییٰ بن معین نے کہا: اس کی حدیث نہ لکھی جائے اور امام ابن ابی خیثمہ نے کہا: وہ کچھ بھی نہیں ہے ③ امام احمد بن حنبل نے کہا: اس کی حدیث نہ لکھی جائے اور امام یحییٰ بن معین نے کہا: ضعیف اور کذاب ہے۔ امام المحدثین امام بخاری نے کہا: امام عبداللہ بن مبارک اور امام وکیع نے اس کو ترک کر دیا تھا۔ امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں ہے ضعیف ہے۔ امام محمد بن سعد نے کہا: محدثین نے اس کی حدیث کو ترک کر دیا تھا۔ امام ابن خراش اور امام حاکم نے کہا: متروک الحدیث ہے۔

امام یعقوب نے کہا: کہ ہمارے تمام اصحاب الحدیث کے نزدیک اس کی حدیث ضعیف ہے۔ امام ابوحاتم نے کہا: مضطرب الحدیث ہے قوی نہیں اس کی حدیث لکھی جائے لیکن نا قابل حجت ہے۔ امام ابوداؤد نے کہا: ضعیف اور کچھ بھی نہیں ہے۔ امام ابن جارود، امام عقیلی اور امام ابوزرعہ نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ④ امام ذہبی نے کہا: سخت ضعیف ہے ⑤ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: متروک ہے اور کذاب راویوں سے تدلیس کرتا تھا۔ امام ابن معین نے اسے کذاب کہا ہے ⑥ (مذکورہ روایت خارجہ بن مصعب نے عن سے روایت کی ہے)۔

نواں طریق

احمد بن عبدالله بن ربيعة بن العجلان حدثنا سفيان بن سعيد الثوری عن مغيرة عن ابراهيم عن علقمة عن عبدالله بن مسعود رضی الله عنه مرفوعاً.

اول: اس سند میں ابراہیم اور مغیرہ اور سفیان ثوری مدلس ہیں ⑦

---

❶ كتاب المجروحين: ١/٢٨٨. ❷ المعرفة والتاريخ: ٣/١٤٧. ❸ اسماء الضعفاء والكذابين، ص: ٨٤. ❹ تهذيب التهذيب: ٢/٤٩، ٥٠. ❺ الكاشف: ١/٢٠١.
❻ تقريب التهذيب، ص: ٨٧. ❼ تعريف اهل التقديس، ص: ٩٨، ١١٣، ١٥٥.

دوم: اس روایت میں احمد بن عبداللہ بن ربیعۃ بن العجلان مجہول ہے ①

ان (9) طریق کے علاوہ بھی چند اور طریق ہیں جو کہ ضعیف ہیں طوالت کے خوف کی وجہ سے انہی پر اکتفاء کیا ہے یہ حدیث " من کان له امام " اپنے جمیع طرق کے اعتبار سے ضعیف ہے اس کا مرفوع متصل ہونا ثابت نہیں، محدثین نے اس حدیث کو ضعیف ہی کہا ہے۔ وضاحت پیش خدمت ہے: امام المحدثین امام بخاری نے کہا: کہ یہ روایت مدینہ اور عراق وغیرہ کے علماء کے نزدیک بوجہ اس کے مرسل و منقطع ہونے کے ثابت نہیں ہیں ② امام ابن حزم نے کہا: یہ حدیث ضعیف ہے ③ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: اس روایت کے تمام طریق معلول ہیں ④ امام ابن کثیر نے کہا: کہ یہ حدیث مختلف طرق سے مروی ہے اور اس کا کوئی طریق رسول اللہ ﷺ سے صحیح نہیں ⑤ امام ابن جوزی نے کہا: یہ حدیث مختلف صحابہ سے مروی ہے مگر ان میں کوئی طریق ثابت نہیں ⑥ امام ابن قیم نے کہا: یہ حدیث ضعیف ہے ⑦ امام بیہقی نے اس حدیث کو مرسل اور اس کے تمام طرق کو ضعیف کہا ہے ⑧ امام دارقطنی، امام ابن خزیمہ نے اس حدیث کو ضعیف کہا ہے ⑨

❀❀❀

16. بسم الله توكلت على الله لا حول و لا قوة الا باالله۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب آدمی اپنے گھر سے نکلتا ہے اور یہ دعا پڑھتا ہے۔ ''اللہ کے نام سے (نکلتا ہوں) اللہ پر بھروسہ کرتا ہوں۔ نقصان سے بچنے کی طاقت اور فائدے کے حصول کی قوت اللہ کی توفیق کے بغیر (کسی میں نہیں ہے)

....

16۔ ضعیف ہے۔

---

❶ میزان الاعتدال: ۱/۱۰۹ ❷ جز القراءة للبخاری، ص: ۷۲ ❸ المحلی: ۲/۲۳۳۔ ❹ تلخیص الحبیر ۱/۲۳۲ ❺ تفسیر ابن کثیر ۱/۱۲ ❻ العلل المتناہیۃ ۱/۳۲۱۔ ❼ اعلام الموقعین ۱/۲۷۳ ❽ جز القراءة للبیہقی، ص: ۱۱۲ ❾ جز القراءة للبیہقی، ص ۱۱۴۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے صحیح سنن ترمذی میں نقل کر کے صحیح کہا ہے اور محترم ابو عبدالسلام عبدالرؤف بن عبدالحنان نے ''القول المقبول فی تخریج و تعلیق صلوة الرسول '' ص756 پر حسن کہا ہے نیز حصن المسلم میں صفحہ 34 اور اقبال کیلانی نے ''دعا کے مسائل'' صفحہ 101 پر علامہ البانی سے ہی نقل کیا ہے کہ صحیح ہے اس حدیث کو امام ترمذی اور امام ابن حبان نے بھی صحیح کہا ہے۔

پہلا طریق

حجاج بن محمد و یحیی بن سعید الاموی کلاھما عن ابن جریج عن اسحاق بن عبدالله بن ابی طلحة عن انس بن مالك

اس سند سے اس حدیث کو سنن ابی داؤد (5095) سنن ترمذی (3426) نسائی نے عمل (89) ابن ابی الدنیا نے توکل (21) ابن حبان (3/104) طبرانی نے دعا (407) ابن سنی (178) نے انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے یہ سند راوی ابن جریج کی تدلیس کی وجہ سے ضعیف ہے ① نیز امام المحدثین امام بخاری نے کہا: ابن جریج کی اسحاق بن عبداللہ سے مجھے یہی ایک روایت معلوم ہے ابن جریج کا اسحاق سے مجھے سماع معلوم نہیں۔

دوسرا طریق

رواہ سنن ابن ماجہ (۳۸۸۵) طبرانی نے (406)، (409) بخاری نے الادب المفرد (1197) ابن ابی الدنیا نے توکل (24) ابن سنی (177) مستدرک حاکم (519/1) میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

ان تمام کتب احادیث کی سند میں مرکزی راوی عبداللہ بن حسین بن عطاء ضعیف اور متروک ہے امام المحدثین امام بخاری نے کہا کہ ''فیہ نظر'' (یہ متروک و متہم ہے) ②

---

① تعریف اهل التقدیس ص ۱۴۱-۱۴۲ و التدلیس فی الحدیث ص ۴۲۹-۴۳۰ ② التاریخ الکبیر للبخاری ۴/۳۷۷، ۳۷۸.

امام ابوزرعہ نے کہا: عبداللہ بن حسین ضعیف ہے ① امام ابن حبان نے کہا: غلطی کر جاتا تھا پس اس نے کثرت کے ساتھ خطائیں کی ہیں حتی کہ ترک کر دیئے جانے کا مستحق ہے ② امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے ③ امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ④

تیسرا طریق

سنن ابن ماجہ (3886) وغیرہ میں راوی ہارون بن ہارون ضعیف منکر الحدیث ہے۔
امام المحدثین امام بخاری نے کہا: اس کی حدیث میں متابعت نہیں کی گئی ⑤ اور پھر کہا "**لیس بذاك**" ⑥ امام ابن حبان نے کہا: یہ ثقہ راویوں سے جھوٹی حدیثیں روایت کرتا تھا اس لیے یہ قابل حجت نہیں ہے ⑦ امام دارقطنی نے کہا: ضعیف ہے ⑧ امام ابوحاتم نے کہا: اس کی حدیث میں مطابعت نہیں کی گئی اور منکر الحدیث ہے قوی نہیں۔ امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے۔ امام ابن عدی نے کہا: ثقہ راویوں نے اس کی حدیث کی متابعت نہیں کی ⑨

امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے ⑩ امام ذہبی نے کہا: محدثین نے اس کو ضعیف کہا ہے ⑪ اور امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ⑫ امام عقیلی نے بھی اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ⑬ امام المحدثین امام بخاری نے کہا: منکر الحدیث ہے (سخت ضعیف) ہے ⑭

---

① کتاب الضعفاء للرازی ص ۵۳۷ ② کتاب المجروحین ۱۱/۲ ③ تقریب التہذیب ص ۱۷۱ ④ المغنی فی الضعفاء ۵۳۰/۱ ⑤ التاریخ الصغیر للبخاری ۱۷٦/۲ ⑥ کتاب الضعفاء للبخاری ص ۱۱۷ ⑦ کتاب المجروحین ۹۴/۳ ⑧ موسوعة اقوال الدارقطنی ۲۸۹/۲ ⑨ تہذیب التہذیب ۱۴/٦ ⑩ تقریب التہذیب ص ۳٦۲ ⑪ الکاشف ۱۹۱/۳ ⑫ المغنی فی الضعفاء ۴۷۱/۲ ⑬ کتاب الضعفاء الکبیر ۳۵۹/۴ ⑭ خلاصہ تذهیب تهذیب الکمال ۱۱۰/۳

امام ابوزرعہ رازی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ①

۞۞۞

17. اللهم انی اسئلك خير المولج و خير المخرج بسم الله ولجنا وعلى ربنا توكلنا

جب آدمی اپنے گھر میں داخل ہو تو کہے۔ ''اے اللہ! میں آپ سے سوال کرتا ہوں گھر میں داخل ہونے اور نکلنے کی بھلائی کا۔ اللہ تعالیٰ کا نام لے کر ہم داخل ہوتے ہیں اور اپنے رب ہی پر ہم بھروسہ کرتے ہیں۔''

....

17۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے **سلسلة الاحاديث الصحيحة** حدیث نمبر 225 میں صحیح کہا ہے اور بعد میں اپنی وفات سے پہلے حکم سے رجوع کرتے ہوئے علامہ البانی نے سلسلۃ الضعیفۃ حدیث نمبر 5832 اور الکلم الطیب التحقیق الثانی (62) میں اس حدیث کو ضعیف کہا ہے نیز محمد اقبال کیلانی نے ''دعا کے مسائل'' ص 102 اور حصن المسلم میں ص 35 پر نقل کرنے کے بعد علامہ البانی سے اس حدیث کے صحیح ہونے کا حکم لگایا ہے لیکن علامہ البانی نے تحقیق ثانی میں وضاحت کردی ہے کہ یہ حدیث ضعیف ہے صحیح نہیں۔ لہٰذا اہل علم کا یہ حکم لگانا بے کار ہے اس حدیث کو سنن ابوداود (5096) اور طبرانی نے کبیر 336/3 میں شریح بن عبید حضرمی کی سند سے ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے مگر شریح بن عبید کی ابو مالک اشعری سے روایت مرسل ہے ② اور مرسل روایت محدثین کے نزدیک ضعیف ہے۔

۞۞۞

---

① كتاب الضعفاء للرازی ٢/٦٢٨ ② كتاب المراسيل ص ٩٠

18. اللهم اهله علينا باليمن والايمان والسلامة والاسلام والتوفيق لما تحب وترضى ربى وربك الله.

(اول رات چاند دیکھنے کے وقت کی دعا) ''یا اللہ! ہم پر یہ چاند امن ایمان سلامتی اور اسلام کے ساتھ طلوع فرما (اے چاند) میرا اور تیرا رب اللہ ہے۔''

....

18۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الا حاديث الصحيحة جلد 4، حدیث نمبر 1816، ص 430 پر نقل کر کے حسن کہا ہے اور محترم عبد الرؤف بن عبد الحنان صاحب نے ''القول المقبول فی تخریج وتعلیق صلوٰۃ الرسول'' ص 754 پر حسن کہا ہے نیز محمد اقبال کیلانی نے ''روزوں کے مسائل'' ص 24 پر اور ''حصن المسلم'' میں ص 166 پر نقل کیا ہے۔

پهلا طريق:

اس حدیث کو سنن ترمذی (3451)، سنن دارمی 2/3-4 مسند احمد 162/1، تاریخ کبیر 109/2، مسند عبد بن حمید (103)، مسند ابویعلیٰ (661-662) کتاب الضعفاء الکبیر 136/2 طبرانی نے دعا (903) میں، ابن سنی (641)، ابن عدی 1121/3 مستدرک حاکم 285/4 خطیب بغدادی 324-325/4، نے طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

ان تمام کتب احادیث کی سند میں سلیمان بن سفیان مدنی راوی متروک، منکر الحدیث اور کچھ بھی نہیں ہے۔ امام نسائی نے کہا ثقہ نہیں ہے ①

---

① كتاب الضعفاء والمتروكين ص ۲۹۴

امام المحدثین امام بخاری نے کہا: منکر الحدیث ہے ① امام یحییٰ بن معین نے کہا: کچھ چیز نہیں ہے ② پھر کہا: ثقہ نہیں ہے ③ امام علی بن مدینی نے کہا: منکر حدیثیں روایت کرتا ہے۔ امام ابو حاتم نے کہا: ثقہ راویوں سے منکر حدیثیں روایت کرتا ہے۔ امام ابو زرعہ رازی نے کہا: منکر الحدیث ہے۔ امام یعقوب بن شیبہ نے کہا: اس کی احادیث منکر ہیں۔ امام دولابی نے کہا: ثقہ نہیں ہے امام دارقطنی نے کہا: ضعیف ہے ④ امام عقیلی نے اس حدیث کو ذکر کرنے کے بعد کہا: اس کی تمام اسناد کمزور ہیں اور اس حدیث میں سلیمان بن سفیان کی مطابقت نہیں کی گئی ⑤ علامہ ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے ⑥ امام ذہبی نے کہا: محدثین نے سلیمان بن سفیان کو ضعیف کہا ہے ⑦ اس سند میں دوسرا راوی بلال بن یحییٰ بن طلحہ کے متعلق امام ابن حجر عسقلانی کہتے ہیں: لین (کمزور) ہے ⑧

دوسرا طریق

سنن دارمی 4/2، صحیح ابن حبان (2374)، اور طبرانی نے معجم کبیر میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

اس سند میں عبدالرحمٰن بن عثمان بن ابراہیم حاطب راوی کے متعلق امام ابو حاتم نے کہا ضعیف الحدیث ہے ⑨ اس کے متعلق انہوں نے کہا: اپنے باپ سے منکر حدیثیں روایت کی ہیں ⑩ (اور یہ حدیث اس نے اپنے باپ سے ہی روایت کی ہے)

❀❀❀

---

① کتاب الضعفاء للبخاری ص۱۴۳ ② سوالات ابن الجنید ص۱۰۳ ③ کتاب الضعفاء الکبیر ۱۳۵/۲ ④ تہذیب التہذیب ۲/۲۰۵،۲۰۶ ⑤ کتاب الضعفاء الکبیر ۱۳۶/۲ ⑥ تقریب التہذیب ص ۱۳۳ ⑦ المغنی فی الضعفاء ۴۳۸/۱ ⑧ تقریب التہذیب ص ۴۹ ⑨ کتاب الجرح والتعدیل ۳۲۲/۵ ⑩ کتاب الجرح والتعدیل ۱۸۱/۲

19. اللهم بارك لنا فيه و اطعمنا خيرا منه. اللهم بارك لنا فيه و زدنا منه.

''(جسے اللہ کھانا کھلائے وہ کہے) اے اللہ! ہمارے لیے اس میں برکت فرما اور ہمیں اس سے بہتر کھلا (اور جسے اللہ دودھ پلائے وہ کہے) اے اللہ ہمارے لیے اس میں برکت فرما اور ہمیں اس میں سے زیادہ دے۔''

....

19۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الاحادیث الصحیحة جلد 5 ص 411 تا 413، حدیث نمبر 2320 میں نقل کیا ہے اور حسن کہا ہے، محمد اقبال کیلانی نے ''دعا کے مسائل'' ص 110 پر اور ''حصن المسلم'' ص 170-169 پر نقل کیا ہے۔

پہلا طریق

سنن ابی داؤد (3730) سنن ترمذی (3455) نسائی نے ''عمل'' (287-286) ابن السنی نے ''عمل'' (474) ابو الشیخ نے اخلاق (179) مسند احمد 284,225/1، ابن سعد 397/1، بغوی نے شرح السنة (3055) میں ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

اول: اس روایت کی سند میں عمر بن حرملہ راوی مجہول ہے ① سند میں دوسرا راوی علی بن زید بن جدعان ضعیف اور قابل حجت نہیں ہے۔ علی بن زید پر جرح حدیث نمبر (1) پہلے طریق کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

دوسرا طریق

رواه ابو عبدالله بن مروان القرشي في "الفوائد" 2/113/25 حدثنا محمد بن اسحاق بن الحويص ثنا هشام بن عمار ثنا ابن عياش حدثنا ابن جريج قال و ابن زياد عن ابن شهاب عن عبيدالله بن عتبة عن.....

---

① تقریب التہذیب ص ۲۵۲

اول: یہ سند راوی ابن شہاب کی تدلیس کی وجہ سے ضعیف ہے ①

دوم: سند میں ابن جریج بھی مدلس ہے ②

سوم: سند میں عبدالرحمٰن بن زیاد بن انعم الافریقی مدلس ہے ③

''عن'' سے روایت ہے کر رہا ہے نیز عبدالرحمٰن بن زیاد راوی ضعیف ، منکر الحدیث اور نا قابل حجت ہے۔ امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے ④ امام ترمذی نے کہا: اصحاب الحدیث کے نزدیک عبدالرحمٰن بن زیاد ضعیف ہے ⑤

امام یحییٰ بن معین نے کہا: ضعیف ہے ⑥ امام علی بن مدینی نے کہا: میرے اصحاب (محدثین) نے کہا: ضعیف ہے اور اس کی احادیث کا انکار کیا کہ معروف نہیں ہے ⑦ امام ابوزرعہ رازی نے کہا: قوی نہیں ہے ⑧ امام المحدثین امام بخاری نے کہا: ''فی حدیثه بعض المناكير'' ⑨ امام ابن حبان نے کہا: کہ ثقہ راویوں سے (جھوٹی) حدیثیں روایت کرتا تھا ⑩ امام یحییٰ بن سعید القطان نے کہا: ضعیف ہے۔ امام احمد بن حنبل نے کہا: منکر الحدیث ہے اور کچھ بھی نہیں ہے۔ امام یعقوب بن سفیان نے کہا: اس میں کوئی حرج نہیں اور حدیث میں کمزور ہے۔ امام ابوحاتم اور امام ابوزرعہ نے کہا: ضعیف ہے۔ امام صالح بن محمد نے کہا: منکر الحدیث ہے لیکن نیک آدمی تھا۔ امام ابن خزیمہ نے کہا: قابل حجت نہیں: امام ابن خراش نے کہا: متروک ہے۔

---

❶ تعریف اهل التقديس ص ١٥٢ ❷ تعريف اهل التقديس ص ١٤٢ ❸ كتاب تعريف اهل التقديس ص ١٧٨ ❹ كتاب الضعفاء و المتروكين ص٢٩٦ ❺ سنن ترمذی ابواب الصلوة ص١١٣ ❻ تاريخ عثمان بن سعيد الدارمی ص ١٤١ ❼ سوالات محمد بن عثمان بن ابی شيبة ص ١٥٦ ❽ كتاب الضعفاء للرازی ٣٨٩/٢ ❾ كتاب الضعفاء للبخاری ص١٢٦ ❿ كتاب المجروحين ٥٠/٢

امام ابن عدی نے کہا: اس کی عام احادیث میں متابعت نہیں کی گئی ① امام دارقطنی نے کہا: ضعیف ہے اور قابل حجت نہیں ہے ② امام ذہبی نے کہا: ضعیف ہے ③ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: حافظہ کی وجہ سے ضعیف ہے ④ امام فلاس نے کہا: امام یحییٰ اور امام عبدالرحمٰن بن مھدی اس سے حدیث روایت نہیں کرتے تھے ⑤ امام احمد بن حنبل نے کہا: اس کی حدیثیں منکر ہیں ⑥ اور سخت ضعیف ہے ⑦ امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ⑧ علامہ البانی نے بھی عبدالرحمٰن بن زیاد کو ضعیف کہا ہے ⑨

تیسرا طریق

سنن ابن ماجه 314/2 حدثنا هشام بن عمار ثنا اسماعيل بن عياش ثنا ابن جريج عن ابن شهاب عن عبيدالله بن عبدالله بن عتبة عن ابن عباس مرفوعًا.

اس روایت کی سند میں راوی ابن جریج اور دوسرا راوی ابن شہاب مدلس ہیں ⑩

دونوں راوی ''عن'' سے روایت کررہے ہیں لہٰذا یہ سند بھی معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔ نیز اس سند میں اسماعیل بن عیاش کے متعلق امام بخاری اور دیگر محدثین نے وضاحت کی ہے کہ اس کی اہل شام سے روایات صحیح ہیں اور اہل شام کے علاوہ ضعیف ہیں۔ اسماعیل بن عیاش نے یہ روایت امام ابن جریج سے کی ہے اور وہ مکی ہے، لہٰذا یہ روایت ضعیف ہے۔ ⑪

---

① تهذيب التهذيب ٣/ ٣٦١، ٣٦٢ ② سنن الدارقطني ١/ ٥٠٢ ③ الكاشف ٢/ ١٤٦ ④ تقريب التهذيب ص ٢٠٢ ⑤ ميزان الاعتدال ٢/ ٥٦٣ ⑥ خلاصه تذهيب تهذيب الكمال ٢/ ١٣٢ ⑦ المغني في الضعفاء ١/ ٢٠١ ⑧ المغني في الضعفاء ١/ ٢٠١ ⑨ احاديث ضعيفه كا مجموعه ص ١٠٣، ١٠٥ ⑩ كتاب تعريف اهل التقديس ص ١٤٢، ١٥٢ ⑪ تهذيب التهذيب ١/ ٢٠٥.

20. ادعوا الله و انتم موقنون بالاجابة واعلموا ان الله لا يستجيب دعا من قلب غافل لاه.

''اللہ تعالیٰ سے قبولیت کے مکمل یقین کے ساتھ دعا کیا کرو اور یاد رکھو اللہ تعالیٰ غافل اور بے دھیان دل کی دعا قبول نہیں کرتا۔''

20۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الاحادیث الصحیحة جلد نمبر 2، حدیث نمبر 594، ص 141 پر نقل کر کے حسن کہا ہے اور محمد اقبال کیلانی نے ''دعا کے مسائل'' ص 38 پر نقل کیا ہے۔

پہلا طریق

سنن ترمذی 261/2، مستدرك حاكم 493/1 كتاب المجروحين 372/1، ابن عدی 62/4، تاريخ بغداد 356/4، مفتاح معانی الآثار (7,6)، ابن عساكر 1/61/5، عن صالح المرى عن هشام بن حسان عن محمد بن سيرين عن ابی هريره مرفوعًا.

اول: اس سند میں ہشام بن حسان مدلس ہے ① مدلس کی ''عن'' والی روایت ضعیف ہوتی ہے۔

دوم: سند میں دوسرا راوی صالح بن بشیر ابو بشر المری منکر الحدیث، متروک الحدیث اور کذاب ہے۔ وضاحت پیش خدمت ہے: امام علی بن مدینی نے کہا: کچھ چیز نہیں ہے، ضعیف ہے ② امام المحدثین امام بخاری نے کہا: منکر الحدیث ہے ③

---

① تعريف اهل التقديس ص۱۵۸ ② سوالات محمد بن عثمان بن ابی شيبة ص۵۲ ③ كتاب الضعفاء للبخاری ص۵۵

امام نسائی نے کہا: متروک الحدیث ہے ① امام دارقطنی نے کہا: نیک انسان ہے مگر ضعیف الحدیث ہے ② امام جوز جانی نے کہا: واہی الحدیث ہے ③ امام ابن حبان نے کہا: ثقہ راویوں سے موضوع (جھوٹی) حدیثیں روایت کرتا تھا اس لئے ترک کر دیئے جانے کا مستحق ہے۔ امام ابن حبان نے اس کے ترجمہ میں اس حدیث کا بھی ذکر کیا ہے ④ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے اور اس کی جھوٹی حدیثوں کی نشاندہی بھی کی ہے ⑤ امام یحییٰ بن معین نے کہا: اس میں کوئی حرج نہیں پھر کہا: ضعیف الحدیث ہے، کچھ چیز نہیں ہے۔ امام عمرو بن علی نے کہا: ضعیف الحدیث ہے ثقہ راویوں سے منکر حدیثیں روایت کرتا تھا اور نیک آدمی تھا اس کو حدیث میں وہم ہوتا تھا۔ امام ابو داؤد نے کہا: اس کی حدیث نہ لکھی جائے۔ امام نسائی نے کہا: ضعیف الحدیث ہے اس کی حدیثیں منکر ہیں۔ امام ابن عدی نے کہا: اس کی حدیثیں منکر ہیں اور صاحب حدیث نہیں ہے۔ امام ابو احمد الحاکم نے کہا: محدثین کے نزدیک قوی نہیں ہے۔ امام اسماعیل بن علیہ نے کہا: ثقہ نہیں ہے ⑥ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے ⑦ امام ذہبی نے کہا: محدثین نے اس کو ضعیف کہا ہے ⑧ امام احمد بن حنبل نے کہا: قصہ گو ہے حدیث میں معروف نہیں اور نہ صاحب حدیث ہے۔ امام الفلاس نے کہا: منکر الحدیث جداً ہے ⑨ امام ذہبی نے اس کے ترجمہ میں اس حدیث کا بھی ذکر کیا ہے۔ امام ذہبی نے اس کو ضعفاء میں شمار کیا ہے اور کہا ہے کہ امام ابو داؤد نے اس کو چھوڑ دیا تھا۔ ⑩

---

❶ کتاب الضعفاء والمتروکین ص ۲۹۴ ❷ موسوعة اقوال الدارقطنی ۱/ ۳۲۲ ❸ احوال الرجال ص ۱۲۰ ❹ کتاب المجروحین ۱/ ۳۷۴ ❺ کتاب الضعفاء الکبیر ۲/ ۱۹۹ ❻ تهذیب التهذیب ۲/ ۵۲۶ ❼ تقریب التهذیب ص ۱۴۸ ❽ الکاشف ۲/ ۱۷ ❾ میزان الاعتدال ۲/ ۲۸۹ ❿ المغنی فی الضعفاء ۱/ ۴۷۸

دوسرا طریق

رواه مسند احمد 177/2، حدثنی ابی حدثنا حسن حدثنا ابن لهیعة حدثنا بکر بن عمرو عن ابی عبدالرحمن الحبلی عن عبدالله بن عمرو مرفوعًا.

اس سند میں راوی ابن لہیعہ عمر کے آخری دور میں اختلاط کا شکار ہو گئے تھے ① اور جو راوی اختلاط کا شکار ہو جائے تو اختلاط سے قبل والی روایت صحیح اور اختلاط کے بعد والی روایت ضعیف ہوتی ہے اور ابن لہیعہ سے اختلاط سے قبل امام عبداللہ بن مبارک، امام عبداللہ بن وہب، امام عبداللہ بن یزید، امام شعبہ اور امام ثوری وغیرہ کی روایات صحیح ہیں ② لیکن اس سند میں ابن لہیعہ سے روایت کرنے والا راوی حسن نے اختلاط کے بعد سنا ہے لہٰذا یہ سند ضعیف ہے۔

❀❀❀

21. علیك بحسن الخلق، و طول الصمت، فوالذی نفسی بیده ماعمل الخلائق بمثلهما.

''تو اپنے اوپر اچھا اخلاق اور زیادہ خاموش رہنا لازم کر، قسم ہے اُس ذات کی، جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، مخلوق کا کوئی دوسرا عمل ان کے برابر نہیں۔''

21۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے **سلسلة الاحادیث الصحیحة** جلد 4، حدیث نمبر 1938، ص 576، پر نقل کر کے حسن کہا ہے۔

---

① نهایة الاغتباط ص190 تا197، والكواكب النیرات ص ۲۸۱،۲۸۳ ② كواكب النیرات ص ۲۸۱،۲۸۳

پهلا طریق

اخرجه ابو یعلی فی مسنده 834/2، الطبرانی فی الاوسط (7245)، شعب الایمان 1/65/1، ابن ابی الدنیا فی الصمت 2/32/4، البزار (ص329)من طریق بشار بن الحکم نا ثابت البنانی عن انس مرفوعًا.

اس سند میں بشار بن حکم راوی منکر الحدیث اور ضعیف ہے۔

امام ابن حبان نے کہا: منکر الحدیث جدًا، ینفرد عن ثابت البنانی باشیاء لیست من حدیثه، ① امام ابو زرعہ نے کہا: منکر الحدیث ہے ② امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ③

امام ابو زرعہ رازی نے کہا: ضعیف الحدیث ہے اس نے ثابت البنانی سے منکر حدیثیں روایت کی ہیں ④ (مذکورہ راوی بشار بن حکم عن ثابت البنانی ہی ہے۔) امام ابن عدی نے کہا: بشار بن حکم نے ثابت البنانی سے منکر حدیثیں روایت کی ہیں اور اس کی متابعت نہیں کی گئی ⑤ امام ابن حجر عسقلانی نے اس کے ترجمہ میں اس حدیث کا ذکر بھی کیا ہے۔

دوسرا طریق

ابن ابی الدنیا 2/39/4، عن محمد بن عبدالعزیز التیمی عن جلیس لهم عن الشعبی قال. قال رسول الله ﷺ.

اول: یہ سند مرسل ہے اور مرسل روایت محدثین کے نزدیک ضعیف ہے دیکھیے حدیث نمبر (14) چوتھے طریق کے تحت۔

---

① کتاب المجروحین ۱/۱۹۱ ② میزان الاعتدال ۱/۳۰۹ ③ المغنی فی الضعفاء ۱/۱۵۸ ④ کتاب الضعفاء للرازی ۲/۳۵۴ ⑤ لسان المیزان ۲/۱۲۔

دوم: راوی جلیس کا راقم کو کتب اسماء الرجال میں ترجمہ نہیں ملا لہذا یہ مجہول الحال ہے۔

❀❀❀

22. **لیلة القدر سابعة او تاسعة وعشرین ان الملائکة تلک اللیلة فی الارض اکثر من عدد الحصی.**

”لیلۃ القدر ستائیسویں یا انتیسویں رات ہے اور اس رات میں زمین پر اس قدر فرشتے موجود ہوتے ہیں کہ ان کی تعداد کنکریوں سے بھی زیادہ ہوتی ہے۔“

22۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے **سلسلة الاحادیث الصحیحة** جلد 5، حدیث نمبر 2205، ص 240، پر نقل کر کے حسن کہا ہے۔

مسند ابو داود الطیالسی (2545) مسند احمد 519/2، ابن خزیمة 223/2، عن عمران القطان عن قتادہ عن ابی میمونة عن ابی هریرة مرفوعا.

اس روایت کی سند میں قتادہ راوی مشہور مدلس ہے [1] اور عن کے ساتھ روایت کر رہا ہے لہذا یہ روایت معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

❀❀❀

---

[1] تعریف اهل التقدیس ص ۱۴۶، ۱۴۷

23. اذا اتاكم من ترضون خلقه و دينه فزوجوه الا تفعلوا تكن فتنة فی الارض و فساد عریض .

''جب تم سے ایسا شخص رشتہ طلب کرے جس کی دین داری اور اخلاق تمھیں پسند ہوں تو اس سے نکاح کرواگر تم ایسا نہ کروگے تو زمین میں بڑا فتنہ اور بڑی خرابی پیدا ہوگی ۔''

23۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کوعلامہ البانی نے سلسلة الاحادیث الصحیحة جلد3، حدیث نمبر 1022، ص20، پر نقل کر کے حسن کہا ہے۔

پہلا طریق

سنن الترمذی 201/1، سنن ابن ماجة 606-607/1، مستدرك حاکم 164-165/2، تاریخ بغداد 61/11،من طریق عبدالحمید بن سلیمان الانصاری.اخو فلیح.عن محمد بن عجلان عن ابن وثمیة البصری عن ابی هریرة مرفوعًا.

اول: محمد بن عجلان راوی مدلس ہے ① معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

دوم: عبدالحمید بن سلیمان راوی ضعیف اور کچھ بھی نہیں ہے امام ابن حبان نے کہا: غلطی کر جاتا تھا اور سندوں کو الٹ پلٹ کر دیتا تھا جب یہ چیز اس کی روایت میں زیادہ ہوگئی تو اس سے دلیل پکڑنا باطل ہوگیا ② امام ابن حبان نے اس کے ترجمہ میں اس حدیث کا بھی ذکر کیا ہے۔امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے ③ امام علی بن مدینی نے کہا: ضعیف ہے ④

---

① تعریف اهل التقدیس ص ۱۴۹،۱۵۰ ② کتاب المجروحین ۱۴۱/۲ ③ کتاب الضعفاء والمتروکین ص۲۹۸ ④ سوالات محمد بن عثمان بن ابی شیبة ص ۱۱۷

امام ابوزرعہ رازی نے کہا: سخت ضعیف ہے ① امام یحییٰ بن معین نے کہا: وہ کچھ چیز نہیں ہے ② اور اس کی حدیث نہ لکھی جائے ③ امام دارقطنی نے کہا: ضعیف الحدیث ہے ④ امام یحییٰ اور امام ابوداؤد نے کہا: ثقہ نہیں ہے ⑤ امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں ہے۔

امام صالح بن محمد الاسدی نے کہا: ضعیف ہے امام یعقوب بن سفیان نے کہا: حدیث میں قوی نہیں ہے۔ امام ابواحمد حاکم نے کہا: محدثین کے نزدیک قوی نہیں ہے ⑥ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے ⑦ امام ذہبی نے کہا: محدثین نے اس کو سخت ضعیف کہا ہے ⑧ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ⑨

دوسرا طریق

لیث بن سعد عن ابن عجلان عن ابی ہریرۃ عن النبی ﷺ مرسلاً۔

اول: یہ سند مرسل اور منقطع ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

کیونکہ محمد بن عجلان کی انس بن مالک کے علاوہ تمام روایات تابعین سے ہے اور وفات 148ھ ہے ⑩

دوم: محمد بن عجلان مدلس ہے ⑪ عن سے روایت کر رہا ہے۔ لہٰذا یہ روایت معنعن ہونے کی وجہ سے بھی ضعیف ہے۔

---

❶ کتاب الضعفاء للرازی ۲/۴۲۱ ❷ تاریخ یحییٰ بن معین ۱/۱۱۹ ❸ اسماء الضعفاء والکذابین ص ۱۳۴ ❹ موسوعة اقوال الدارقطنی ۲/۳۸۹ ❺ میزان الاعتدال ۲/۵۴۱ ❻ تہذیب التہذیب ۳/۳۴۴ ❼ تقریب التہذیب ص ۱۹۲ ❽ المغنی فی الضعفاء ۱/۵۹۰ ❾ کتاب الضعفاء الکبیر ۳/۴۲ ❿ تذکرة الحفاظ ۱/۱۴۲ ⓫ تعریف اہل التقدیس ص ۱۴۹، ۱۵۰

تیسرا طریق

البیہقی فی السنن الکبریٰ 82/7،من طريق عبد الله بن هرمز الفدكي عن سعيد ومحمد ابني عبيد عن ابی حاتم المزنی قال: قال رسول الله ﷺ.

اول: اس سند میں عبداللہ بن ہرمز راوی ضعیف ہے۔①

دوم: محمد بن عبید اور سعید بن عبید دونوں راوی مجہول ہیں۔②

سوم: یہ سند مرسل اور منقطع ہونے کی وجہ سے بھی ضعیف ہے۔③

❀❀❀

24. ان من الناس مفاتيح للخير مغاليق للشر وان من الناس مفاتيح للشر ومغاليق للخير فطوبى لمن جعل الله مفاتيح الخير على يديه وويل لمن جعل الله مفاتيح للشر على يديه.

''بے شک بعض لوگ ایسے ہیں جو نیکی کا منبع اور برائی کی راہ سے روکنے والے ہیں اور بعض لوگ ایسے ہیں جو شر کا منبع اور نیکی کی راہ کو روکنے والے ہیں۔خوشخبری ہے اس آدمی کے لیے جس کے ہاتھ پر اللہ تعالیٰ نے خیر کی راہیں کھول دیں، ہلاکت ہے اس آدمی کے لیے جس کے ہاتھ پر اللہ تعالیٰ نے شر کی راہیں کھول دیں۔''

24۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الاحاديث الصحيحة جلد 3، حدیث نمبر 1332، ص 320، پر نقل کیا ہے اور حسن کہا ہے۔

---

① تحرير تقريب التهذيب ٢/٢٦٩. ② تحرير تقريب التهذيب ٢/٢٨٨، ٢/٣٨.

③ كتاب المراسيل ص ٢٥٠.

پهلا طریق

سنن ابن ماجة (237) ابن ابی عاصم فی "السنة" (251) عن محمد بن ابی حمید المدنی عن حفص بن عبید الله بن انس عن انس بن مالك رضی اللہ عنہ مرفوعًا.

اول: اس سند میں محمد بن ابی حمید راوی منکر الحدیث اور متروک ہے۔ وضاحت پیش خدمت ہے:

امام یحییٰ بن معین نے کہا: اس کی حدیث کچھ بھی نہیں ہے ① امام المحدثین امام بخاری نے کہا: منکر الحدیث ہے ② امام جوزجانی نے کہا: واہی الحدیث اور ضعیف ہے ③ امام ابن حبان نے کہا: سندوں کو الٹ پلٹ کر دیتا تھا۔۔۔پس جب ایسی صورت اس کی روایت میں زیادہ ہوگئی ہوتو اس سے دلیل پکڑنا باطل ہوگیا ④ امام احمد بن حنبل نے کہا: اس کی حدیثیں منکر ہیں اور حدیث میں قوی نہیں ہے ⑤ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے۔امام یحییٰ بن معین نے کہا: ضعیف ہے۔امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں اور امام ابوزرعہ رازی نے کہا: ضعیف الحدیث ہے اور امام ابوحاتم نے کہا: منکر الحدیث، ضعیف الحدیث ہے۔امام یحییٰ بن معین نے کہا: منکر الحدیث ہے۔امام ساجی اور امام ابوداود، امام دارقطنی نے کہا: ضعیف ہے ⑥ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے ⑦ امام ذہبی نے کہا: محدثین نے اس کو ضعیف کہا ہے ⑧ محمد طاہر بن علی نے کہا: محدثین کے نزدیک قوی نہیں ہے ⑨

---

❶ تاریخ یحییٰ بن معین ۱۳۳/۱ ❷ کتاب الضعفاء للبخاری ص۹۶ ❸ احوال الرجال ص ۱۳۰ ❹ کتاب المجروحین ۲۷۱/۲ ❺ کتاب الضعفاء الکبیر ۲۱/۴ ❻ تهذیب التهذیب، ۸۷/۵ ❼ تقریب التهذیب، ص۲۹۵ ❽ المغنی فی الضعفاء، ۲۸۹/۲ ❾ تذکرة الموضوعات، ص۲۹۰

دوم: دوسرا راوی حفص بن عبید اللہ کا انس بن مالک سے سماع ثابت نہیں ①

دوسرا طریق

المروزی فی "زوائد الزهد" (٩٦٨)ابن ابی عاصم "السنة" (٢٥٣. ٢٥٤) والبیهقی فی "شعب الایمان"١/٣٧٩،وله عند سنن ابن ماجة و کذا ابن ابی عاصم(٢٥٢)شاهد یرویه عبد الرحمٰن بن زید بن اسلم عن ابی حازم عن سهل بن سعد مرفوعاً.

اس سند میں عبدالرحمٰن بن زید بن اسلم منکر الحدیث اور کچھ بھی نہیں ہے۔

امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے ② امام المحدثین امام بخاری نے کہا: کہ امام علی بن مدینی کہتے ہیں: سخت ضعیف ہے ③ امام یحییٰ بن معین نے کہا: اس کی حدیث کچھ بھی نہیں ④ ضعیف ہے ⑤ امام جوز جانی نے کہا: حدیث میں ضعیف ہے ⑥ امام ابن حبان نے کہا: روایات کو الٹ پلٹ کر دیتا تھا، حتیٰ کہ اس نے اکثر روایات مرسل وموقوف کو مرفوع کر دیا پس ترک کر دیئے جانے کا مستحق ہے ⑦ امام ابونعیم نے کہا: کچھ بھی نہیں ہے ⑧ امام احمد بن حنبل نے کہا: ضعیف ہے۔ امام ابوداؤد اور امام ابوزرعہ رازی نے کہا: ضعیف ہے۔ امام ابوحاتم نے کہا: حدیث میں قوی نہیں ہے نیک تھا اور حدیث میں سخت ضعیف ہے۔ امام ابن خزیمہ نے کہا: محدثین نے اس کے برے حافظہ کی وجہ سے کہا: اس کی حدیث قابل حجت نہیں ہے۔ امام ساجی نے کہا: منکر الحدیث ہے۔ امام ابن جوزی نے کہا: اس کے ضعیف ہونے پر محدثین کا اجماع ہے ⑨

---

❶ تهذیب التهذیب، ١/ ٥٢١ ❷ کتاب الضعفاء والمتروکین، ص٢٩٦ ❸ کتاب الضعفاء للبخاری، ص٦٥ ❹ تاریخ یحییٰ بن معین، ١/ ١١٢ ❺ سوالات ابن الجنید، ص٩٧ ❻ احوال الرجال، ص١٣٢ ❼ کتاب المجروحین، ٢/ ٥٧ ❽ کتاب الضعفاء لابی نعیم، ١٠٢ ❾ تهذیب التهذیب، ٣/ ٢٦٣۔٢٦٤

امام ابن سعد نے کہا: کثیر الحدیث مگر سخت ضعیف ہے ① امام حاکم نے کہا: اس نے

اپنے باپ سے موضوع (جھوٹی) حدیثیں روایت کی ہیں ② امام دارقطنی نے اسکا ذکر ضعیف اور متروک راویوں میں کیا ہے ③ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے ④ امام ذہبی نے کہا: محدثین نے اس کو ضعیف کہا ہے ⑤ محمد طاہر بن علی نے کہا: ضعیف ہے ⑥

تیسرا طرق

كتاب السنة (٢٥٠) ثنا محمد بن يحيىٰ بن ميمون العكى ثنامعمتر بن سليمان عن عقبة بن محمد عن زيد بن اسلم عن ابى حازم عن سهل بن سعد الساعدى مرفوعاً.

اول: اس سند میں عقبہ بن محمد راوی مجہول ہے امام ابن ابی حاتم نے اپنے باپ سے نقل کیا ہے کہ "لا اعرفه" (مجہول) ہے ⑦

دوم: سند میں دوسرا راوی محمد بن یحیٰی بن میمون کا ترجمہ راقم کو کتب اسماء الرجال میں نہیں ملا۔ یہی بات علامہ البانی نے بھی کہی ہے۔ والحمدللہ۔

❀❀❀

25. من ضرب مملوكه ظالما اقيد منه يوم القيامة.

''جس نے اپنے غلام کو ظلماً مارا، اس سے روز قیامت بدلہ لیا جائے گا۔''

....

25۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے **سلسلة الاحاديث الصحيحة** جلد 5، حدیث نمبر 2352،

---

❶ طبقات ابن سعد، ٥/٣٩٠ ❷ المدخل الى الصحيح، ص ١٥٤ ❸ الضعفاء والمتروكون، ص ٢٧٠ ❹ تقريب التهذيب، ص ٢٠٢ ❺ الكاشف، ٢/١٤٢ ❻ تذكرة الموضوعات، ص ٢٦٨ ❼ لسان الميزان، ٤/١٧٩

ص466، پرنقل کیا ہے اور حسن کہا ہے۔ لیکن اس حدیث کے تمام طرق ضعیف ہیں۔

پہلا طریق

اخرجه ابو نعیم فی "الحلیة" 378/4، و البخاری فی "الادب المفرد" (181) من طریق سفیان عن حبیب بن ابی ثابت عن میمون بن ابی شبیب عن عمار بن یاسر مرفوعًا.

اس سند میں سفیان اور حبیب بن ابی ثابت مدلس ہیں① عن سے روایت کر رہے ہیں۔ لہٰذا یہ طریق معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

دوسرا طریق

اخرجه الطبرانی فی "الاوسط" (رقم 1445)، و البخاری فی "الادب المفرد" (185)، حدثنا عمران عن قتادة عن زرارة بن ابی اوفی عن ابی هریرة مرفوعًا.

اس سند میں راوی قتادہ مشہور مدلس ہے② لہٰذا یہ طریق بھی ضعیف ہے۔

❀❀❀

26. رجل یقال له شهاب فقال بل انت هشام.

''ایک آدمی جس کو شہاب کہا جاتا تھا تو آپ نے کہا بلکہ تم ہشام ہو۔''

....

26۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الاحادیث الصحیحة جلد 1، ق 1، حدیث نمبر 215، ص423، پرنقل کیا ہے اور حسن کہا ہے۔

---

① تعریف اهل التقدیس ص ۱۳۱، ۱۳۲ ② تعریف اهل التقدیس ص ۱۳۶، ۱۴۷

پهلا طریق

اخرجه البخاری فی "الادب المفرد" (825)، والحاکم (277/4)،وابن حبان (529/7)، والبیهقی فی "الشعب" (5227/313/4)،عن عمران القطان عن قتادة عن زرارة بن ابی اوفی عن سعد بن هشام عن عائشه مرفوعًا.

یہ طریق راوی قتادہ کی تدلیس کی وجہ سے ضعیف ہے①

دوسرا طریق

اخرجه الحاکم (277/4)، و ابن سعد فی "الطبقات" (26/7)، عن علی بن زید بن جدعان عن الحسن عن هشام بن عامر مرفوعًا.

اول: اس سند میں حسن بصری مدلس ہے②

دوم: سند میں دوسرا راوی علی بن زید بن جدعان متروک، رافضی، ضعیف، نا قابل حجت ہے اور حدیثوں کو بدل دیتا تھا اور کچھ بھی نہیں ہے۔اس راوی پر جرح حدیث نمبر (1) پہلے طریق کے تحت گزر چکی ہے۔وہی ملاحظہ فرمائیں۔

❀❀❀

27۔ اطفال المشرکین هم خدم اهل الجنة.

''مشرکین کے بچے جنتیوں کے خادم ہوں گے۔''

....

27۔ ضعیف ہے۔

---

① تعریف اهل التقدیس ص۱۴۶،۱۴۷ ② تعریف اهل التقدیس ص ۱۰۲

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الاحادیث الصحیحة جلد 3، حدیث نمبر 1468، ص 452، پر نقل کیا ہے اور صحیح کہا ہے۔

پہلا طریق

رواہ ابن مندۃ فی "المعرفة" (1/261/2) معلقًا حدث ابراهیم بن مختار عن محمد بن اسحاق عن یزید بن ابی حبیب عن سنان بن سعد عن ابی مالك مرفوعًا.

اول: اس سند میں سنان بن سعد راوی "متکلم فیہ" ہے۔

امام عجلی نے کہا: ثقہ ہے ① امام یحییٰ بن معین نے کہا: ثقہ ہے ② امام نسائی نے کہا: منکر الحدیث ہے ③

امام جوزجانی نے کہا: "احادیثه واهیة" ④ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے اور کہا ہے: امام احمد بن حنبل نے اس کی حدیثوں کو چھوڑ دیا تھا اور کہا کہ اس کی حدیثیں غیر محفوظ اور مضطرب ہیں ⑤ امام ابن سعد نے کہا: منکر الحدیث ہے ⑥ امام دارقطنی نے کہا: ضعیف ہے ⑦ اور اس کا ذکر "الضعفاء و المتروکین" میں کیا ہے ⑧ امام ذہبی نے کہا: قابل حجت نہیں ہے ⑨ اور محدثین نے اس کو ضعیف کہا ہے ⑩ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: "صدوق له افراد" ⑪

---

❶ تاریخ الثقات ص ۱۷۹ ❷ تهذیب التهذیب ۲/۲۷۷ ❸ کتاب الضعفاء والمتروکین ص ۲۹۵ ❹ احوال الرجال ص ۱۵۳ ❺ کتاب الضعفاء الکبیر ۲/۱۱۹ ❻ تهذیب التهذیب ۲/۲۷۷ ❼ موسوعة اقوال الدارقطنی ۱/۲۷۸ ❽ الضعفاء والمتروکون للدارقطنی ص ۲۳۴ ❾ الکاشف ۱/۲۷۸ ❿ دیوان الضعفاء والمتروکین ص ۱۵۴ ⓫ تقریب التهذیب ص ۱۱۸

دوم: سند میں دوسرا راوی محمد بن اسحاق مدلس ہے ① لہذا یہ طریق معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

سوم: سند میں ابراہیم بن مختار بھی ''متکلم فیہ'' ہے۔

امام ابو اسحاق ابراہیم بن عبداللہ نے کہا: میں نے امام یحییٰ بن معین سے پوچھا کہ ابراہیم بن مختار کی حدیث کیسی ہیں تو انہوں نے کہا: کچھ چیز نہیں ہے ② امام محمد بن عمرو نے اس کو چھوڑ دیا تھا③ امام المحدثین امام بخاری نے کہا: ''فیہ نظر'' یعنی سخت ضعیف و مجروح ہے۔ امام ابو حاتم نے کہا: صالح الحدیث ہے۔ امام ابو داؤد نے کہا: اس میں کوئی حرج نہیں۔ امام ابن حبان نے اس کا ذکر ثقہ راویوں میں کیا ہے ④ امام ابن شاہین نے بھی اس کا ذکر ثقات میں کیا ہے ⑤ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ⑥ امام ذہبی نے کہا: ''ضعف'' ⑦ امام ذہبی نے اس کا ذکر ''ضعفاء'' میں بھی کیا ہے ⑧ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ''صدوق ضعیف الحفظ'' ⑨

دوسرا طریق

اخرجه ابو نعيم في "الحلية" (308/6)، من طريق الطبراني و هذا في "الاوسط" بسند عن الربيع بن صبيح عن يزيد الرقاشي عن انس بن مالك مرفوعًا.

---

❶ تعريف اهل التقديس ص ۱۲۸ ❷ سوالات ابن الجنيد ص ۱۵۳ ❸ كتاب الضعفاء الكبير ۱/ ۶۷ ❹ تهذيب التهذيب ۱/ ۱۰۶ ❺ تاريخ اسماء الثقات ص ۲۰ ❻ كتاب الضعفاء الكبير ۱/ ۶۷ ❼ الكاشف ۱/ ۴۷ ❽ المغني في الضعفاء ۱/ ۴۷ ❾ تقريب التهذيب ص ۲۳

اول: اس سند میں یزید الرقاشی راوی سخت ضعیف، منکر الحدیث اور متروک ہے اس راوی پر جرح حدیث نمبر (۱) چوتھے طریق کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

دوم: سند میں راوی ربیع بن صبیح ضعیف ہے۔

امام علی بن مدینی نے کہا: نیک ہے قوی نہیں تھا① امام جوزجانی نے کہا: حدیث میں ضعیف ہے② امام ابن حبان نے کہا: حدیث میں صناعت نہ تھی اس کو روایات میں بہت وہم ہوتا تھا یہاں تک کہ اس کی حدیث میں منکر روایتیں واقع ہوگئی جب منفرد ہو تو قابل حجت نہیں③ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے۔ امام عفان نے کہا: اس کی تمام حدیثیں مقلوب ہیں④ امام المحدثین امام بخاری نے کہا: امام یحییٰ بن سعید القطان اس سے حدیثیں روایت نہیں کرتے تھے⑤

امام ابوزرعہ رازی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے⑥ امام احمد بن حنبل نے کہا: اس میں کوئی حرج نہیں نیک آدمی تھا۔ امام یحییٰ بن معین نے کہا: ضعیف الحدیث ہے اس میں کوئی حرج نہیں۔ امام ابن سعد اور امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے۔ امام ابوزرعہ نے کہا: شیخ صالح صدوق ہے۔ امام ابوحاتم نے کہا: نیک آدمی تھا۔ امام یعقوب نے کہا: نیک آدمی سچا، سخت ضعیف تھا۔ امام ساجی نے کہا: ضعیف الحدیث ہے۔ امام عجلی نے کہا: اس میں کوئی حرج نہیں۔ امام فلاس نے کہا: قوی نہیں ہے⑦ امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے⑧ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: "صدوق سيئ الحفظ" تھا⑨

---

❶ سوالات محمد بن عثمان بن ابی شیبة ص۵۹ ❷ احوال الرجال ص ۱۲۳ ❸ کتاب المجروحین ۲۹۶/۱ ❹ کتاب الضعفاء الکبیر ۵۲/۲ ❺ کتاب الضعفاء للبخاری ص۴۱ ❻ کتاب الضعفاء للرازی ۶۱۲/۲ ❼ تهذیب التهذیب ۱۴۷/۲ ❽ المغنی فی الضعفاء ۳۴۷/۱ ❾ تقریب التهذیب ص۱۰۱۔

تیسرا طریق

اخرجه ابو یعلی فی "مسنده" (1011-1012) من طریق الاعمش عن یزید الرقاشی به.

اول: اس سند میں بھی یزید الرقاشی راوی سخت ضعیف، منکر الحدیث اور متروک ہے اس پر جرح گزر چکی ہے۔

دوم: سند میں اعمش راوی مدلس ہے ① لہٰذا یہ طریق بھی معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

چوتھا طریق

اخرجه البزار (232) من طریق مبارك بن فضالة عن علی بن زید عن انس بن مالك مرفوعاً.

اول: اس سند میں علی بن زید راوی رافضی، متروک، ضعیف اور نا قابل حجت اور کچھ بھی نہیں ہے اس پر جرح حدیث نمبر (۲) پہلے طریق کے تحت گزر چکی ہے لہٰذا وہی ملاحظہ فرمائیں۔

دوم: سند میں مبارک بن فضالہ راوی ضعیف اور مدلس ہے ② عن سے روایت کر رہا ہے لہٰذا یہ طریق معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

پانچواں طریق

اخرجه البزار فی "مسنده" (232)، الطبرانی فی "الکبیر" و "الاوسط" من طریق عباد بن منصور عن ابی رجاء عن سمرة بن جندب مرفوعًا.

---

① تعریف اهل التقدیس ص ۱۱۸ ② تعریف اهل التقدیس ص ۱۴۷

اس سند میں عباد بن منصور راوی مدلس ہے ضعیف راویوں سے تدلیس کرتا تھا① اور کچھ چیز نہیں ضعیف ہے۔ وضاحت پیش خدمت ہے:

امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے اس کا حافظہ بگڑ گیا تھا② امام یحییٰ بن معین نے کہا: کچھ چیز نہیں ہے اور حدیث میں قوی نہیں ہے اس پر قدریہ ہونے کی تہمت لگائی گئی ہے③ امام یعقوب بن سفیان نے کہا: ضعیف ہے④ امام ابو اسحاق ابراہیم بن عبداللہ نے کہا: میں نے امام یحییٰ بن معین سے پوچھا اس کی حدیث کیسی ہے انہوں نے کہا: ضعیف الحدیث ہے⑤ امام علی بن مدینی نے کہا: ضعیف ہے اور قدری تھا⑥ امام جوز جانی نے کہا: سیّئ الحفظ اور عمر کے آخر میں حافظہ بگڑ گیا تھا⑦ امام ابن حبان نے کہا: قدری تھا اور اس کی طرف دعوت دینے والا تھا⑧ امام ابوزرعہ نے کہا: اس کی حدیث لکھی جائے۔ امام نسائی نے کہا: قابل حجت نہیں اور قوی نہیں ہے۔ امام دارقطنی نے کہا: قوی نہیں ہے۔ امام احمد بن حنبل نے کہا: قدری اور مدلس تھا اس کی حدیثیں منکر ہیں۔ امام ابن سعد نے کہا: ضعیف ہے اور اس کی حدیثیں منکر ہیں⑨ امام عجلی نے کہا: اس میں کوئی حرج نہیں اس کی حدیثیں لکھی جائے⑩ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: صدوق اس پر قدریہ کی تہمت لگائی گئی ہے اور مدلس تھا آخری عمر میں حافظہ بگڑ گیا تھا⑪ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے⑫ امام ذہبی نے کہا: ضعیف ہے⑬

---

①تعریف اهل التقدیس ص۱۶۶ ②کتاب الضعفاء والمتروکین ص۲۹۸ ③تاریخ یحییٰ بن معین ۲/۲۹/۸۲/۱۰۳ ④المعرفة والتاریخ ۲/۴۷ ⑤سوالات ابن الجنید ص۱۱۹ ⑥سوالات محمد بن عثمان بن ابی شیبة ص۵۲ ⑦احوال الرجال ص۱۱۲ ⑧تهذیب التهذیب ۳/۴۷ ⑨تهذیب التهذیب ۳/۴۷،۴۷ ⑩تاریخ الثقات ص۲۴۷ ⑪تقریب التهذیب ص۱۶۳ ⑫کتاب الضعفاء الکبیر ۳/۱۳۷ ⑬الکاشف ۲/۵۲

28. من منع فضل مائة او فضل كلئه منعه الله فضله يوم القيامة.

''جس نے (اپنی ضرورت سے) زائد پانی یا گھاس روک لی تو روزِ قیامت اللہ تعالیٰ اس سے اپنے فضل کو روک لے گا۔''

....

28۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الاحادیث الصحیحة حدیث نمبر 1422، جلد 3، ص 409، پر نقل کیا ہے اور صحیح کہا ہے۔

پہلا طریق

اخرجه احمد فی "مسند" (221,179/2) من طریق لیث بن ابی سلیم عن عمرو بن شعیب عن ابیه عن عبدالله بن عمرو مرفوعًا.

اس سند میں لیث بن ابی سلیم راوی ضعیف، مدلس ہے① اور اختلاط کا شکار ہو گیا تھا② امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے③ امام جوزجانی نے کہا: حدیث میں ضعیف تھا④ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے۔ امام سفیان بن عیینہ نے کہا: ضعیف ہے⑤ امام ابن حبان نے کہا: عمر کے آخر میں مختلط ہو گیا تھا سندوں کو بدل دیتا اور مرسل روایت کو مرفوع کر دیتا تھا نیز امام یحییٰ بن سعید القطان، امام عبدالرحمٰن بن مہدی، امام احمد بن حنبل اور امام یحییٰ بن معین نے اس کو چھوڑ دیا تھا۔

---

①التدليس فی الحديث ص٢٣٧ ②نهاية الاغتباط ص ٢٩٥، و الكواكب النيرات ص٤٩٣ ③كتاب الضعفاء والمتروكين ص ٢٠٢ ④احوال الرجال ص ٩١ ⑤كتاب الضعفاء الكبير ١٢/٤

اور امام احمد بن حنبل نے کہا: سخت ضعیف الحدیث بہت غلطیاں کرنے والا تھا① امام یحییٰ بن معین نے کہا: ضعیف ہے قوی نہیں ہے② پھر ابن معین نے کہا: اس کی حدیث کچھ بھی نہیں۔ امام احمد بن حنبل نے کہا: مضطرب الحدیث تھا اور امام عثمان بن ابی شیبہ نے کہا: ثقہ صدوق لیکن قابل حجت نہیں ہے③

امام دارقطنی نے کہا: سیئ الحفظ اور ضعیف ہے قوی نہیں ہے④ امام ابن سعد نے کہا: نیک آدمی تھا لیکن حدیث میں ضعیف تھا⑤ امام ابوحاتم نے کہا: ضعیف الحدیث تھا پھر امام ابوحاتم اور امام ابوزرعہ رازی نے کہا: "**لایشغل به هو مضطرب الحديث**" پھر امام ابوزرعہ نے کہا: حدیث میں کمزور تھا اہل علم کے نزدیک قابل حجت نہیں۔ امام حاکم ابواحمد نے کہا: محدثین کے نزدیک قوی نہیں ہے اور امام حاکم ابوعبداللہ نے کہا: اس کے برے حافظہ پر محدثین کا اجماع ہے۔ امام یعقوب بن شیبہ نے کہا: صدوق ضعیف الحدیث تھا۔ امام ساجی نے کہا: سچا ہے اس میں کمزوری، برے حافظہ والا اور بہت غلطیاں کرتا تھا۔ امام یحییٰ بن سعید القطان اس سے حدیث روایت نہیں کرتے تھے اور امام ابن معین نے کہا: منکر الحدیث مگر صاحب سنت تھا⑥ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: صدوق عمر کے آخری حصے میں سخت اختلاط کا شکار ہو گیا تھا اور اس کی حدیث میں تمیز نہیں کی گئی لہٰذا ترک کر دیا گیا⑦ امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے۔⑧

---

❶ كتاب المجروحين ٢/ ٢٣١ ❷ سوالات ابن الجنيد ص١٥٦، ١٢٥ ❸ كتاب الضعفاء والكذابين ص١٦٢ ❹ سنن الدارقطني ١/ ٦٧، ٢/ ٣١٩ ❺ طبقات ابن سعد٦/ ٣٧١، ٣٧٢ ❻ تهذيب التهذيب ٣/ ٦١٢، ٦١٣ ❼ تقريب التهذيب ص ٢٨٧ ❽ المغني في الضعفاء ٢/ ٢٣٥

دوسرا طریق

مسند احمد (183/2) من طريق محمد بن راشد عن سليمان بن موسى ان عبدالله بن عمرو مرفوعًا.

یہ سند منقطع ہے کیونکہ سلیمان بن موسیٰ کی عبداللہ بن عمرو سے ملاقات نہیں ہوئی ①

تیسرا طریق

اخرجه ابو الشيخ في "الطبقات"(2,1/63)عن حسن بن ابي جعفر عن عمرو بن دينار عن ابي صالح عنه.

اس طریق میں حسن بن ابی جعفر راوی منکر الحدیث، متروک الحدیث، کذاب اور کچھ نہیں ہے۔

امام نسائی نے کہا: متروک الحدیث ہے ② امام المحدثین امام بخاری نے کہا: منکر الحدیث ہے ③ امام جوزجانی نے کہا: ضعیف واہی الحدیث ہے ④ امام یحییٰ بن معین نے کہا: ضعیف الحدیث ہے ⑤ امام ابوزرعہ رازی نے کہا: قوی نہیں ہے ⑥ امام علی بن مدینی نے کہا: ضعیف، ضعیف ہے ⑦

امام ابونعیم نے کہا: منکر الحدیث ہے ⑧ امام دارقطنی نے کہا: ضعیف ہے ⑨ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے اور کہا ہے کہ امام یحییٰ بن معین کہتے ہیں: کچھ چیز نہیں ہے امام ابوعبداللہ نے کہا: ضعیف ہے ⑩

---

❶ سلسلة الاحاديث الصحيحة للألباني ۳/ ۴۰۹ ❷ كتاب الضعفاء والمتروكين ص۲۸۸ ❸ كتاب الضعفاء للبخاري ص۲۶ ❹ احوال الرجال ص ۱۱۶ ❺ سوالات ابن الجنيد ص۶۲ ❻ كتاب الضعفاء للرازي ۲/ ۵۱۲ ❼ سوالات محمد بن عثمان بن ابي شيبة، ص۴۲ ❽ كتاب الضعفاء لابي نعيم ص۷۳ ❾ سنن الدارقطني ۳/ ۷۳ ❿ كتاب الضعفاء الكبير ۱/ ۲۲۱

امام عمرو بن علی نے کہا: صدوق منکر الحدیث تھا اور امام یحییٰ بن سعید اس سے حدیث روایت نہیں کرتے تھے پھر کہا: ضعیف ہے۔ امام احمد بن حنبل اور امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے۔ امام عبدالرحمٰن بن مہدی نے اس کی حدیث کو چھوڑ دیا تھا۔ امام ساجی نے کہا: منکر الحدیث ہے۔ امام عجلی نے کہا: ضعیف الحدیث ہے۔ امام ابو داؤد نے کہا: ضعیف ہے اس کی حدیث نہ لکھی جائے۔ امام ابو حاتم نے کہا: حدیث میں قوی نہیں ہے۔ امام ابن حبان نے کہا: سندوں کو الٹ پلٹ کر دیتا تھا قابل حجت نہیں ہے ① امام ذہبی نے کہا: محدثین نے اس کو ضعیف کہا ہے۔ ②

امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: "ضعیف الحدیث مع عبادته و فضله" ③ امام فلاس نے کہا: صدوق منکر الحدیث ہے ④ طاہر بن علی نے کہا: متروک ہے ⑤

❀❀❀

29. اذا راعه شیئ قال الله ربی لا شریك له.

"جب آپ کو کوئی چیز خوفزدہ کر دیتی تو یہ پڑھتے اللہ تعالیٰ ہی میرا رب ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔"

....

29۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الاحادیث الصحیحة جلد 5، حدیث نمبر 2070، ص 102 پر نقل کیا ہے اور "صحیح" کہا ہے۔

---

① تهذيب التهذيب ۱/ ۴۷۹ ② المغني في الضعفاء ۱/ ۲۴۵ ③ تقريب التهذيب ص ۶۹ ④ خلاصه تذهيب تهذيب الكمال ۱/ ۲۰۹ ⑤ تذكرة الموضوعات ص ۲۴۹

پہلا طریق

اخرجه النسائی فی "عمل الیوم واللیلة" (657) و عنه ابن اسنی فی "عمل الیوم واللیلة" (330) و ابو نعیم (219/5) عن سهل بن هاشم حدثنا سفیان الثوری عن ثور بن یزیدعن خالد بن معدان عن ثوبان مرفوعًا.

اس سند میں سفیان ثوری مدلس ہے① عن سے روایت کر رہا ہے لہٰذا یہ روایت معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

۞۞۞

30. لاتلاعنوا بلعنة الله، ولابغضبه، ولابالنار وفي رواية بجهنم.

"تم ایک دوسرے پر اللہ کی لعنت، اس کے غضب اور جہنم کی آگ کے ساتھ لعن طعن نہ کرو۔"

....

30۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کوعلامہ البانی نے سلسلة الاحادیث الصحیحة جلد2، حدیث نمبر893، ص555، پرنقل کیا ہے اور حسن کہا ہے۔

پہلا طریق

اخرجه ابو داود (4906)، والترمذی (357/1) والحاکم (48/1) واحمد (15/5) والبیهقی فی "الشعب" (5160/295/4) عن هشام ثنا قتادة عن الحسن عن سمرة بن جندب مرفوعًا.

---

① تعریف اهل التقدیس ص ۱۱۳

اس سند میں قتادہ راوی مشہور مدلس ہے ① عن سے روایت کر رہا ہے۔لہٰذا یہ طریق معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

دوسرا طریق

اخرجه البغوی فی "شرح السنة" (3557/135/13) من طریق عبدالرزاق وهذا فی "المصنف" (19531/412/10) عن معمر عن ایوب عن حمید بن هلال یرفع الحدیث قال فذکره.

اول: اس سند میں عبدالرزاق راوی مدلس ہے ②

دوم: یہ سند مرسل ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔مرسل روایت کے ضعیف ہونے کی وضاحت حدیث نمبر (14) چوتھے طریق کے تحت گزر چکی ہے لہٰذا وہی ملاحظہ فرمائیں۔

✿✿✿

31. کان بابه یقرع بالاظافیر.

"آپ ﷺ کا دروازہ ناخنوں کے ساتھ کھٹکھٹایا جاتا تھا۔"

31۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الاحادیث الصحیحة جلد 5، حدیث نمبر 2092، ص 127 پر نقل کیا ہے۔

① تعریف اهل التقدیس ص ۱۴۶ ② تعریف اهل التقدیس ص ۱۲۲

پہلا طریق

اخرجه البخاری فی "الادب المفرد" (1080) وفی التاریخ (228/1/1)
و ابو نعیم فی "اخبار اصفهان" (110/2، 365) عن ابی بکر بن عبدالله
الاصفهانی عن محمد بن مالك بن المنتصر عن انس بن مالك مرفوعًا.

اول: اس سند میں محمد بن مالک بن المنتصر راوی مجہول ہے ①

دوم: اس سند میں دوسرا راوی ابوبکر بن عبداللہ الاصفہانی بھی مجہول ہے ②

سوم: علامہ ابن حجر عسقلانی نے محمد بن مالک بن المنتصر کو پانچویں طبقہ میں شمار کیا ہے اور پانچویں طبقہ کے متعلق انہوں نے وضاحت کی ہے کہ ایسے راوی کا ایک یا دو صحابہ کرام کو صرف دیکھنا ثابت ہے ان سے حدیث کا سماع ثابت نہیں۔

دوسرا طریق

اخرجه الحاکم فی "معرفة علوم الحديث" (ص19) عن محمد بن احمد الزیتبعی ثنا زکریا بن محمد یحیی المقری ثنا الاصمعی حدثنا کیسان مولی هشام بن حسان عن محمد بن سیرین عن المغیرة بن شعبة قال: فذکره.

اول: اس سند میں کیسان راوی ضعیف ہے۔ امام ابو الفتح الازدی نے کہا: ضعیف ہے ③

دوم: سند میں دوسرا راوی الاصمعی مجہول الحال ہے ④

---

① تقریب التهذیب ص ٣١٧ ② تقریب التهذیب ص ٣٩٢ ③ میزان الاعتدال ٢١٨/٣ ④ سلسلة الاحادیث الصحیحة للألبانی ١٢٧/٥

تیسرا طریق

حدثنا حميد بن الربيع ثنا ضرار بن صرد ثنا المطلب بن زياد عن عمرو بن سويد عن انس.

اول: اس سند میں عمرو بن سوید راوی معروف نہیں (یعنی مجہول ہے) ①

دوم: سند میں ضرار بن صرد راوی کذاب، متروک اور قابل حجت نہیں۔

امام المحدثین امام بخاری نے کہا: متروک الحدیث ہے ② امام یحییٰ بن معین نے کہا: کذاب، حدیث چور تھا اس کی حدیث نہ لکھی جائے اور ثقہ نہیں ہے ③ پھر امام ابن معین نے کہا: اس کی حدیث کچھ چیز نہیں ④ امام نسائی نے کہا: متروک الحدیث ہے پھر کہا: ثقہ نہیں۔ امام حسین بن محمد نے کہا: محدثین نے اس کو چھوڑ دیا تھا۔ امام ابو حاتم نے کہا: صدوق صاحب قرآن و فرائض اس کی حدیث لکھی جائے اور قابل حجت نہیں ہے۔ امام حاکم ابو احمد نے کہا: محدثین کے نزدیک قوی نہیں۔ امام دارقطنی نے کہا: ضعیف ہے۔ امام ساجی نے کہا: اس کے پاس منکر روایتیں ہیں امام ابن قانع نے کہا: ضعیف، شیعہ تھا ⑤ امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ⑥

سوم: حدیث میں حمید بن ربیع کذاب اور حدیث چور تھا۔

امام نسائی نے کہا: کچھ چیز بھی نہیں ⑦ امام برقانی نے کہا: تمام شیوخ یہ کہتے تھے کہ حدیث میں گیا گزرا ہے۔ امام یحییٰ بن معین نے کہا: کذاب تھا۔ امام ابن عدی نے

---

❶ سلسلة الاحاديث الصحيحة ١٢٨/٥ ❷ كتاب الضعفاء الكبير ٢٢٢/٢ ❸ كتاب الضعفاء والكذابين ص١١٣ ❹ سوالات ابن الجنيد ص٥٨ ❺ تهذيب التهذيب ٥٤٣/٢ ❻ المغني في الضعفاء ٤٩٦/١ ❼ كتاب الضعفاء والمتروكين ص ٢٨٨

کہا: حدیث چور تھا اور موقوف روایات کو مرفوع کر دیتا تھا①

۞۞۞

32. انزلت صحف ابراهيم اول ليلة من رمضان، و انزلت التوراة لست مضين من رمضان، و انزل الانجيل لثلاث عشرة ليلة خلت من رمضان، وانزل الزبور لثمان عشرة خلت من رمضان، وانزل القرآن لاربع وعشرين خلت من رمضان.

''ابراہیم علیہ السلام کے صحیفے رمضان کی پہلی رات کو، تورات چھ رمضان کو، انجیل رمضان کے تیرہ دن گزرنے کے بعد (یعنی چودھویں تاریخ) کو، زبور اٹھارہ رمضان کو اور قرآن مجید چوبیس دن گزرنے کے بعد (یعنی پچیس) رمضان کو نازل ہوا۔''

....

32۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے **سلسلة الاحاديث الصحيحة** جلد 4، حدیث نمبر 1575، ص 104 پر نقل کر کے حسن کہا ہے۔

پهلا طريق

رواه احمد (107/4) والنعالي في "حديثه" (2/131) وعبدالغني المقدسي في "فضائل رمضان" (1/53)، وابن عساكر (1/167/2)، عن عمران القطان عن قتادة عن ابي المليح عن واثلة مرفوعًا.

اس سند میں قتادہ راوی مشہور مدلس ہے۔② اور عن سے روایت کر رہا ہے لہٰذا یہ طریق معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

---

① ميزان الاعتدال ٢١١/١، ٦١٢ ② تعريف اهل التقديس ص ١٤٦

دوسرا طریق

اخرجه ابن عساکر (1/352/5,1/167/2) من طریق علی بن ابی طلحة عن ابن عباس.

یہ طریق مرسل اور منقطع ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔امام ابو حاتم نے کہا: علی بن ابی طلحہ کی ابن عباس سے روایت مرسل ہے ①

❀❀❀

33. "لیودن اهل العافیة یوم القیامة ان جلودهم قرضت بالمقاریض، مما یرون من ثواب اهل البلاء."

''آزمائش زدہ لوگوں کے ثواب کو دیکھ کر صحت مند لوگ قیامت والے دن یہ تمنا کریں گے کہ کاش ہمارے چمڑوں کو قینچیوں سے کاٹ دیا جاتا۔''

....

33۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الاحادیث الصحیحة جلد5، حدیث نمبر2206،ص 240، پر نقل کیا ہے اور حسن کہا ہے۔

پهلا طریق

رواه الترمذی (2404)، والخطیب فی "التاریخ" (400/4)،وکذاابن عساکر (1/9/9)، عن عبدالرحمن بن مغراء نا الاعمش عن ابی الزبیر عن جابر بن عبدالله مرفوعًا.

---

① کتاب المراسیل ص ۱۴۰، جامع التحصیل فی احکام المراسیل ص ۲۴۰

اول: اس سند میں اعمش اور ابوزبیر دونوں راوی مدلس ہیں ① لہذا معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

دوم: عبدالرحمن بن مغراء صدوق تکلم فی حدیثه عن الاعمش ②

دوسرا طریق

اخرجه الطبرانی فی "الکبیر" (2/178/3)، حدثنا سری بن سهل الجند یسابوری ثنا عبدالله بن رشید نا مجاعة بن الزبیر عن قتادة عن جابر بن زید عن ابن عباس مرفوعًا.

اول: اس سند میں راوی قتادہ مشہور مدلس ہے ③

دوم: سند میں سری بن سہل راوی کے متعلق امام بیہقی نے کہا ہے یہ قابل حجت نہیں ہے ④

سوم: سند میں عبداللہ بن رشید کے متعلق بھی امام بیہقی نے کہا ہے کہ قابل حجت نہیں ہے ⑤

❀❀❀

34. ازهد فی الدنیا یحبك الله، وازهد فیما عندالناس یحبك الناس.

''دنیا کا لالچ نہ کر، اللہ تجھ سے محبت کرے گا اور جو لوگوں کے پاس ہے، اُس کا بھی لالچ نہ کر لوگ بھی تجھ سے محبت کریں گے۔''

....

34۔ ضعیف ہے۔

---

❶ الفتح المبین فی تحقیق طبقات المدلسین ص۴۲، ۶۱ ❷ تقریب التهذیب ص۲۱۰ ❸ الفتح المبین فی تحقیق طبقات المدلسین ص ۵۸ ❹ لسان المیزان ۳/۱۲ ❺ لسان المیزان ۳/۲۸۵

علامہ البانی نے اس حدیث کو سلسلة الاحاديث الصحيحة میں جلد 2، حدیث نمبر 944، ص 624 پر نقل کیا ہے اور صحیح کہا ہے۔

پہلا طریق

اخرجه ابن ماجة (4102)، وابو الشيخ في "التاريخ" (ص183)، والحاملي في "مجلسين من الامالي" (2/140)، والعقيلي في "الضعفاء" (117)، والروياني في "مسنده" (2/814)، وابن عدي في "الكامل" (2/117)، وابن سمعون في "الامالي" (1/157/2)، والطبراني في "الكبير" (5972/237/8)، وابو نعيم في "الحلية" (136/7,253-252/3)، وفي "اخبار اصبهان" (245-244/2)، والحاكم (313/4)، والبيهقي في "الشعب" (10522/344/7)، من طرق خالد بن عمرو القرشي عن سفيان الثوري عن ابى حازم عن سهل بن سعد الساعدى مرفوعًا.

اول: اس سند میں سفیان ثوری مدلس ہے ① اور عن سے روایت کر رہا ہے لہٰذا معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

دوم: سند میں خالد بن عمرو راوی منکر الحدیث، کذاب اور متروک ہے۔ وضاحت پیش خدمت ہے: امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں ہے ② امام المحدثین امام بخاری نے کہا: منکر الحدیث ہے ③ امام یحییٰ بن معین نے کہا: اس کی حدیث کچھ چیز نہیں ہے ④

---

① الفتح المبين في تحقيق طبقات المدلسين ص ٣٩، ٤٠ ② كتاب الضعفاء والمتروكين ص٢٧٩ ③ كتاب الضعفاء للبخارى ص ٣٨ ④ تاريخ يحيى بن معين ١/ ٣٧٥

امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے اور اس روایت کو نقل کرنے کے بعد کہا کہ اس حدیث کی کوئی اصل نہیں، نیز امام احمد بن حنبل نے کہا: ثقہ نہیں ہے اس کی روایت کردہ احادیث باطل ہیں ① امام ابن حبان نے کہا: ثقہ راویوں سے موضوع (جھوٹی) احادیث روایت کرنے میں منفرد تھا اس لیے قابل حجت نہیں ہے ② امام ساجی اور امام ابوزرعہ نے کہا: منکر الحدیث ہے اور امام ابو حاتم نے کہا: متروک الحدیث، ضعیف ہے۔ امام ابو داؤد نے کہا: کچھ چیز نہیں۔ امام صالح بن محمد بغدادی نے کہا: جھوٹی روایت گھڑتا تھا۔ امام ابن عدی نے کہا: اس کی حدیثیں منکر ہیں اور پھر کہا: اس کی تمام حدیثیں باطل ہیں۔ امام احمد بن حنبل نے کہا: اس کی حدیثیں موضوع (جھوٹی) ہیں اور امام عجلی نے کہا: ضعیف ہے ③ امام دارقطنی نے اس کا ذکر ضعفاء والمتروکین میں کیا ہے ④ امام ذہبی نے کہا: محدثین نے اس کو چھوڑ دیا تھا۔ ⑤

دوسرا اور تیسرا طریق:

دوسرا اور تیسرا طریق بھی سفیان ثوری کی تدلیس کی وجہ سے ضعیف ہے نیز تیسرے طریق میں عبداللہ بن واقد ابوقتادہ راوی بھی مدلس ہے ⑥ اور متروک، سخت ضعیف، اختلاط کا شکار تھا۔ وضاحت پیش خدمت ہے: امام المحدثین امام بخاری نے کہا: منکر الحدیث ہے محدثین نے اس کو چھوڑ دیا تھا ⑦ امام نسائی نے کہا: متروک الحدیث ہے ⑧ امام یحییٰ بن معین نے کہا: کچھ چیز نہیں ہے ⑨ امام جوزجانی نے کہا: **"غير مقنع لانه برك فلم ينبعث"** ⑩ امام علی بن مدینی نے کہا: محدثین نے اس کو ضعیف کہا ہے ⑪

---

❶ كتاب الضعفاء الكبير ١١١/٢ ❷ كتاب المجروحين ٢٨٣/١ ❸ تهذيب التهذيب ٦٧/٢، ٦٨ ❹ الضعفاء والمتروكون ص ١٩٩ ❺ الكاشف ٢٠٢/١ ❻ الفتح المبين في تحقيق طبقات المدلسين ص٤٨ ❼ كتاب الضعفاء للبخاري ص٦٢ ❽ كتاب الضعفاء والمتروكين ص٢٩٥ ❾ تاريخ يحيىٰ بن معين ٤٢/٢ ❿ كتاب احوال الرجال ص ١٨٠ ⓫ سوالات محمد بن عثمان بن ابی شيبة ص١٦٧

امام یعقوب بن سفیان فسوی نے کہا: ضعیف ہے ① امام دارقطنی نے کہا: ضعیف ہے ② امام ابوحاتم نے کہا: "**عبداللہ بن واقد یروی عن ھشام وابن جریج منکر**" ③ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ④ امام ذہبی نے بھی اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ⑤ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: متروک مختلط اور مدلس تھا ⑥ امام ابو زرعہ نے کہا: ضعیف الحدیث ہے اور امام ابوحاتم نے کہا: منکر الحدیث ہے۔ امام المحدثین امام بخاری نے کہا: محدثین نے اس سے خاموشی اختیار کی ہے۔ امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں ہے۔ امام جوزجانی نے کہا: متروک الحدیث ہے۔ امام حاکم ابواحمد نے کہا: "**حدیثه لیس بالقائم**" ⑦

چوتھا طریق

ایک راوی کے مجہول اور دوسرا راوی "متکلم فیہ" ہونے کے اور پانچواں طریق مرسل ہونے اور ایک راوی کے مجہول ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔ ⑧

❀❀❀

---

❶ كتاب المعرفة والتاريخ ۱۲۲/۳ ❷ موسوعة اقوال الدارقطنى ۳۸۲/۲ ❸ كتاب الضعفاء لابى نعيم ص ۱۰۱ ❹ كتاب الضعفاء الكبير ۳۱۳/۲ ❺ المغنى فى الضعفاء ۵۲۹/۱ ❻ تقريب التهذيب ص۱۹۳ ❼ تهذيب التهذيب ۲۹۲/۳، ۲۹۳

❽ سلسلة الاحاديث الصحيحة: للألباني ۶۲۶/۲، ۶۲۷.

35. يخرج عنق من النار يوم القيامة لها عينان تبصران واذنان تسمعان ولسان ينطق يقول اني وكلت بثلاثة بكل جبار عنيدوبكل من دعا مع الله الهاآخر و بالمصورين.

''قیامت کے دن جہنم سے ایک گردن نکلے گی جس کی دو آنکھیں ہوں گی جن سے وہ دیکھ رہی ہوگی اور دو کان ہوں گے جن سے وہ سن رہی ہوگی اور زبان ہوگی جس سے کلام کر رہی ہوگی اور کہہ رہی ہوگی: مجھے تین قسم کے آدمیوں پر مسلط کیا گیا ہے متکبر سرکش پر اور اللہ کے ساتھ دوسرے معبود کو پکارنے والے پر اور تصویر بنانے والے پر۔''

35۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الاحاديث الصحيحة جلد 6، ق 1، حدیث نمبر 2699، ص 447، اور جلد 2، حدیث نمبر 512، ص 39، پر نقل کیا ہے اور صحیح کہا ہے لیکن اس کے تمام طرق ضعیف ہیں۔

پهلا طريق

اخرجه الترمذى (95/2)، واحمد (336/2) من طريق عبدالعزيز بن مسلم عن الاعمش عن ابى صالح عن ابى هريره مرفوعًا.

اس سند میں اعمش راوی مدلس ہے ① اور عن سے روایت کر رہا ہے لہٰذا یہ روایت معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

دوسرا طريق

الاعمش عن عطية عن ابى سعيد عن النبى ﷺ نحو هذا وروى اشعث بن سوار عن عطية عن ابى سعيد الخدرى مرفوعًا.

---

① الفتح المبين فى تحقيق طبقات المدلسين ص ٤٣

اول: اس طریق میں اعمش راوی مشہور مدلس ہے جیسا کہ اسی حدیث کے پہلے طریق میں بیان ہوا اور اشعث بن سوار راوی ضعیف ہے ①

دوم: عطیہ بن سعد راوی ضعیف، شیعہ اور مشہور مدلس ہے ② عطیہ بن سعید راوی پر جرح حدیث نمبر (9) کے تحت گزر چکی ہے لہٰذا وہی ملاحظہ فرمائیں۔

تیسرا طریق

اخرجه احمد(110/6)، من طريق ابن لهيعة عن خالد بن ابى عمران عن القاسم بن محمد عن عائشة مرفوعًا.

اس طریق میں ابن لھیعۃ راوی جو کہ ضعیف راویوں سے تدلیس میں مشہور ہے ③ اور عن سے روایت کر رہا ہے لہٰذا یہ روایت بھی معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

چوتھا طریق

حفص بن غياث عن اشعث بن سوار عن اشعث عن ابى سعيد مرفوعًا.

اول: اس سند میں حفص بن غیاث راوی مدلس ہے ④ اور عن سے روایت کر رہا ہے لہٰذا یہ روایت معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

دوم: اشعث بن سوار ضعیف ہے جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے۔

سوم: اشعث بن سوار کا استاد اشعث راوی مجہول ہے ⑤ پانچویں طریق میں اعمش راوی مدلس اور عطیہ بن سعد ضعیف، شیعہ اور مدلس ہے جیسا کہ اسی حدیث میں دوسرے طریق کے تحت گزر چکا ہے۔

❁❁❁

---

❶تهذيب التهذيب ۲۲۴،۲۲۳/۱ ❷الفتح المبين فى تحقيق طبقات المدلسين ص۷۱ ❸الفتح المبين فى تحقيق طبقات المدلسين ص۷۷ ❹الفتح المبين فى تحقيق طبقات المدلسين ص۲۲ ❺ميزان الاعتدال ۲۶۷/۱

36. اذا مات ولد الرجل یقول الله تعالی للملائکة: أ قبضتم ولد عبدی؟فیقولون :نعم، فیقول: أقبضتم ثمرة فواده؟ فیقولون نعم. فیقول: فماذا قال عبدی؟ قال: حمدك واسترجع فیقول الله :ابنوا لعبدی بیتا فی الجنة و سموه بیت الحمد.

"جب کسی بندے کا بیٹا فوت ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرماتے ہیں: تم نے میرے بندے کے بیٹے کی روح قبض کی ہے؟ فرشتے جواب میں ہاں کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: تم نے اس کے دل کا ثمرہ اور ٹکڑا قبض کیا ہے؟ وہ کہتے ہیں ہاں۔ اللہ تعالیٰ پوچھتا ہے: میرے بندے نے اس وقت کیا کہا تھا؟ فرشتے کہتے ہیں! اس نے تیری تعریف کی اور انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا تھا۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: میرے بندے کے لئے جنت میں گھر بنا دو اور اس کا نام بیت الحمد (قابل تعریف گھر) رکھو۔"

36۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الاحادیث الصحیحة جلد 3، حدیث نمبر 1408، ص 398 پر نقل کیا ہے اور حسن کہا ہے۔

پهلا طریق

رواه الثقفی فی "الثقفیات" (2/15/3) عن عبدالحکم بن میسرة الحارثی ابی یحیی ثنا سفیان عن علقمة بن مرثد عن ابی بردة عن ابی موسی الاشعری مرفوعاً.

اول: اس سند میں راوی سفیان مدلس ہے (1) اور عن سے روایت کر رہا ہے لہٰذا یہ روایت معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

---

(1) الفتح المبین فی تحقیق طبقات المدلسین ص ۳۹

دوم: دوسرا راوی عبدالحکم بن میسرہ ابو یحییٰ ضعیف ہے اس کی حدیث میں متابعت نہیں کی گئی ①

دوسرا طریق

اخرجه الترمذی (190/1) و نعیم بن حماد فی "زوائد الزهد" (108)و ابن حبان (726) من طریق حماد بن سلمة عن ابی سنان حدثنی الضحاك بن عبدالرحمن عن ابی موسی الاشعری مرفوعاً .

اول : ضحاک بن عبدالرحمٰن کا ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے سماع ثابت نہیں ہے ②

دوم: دوسرا راوی عیسیٰ بن سنان الحنفی ابو سنان القسملی ضعیف اور قابل حجت نہیں ہے امام یحییٰ بن معین نے کہا: ضعیف ہے ③ امام یعقوب بن سفیان نے کہا: لین الحدیث ہے ④ امام ابو زرعہ رازی نے کہا: مختلط ضعیف الحدیث ہے ⑤ امام بیہقی نے کہا: ضعیف ہے اور قابل حجت نہیں ہے ⑥ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ⑦ امام ابوعبداللہ نے کہا: ضعیف ہے۔ امام ابوحاتم نے کہا: حدیث میں قوی نہیں ہے۔ امام عجلی نے کہا: اس میں کوئی حرج نہیں امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے امام ساجی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ⑧ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: لین الحدیث ہے ⑨ امام ذہبی نے کہا: ضعیف الحدیث ہے ⑩

❀❀❀

---

① لسان المیزان، ۳/ ۳۹۲ ② سنن الکبری للبیهقی ، ۱/ ۲۸۴، ۲۸۵ ③ کتاب الضعفاء والکذابین ،ص ۱۴۵ ④ کتاب المعرفة والتاریخ ، ۲/ ۲۶۲ ⑤ کتاب الضعفاء للرازی، ۲/ ۳۸۲ ⑥ سنن الکبری للبیهقی ، ۱/ ۲۸۵ ⑦ کتاب الضعفاء الکبیر، ۳/ ۳۸۳ ⑧ تهذیب التهذیب، ۴/ ۳۵۱ ⑨ تقریب التهذیب، ص ۲۷۱ ⑩ المغنی فی الضعفاء، ۲/ ۱۶۲

37. لا یرد القضاء الا الدعاء ولا یزید فی العمر الا البر.

''تقدیر کو دعا کے علاوہ کوئی چیز نہیں بدل سکتی اور عمر میں نیکی کے علاوہ کوئی چیز اضافہ نہیں کر سکتی۔''

37۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الاحادیث الصحیحة جلد 1، ق 1، حدیث نمبر 154، ص 286 پر نقل کیا ہے اور حسن کہا ہے۔ اسی طرح محمد اقبال کیلانی نے ''دعا کے مسائل'' ص 34 پر اور پروفیسر حافظ سعید صاحب نے تفسیر سورۃ التوبہ میں ص 391 پر نقل کیا ہے اس حدیث کے تمام طرق ضعیف ہیں۔ وضاحت پیش خدمت ہے:

پهلا طريق

اخرجه الترمذی (20/2) و الطحاوی فی "المشکل" (169/4) و ابن حیویة فی "حدیثه" (2/4/3) و عبدالغنی المقدسی فی "الدعا" (143,142) کلهم من طریق ابی مودود عن سلیمان التیمی عن ابی عثمان النهدی عن سلیمان به.

اول: سند میں سلیمان التیمی راوی مدلس ہے① اور عن سے روایت کر رہا ہے لہٰذا یہ روایت معنعن کی وجہ ضعیف ہے۔

دوم: سند میں ابو مودود فضۃ راوی ضعیف ہے امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے اور کہا ہے کہ امام ابو حاتم کہتے ہیں: ضعیف ہے② امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: یہ راوی کمزور ہے③

---

①الفتح المبین فی تحقیق طبقات المدلسین ص ۴۲ ②کتاب الجرح والتعدیل ۷/ ۱۲۴ ③تقریب التهذیب ص ۲۷۶

دوسرا طریق

رواه ابن ماجة (4022) و مسند احمد (282,280,277/5) وابن ابی شیبة فی "المصنف" (2/157/12) ومحمد بن یوسف الفیریابی فی "ما اسند سفیان" (2/43/1) و الطحاوی فی "المشکل" (169/4) و الطبرانی فی "المعجم الکبیر" (2/147/1) و ابو محمد العدل المخلدی فی "الفوائد" (2/268,2/246,2/243/2) و الرویانی فی "مسند" (1/133/25) والحاکم (493/1) و ابو نعیم فی "اخبار اصبهان" (60/2) والبغوی فی "شرح السنة" (2/81/4) والقضاعی (1/71) وعبدالغنی المقدسی فی "الدعاء" (143,142) من طریق سفیان الثوری عن عبدالله بن عیسی عن ابن ابی الجعد عن ثوبان مرفوعاً.

اول: سند میں عبداللہ بن جعد راوی مجہول ہے ①

دوم: دوسرا راوی سفیان ثوری مدلس ہے ② اور عن سے روایت کر رہا ہے لہٰذا یہ روایت معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

تیسرا طریق

اخرجه الرویانی (1/162) من طریق عمر بن شبیب ثنا عبدالله بن عیسی عن حفص و عبیدالله بن اخی سالم عن سالم عن ثوبان به.

اول: یہ سند منقطع ہے کیونکہ سالم بن ابی جعد راوی کا ثوبان رضی اللہ عنہ سے سماع ثابت نہیں۔ ③

---

① سلسلة الاحاديث الصحيحة للألباني ١/ق ٢٨٧/١ ② الفتح المبين في تحقيق طبقات المدلسين ص٣٩ ③ كتاب المراسيل ص٨٠

دوم: سند میں حفص وعبید اللہ بن اخی سالم دونوں راوی مجہول ہیں ①

سوم: سند میں تیسرا راوی عمر بن شبیب ضعیف، واہی الحدیث ہے۔امام یعقوب بن سفیان نے کہا: محدثین نے اس کو ضعیف کہا ہے ② امام ابوزرعہ رازی نے کہا: واہی الحدیث تھا ③

امام یحییٰ بن معین نے کہا: ثقہ نہیں ہے ④ پھر کہا: کچھ چیز نہیں ⑤ امام یعقوب نے کہا: اس کی حدیث کچھ بھی نہیں۔امام ابوزرعہ نے کہا: لین الحدیث ہے۔امام ابوحاتم نے کہا: اس کی حدیث لکھی جائے لیکن قابل حجت نہیں ہے۔امام نسائی نے کہا: قوی نہیں ہے۔امام ابن حبان نے کہا: شیخ صدوق لیکن بہت زیادہ غلطیاں کرنے والا تھا۔امام ابن شاہین نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ⑥ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے ⑦ امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے اور کہا ہے کہ امام دارقطنی نے کہا: ضعیف ہے ⑧

چوتھا طریق

اخرجه ابن عدی (ق 1/34) من طریق ابی علی الدارسی حدثنا طلحة بن زید عن ثور عن راشد بن سعد عن ثوبان.

اول: اس سند میں ابوعلی الدارسی بشر بن عبید راوی منکر الحدیث اور کذاب ہے۔

امام الازدی نے کہا: کذبہ اور امام ابن عدی نے کہا: "منکر الحدیث" "بین الضعف جدًا". ⑨

امام ذہبی نے اس کی موضوع (جھوٹی) حدیثوں کی نشاندہی کی ہے۔

---

❶سلسلة الاحاديث الصحيحة للالباني ۱/ق۱/۲۸۷ ❷كتاب المعرفة و التاريخ ۳/۱۴۷ ❸كتاب الضعفاء للرازی ۲/۴۳۵ ❹سوالات ابن الجنيد ص۸۰ ❺كتاب الضعفاء والكذابين ص۱۲۱ ❻تهذيب التهذيب ۴/۲۹۰ ❼تقريب التهذيب ص۲۵۴ ❽المغنی فی الضعفاء ۲/۱۱۹ ❾ميزان الاعتدال ۱/۳۲۰

دوم: سند میں دوسرا راوی طلحہ بن زید ضعیف الحدیث، منکر الحدیث اور موضوع (جھوٹی) حدیثیں گھڑتا تھا۔

امام المحدثین امام بخاری نے کہا: منکر الحدیث ہے ① امام دارقطنی نے کہا: ضعیف ہے ② امام نسائی نے کہا: متروک الحدیث ہے ③ امام ابن حبان نے کہا: سخت منکر الحدیث ہے ④ امام ابونعیم نے کہا: منکر الحدیث ہے ⑤ امام ابن شاھین نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ⑥ امام احمد نے کہا: کچھ چیز نہیں موضوع (جھوٹی) حدیثیں گھڑتا تھا۔ امام علی بن مدینی اور امام ابوحاتم نے کہا: منکر الحدیث اور ضعیف الحدیث تھا۔ امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں۔

امام صالح بن محمد نے کہا: اس کی حدیث نہ لکھی جائے۔ امام برقانی نے کہا: ضعیف ہے امام ابو داؤد نے کہا: جھوٹی حدیثیں گھڑتا تھا امام ساجی نے کہا: منکر الحدیث ہے ⑦ امام ذہبی نے کہا: محدثین نے اسے ضعیف کہا ہے ⑧ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: متروک ہے امام احمد اور امام علی اور امام ابوداؤد نے کہا: جھوٹی حدیثیں گھڑتا تھا ⑨

سوم: راشد بن سعد کا ثوبان رضی اللہ عنہ سے سماع ثابت نہیں لہٰذا یہ سند منقطع بھی ہے ⑩

38. من لم يصل ركعتي الفجر فليصلهما بعد ما تطلع الشمس.

''جس نے فجر کی دو رکعتیں ادا نہیں کیں وہ سورج طلوع ہونے کے بعد پڑھ لے۔''

38۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الاحاديث الصحيحة جلد 5، حدیث

---

① كتاب الضعفاء للبخارى ص٥٦ ② موسوعة اقوال الدارقطني ٣٢٦/١ ③ كتاب الضعفاء والمتروكين ص٢٩٤ ④ كتاب المجروحين ٣٨٣/١ ⑤ كتاب الضعفاء لابن نعيم ص٩٦ ⑥ كتاب الضعفاء والكذابين ص١١٤ ⑦ تهذيب التهذيب ١٤/٣ ⑧ المغنى فى الضعفاء ٥٠١/١ ⑨ تقريب التهذيب ص١٥٧ ⑩ كتاب المراسيل ص٥٩

نمبر 2361، ص478، پر نقل کیا ہے اور صحیح کہا ہے۔

پہلا طریق

اخرجه الترمذی (423) و ابن خزیمة (1117) وابن حبان (613) والحاکم (307,274/1) والبیهقی (484/2) عن عمرو بن عاصم ثنا همام عن قتادة عن النضر بن انس عن بشیر بن نهیك عن ابی هریرة مرفوعاً.

اس سند میں قتادہ راوی مشہور مدلس ہے [1] اور عن سے روایت کر رہا ہے لہٰذا یہ روایت معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

تنبیه : جس سے فجر کی سنتیں رہ جائیں وہ انہیں فجر کی نماز کے بعد ادا کر لے۔ وضاحت پیش خدمت ہے: قیس بن عمرو بن سہل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ تشریف لائے تو جماعت کھڑی کی گئی میں نے آپ ﷺ کے ساتھ فجر کی نماز ادا کی جب رسول اللہ ﷺ نے چہرہ انور صحابہ کرام کی طرف پھیرا تو مجھے نماز پڑھتے ہوئے دیکھا اور فرمایا: قیس ٹھہر جائیں کیا دو نمازیں اکٹھی؟ میں نے عرض کیا میں نے فجر کی دو رکعتیں ادا نہیں کی تھیں، آپ ﷺ نے فرمایا: پھر کوئی حرج نہیں اور دوسری حدیث کے الفاظ ہیں آپ ﷺ نے خاموشی اختیار فرمائی۔(سنن ترمذی، کتاب الصلاۃ، باب ما جاء فیمن تفوته الرکعتان قبل الفجر یصلیهما بعد الصلوٰة الصبح، مستدرك حاکم ۳۸۳،۳۸۲/۱، اسناده صحیح)

39. **كان اذا صعد المنبر سلم**

''جب منبر پر چڑھتے (خطبہ سنانے کے لئے) تو السلام علیکم فرماتے۔''

....

39۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الاحادیث الصحیحة جلد 5، حدیث نمبر 2076، ص106، پر نقل کیا ہے اور صحیح کہا ہے۔

---

[1] الفتح المبین فی تحقیق طبقات المدلسین ص۵۸،۵۹

پهلا طریق

اخـرجه ابن ماجة (1109)و تـمـام فی " الفوائد " (2/60)و ابن عدی (1/211) والبغوی فی "شرح السنة" (1/123/1) عـن عمرو بن خـالـد ثـنا ابن لهيعة عن محمد بن زيد بن المهاجر عن محمد بن المنكدر عن جابر مرفوعاً.

اس روایت کی سند میں عبداللہ بن لھیعۃ مدلس ہے ضعیف راویوں سے تدلیس کرتا تھا① اور عن سے روایت کرر ہا ہے لہٰذا یہ روایت معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

دوسرا طریق

اخـرجه ابن ابی شيبة فی " المصنف"(114/2) حدثنا ابو اسامة قال حدثنا مجالد عن الشعبی مرسلاً ۔

اول: یہ طریق مرسل ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے مرسل روایت کے ضعیف ہونے کی دلیل حدیث نمبر (14) چوتھے طریق کے تحت گزر چکی ہے وہی ملاحظہ فرمائیں۔

دوم: اس سند میں مجالد بن سعید ضعیف، واہی الحدیث اور نا قابل حجت ہے نیز عمر کے آخری میں حصہ اختلاط کا شکار ہو گیا تھا② امام المحدثین امام بخاری نے کہا: امام یحییٰ القطان کہتے ہیں ضعیف ہے۔امام عبدالرحمٰن بن مہدی اس سے روایت نہیں کرتے تھے۔امام احمد بن حنبل نے کہا: کچھ بھی نہیں ③ امام یحییٰ بن معین نے کہا: ضعیف واہی الحدیث ہے ④ امام دارقطنی نے کہا: قوی نہیں ہے ⑤ پھر کہا: ثقہ نہیں اور ضعیف ہے ⑥

---

①الفتح المبين فی تحقيق طبقات المدلسين ص ۷۷ ②الكواكب النيرات ص ۵۰۴ ③كتاب الضعفاء للبخاری ص ۱۱۰ ④كتاب الضعفاء والكذابين ص ۱۸۱ ⑤ الضعفاء والمتروكون للدارقطنی ص ۳۷۳ ⑥موسوعة اقوال الدارقطنی ۲/ ۵۴۰

امام ابن حبان نے کہا: برے حافظے والا، سندوں کو الٹ پلٹ کر دیتا تھا اور مرسل روایات کو مرفوع کر دیتا تھا اس سے احتجاج کرنا جائز نہیں ① امام جوزجانی اس کی احادیث کو ضعیف کہتے تھے ② امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے ③ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے اور کہا ہے کہ امام یحییٰ نے کہا: حدیث میں ضعیف ہے اور اس کی حدیث قابل حجت نہیں امام احمد بن حنبل نے کہا: ضعیف ہے ④ امام ابن ابی حاتم نے کہا: میں نے اپنے والد امام ابو حاتم سے پوچھا کہ مجالد قابل حجت ہے تو انہوں نے کہا: نہیں لیکن وہ مجھے بشیر بن حرب وغیرہ سے زیادہ محبوب ہے اور حدیث میں قوی نہیں ہے۔ امام ابن عدی نے کہا: اس کی عام احادیث غیر محفوظ ہیں۔ امام محمد بن سعد نے کہا: حدیث میں ضعیف ہے ⑤ امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ⑥ امام ابوزرعہ رازی نے بھی اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ⑦

تیسرا طریق:

اخرجه ابن ابی شيبة فی "المصنف" (114/2) حدثنا غسان بن مضر عن سعيد بن يزيد عن ابی نضرة قال: كان عثمان ﷺ.

یہ روایت بھی مرسل اور منقطع ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔ کیونکہ ابونضرۃ کی روایات عثمان رضی اللہ عنہ سے مرسل ہیں ⑧

چوتھا طریق بھی مرسل ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے نیز باقی سند بھی قابل غور ہے۔

❀❀❀

---

❶ كتاب المجروحين ١٠/٣ ❷ كتاب احوال الرجال ص٨٩ ❸ كتاب الضعفاء والمتروكين ص٣٠٤ ❹ كتاب الضعفاء الكبير ٢٣٣/٤، ٢٣٤ ❺ تهذيب التهذيب ٣٤٢/٥ ❻ المغنى فى الضعفاء ٢٢٧/٢ ❼ كتاب الضعفاء للرازى ٦٢٣/٢ ❽ جامع التحصيل فى احكام المراسيل ص٢٨٧

40. صدقة السر تطفيء غضب الرب.

''پوشیدہ طریقہ سے کیا ہوا صدقہ رب تعالیٰ کے غصے کو ٹھنڈا کر دیتا ہے۔''

....

40۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانیؒ نے سلسلة احاديث الصحيحة جلد 4، حدیث نمبر 1908، ص 535، پر نقل کیا ہے اور صحیح کہا ہے لیکن اس روایت کے تمام طرق ضعیف ہیں۔

پهلا طريق

اخرجه الطبراني في "المعجم الصغير" (ص 214) و "الاوسط" (1/93/1) والقضاعي في "مسند الشهاب" (ق 1/11) من طريق اصرم بن حوشب ثنا قرة بن خالد عن ابي جعفر محمد بن علي بن الحسين قال: قلت لعبدالله بن جعفر مرفوعاً.

اس سند میں اصرم بن حوشب راوی کذاب، منکر الحدیث اور متروک الحدیث ہے۔

امام المحدثین امام بخاری نے کہا: متروک الحدیث ہے ① امام یحییٰ بن معین نے کہا: کذاب خبیث ہے ② امام دارقطنی نے کہا: منکر الحدیث ہے ③ امام ابونعیم نے کہا: کچھ چیز نہیں ④ امام حاکم ابوعبداللہ نے کہا: یہ زیاد بن سعد وغیرہ سے جھوٹی حدیثیں روایت کرتا تھا ⑤ امام ابن حبان نے کہا: ثقہ راویوں پر جھوٹی حدیثیں گھڑتا تھا ⑥ امام عقیلی نے کہا: یہ امام اوزاعی سے موضوع احادیث روایت کرتا تھا ⑦

---

❶ كتاب الضعفاء للبخاري ص ١٩ ❷ تاريخ عثمان بن سعيد الدارمي ص ٧٥ ❸ الضعفاء والمتروكون للدارقطني ص ١٥٥ ❹ كتاب الضعفاء لابن نعيم ص ٦٣ ❺ المدخل الى الصحيح ص ١٢٢ ❻ كتاب المجروحين ١/١٨٩ ❼ كتاب الضعفاء الكبير ١/٥١

امام نسائی نے کہا: متروک الحدیث تھا (۱) امام مسلم نے کہا: متروک ہے (۲) امام جوز جانی نے کہا: ضعیف ہے (۳) امام ذہبی نے کہا: "متھم" (۴) محدثین نے اس کو چھوڑ دیا تھا (۵) محمد طاہر بن علی نے کہا: کذاب خبیث تھا (۶)

دوسرا طریق:

اخرجه الحاكم في "المستدرك" 568/3 من طريق اسحاق بن واصل عن ابی جعفر به .

اس سند میں اسحاق بن واصل شیعہ اور متروک ہے۔

اول: امام ابوالفتح الازدی نے کہا: متروک ہے (۷) امام ذہبی نے کہا: متروک ہے (۸) امام ابن حجر عسقلانی نے اس حدیث کو ذکر کرنے کے بعد کہا ہے: شیعہ کے رجال میں سے ہے (۹)

دوم: اس سند میں اصرم بن حوشب راوی متروک اور کذاب ہے جیسا کہ اسی حدیث کے پہلے طرق میں آپ پڑھ چکے ہیں۔

تیسرا طریق:

اخرجه العسكری فی "كتاب السرائر" (2-1/179) من طريق الحارث النميری عن ابی هارون العبدی عن ابی سعيد الخدری مرفوعا به.

اول: اس سند میں الحارث النمیری مجہول ہے (۱۰)

---

(۱) كتاب الضعفاء والمتروكين للنسائی ص۲۸۲ (۲) ميزان الاعتدال ۲۷۲/۱ (۳) كتاب احوال الرجال ص۲۰۵ (۴) ديوان الضعفاء والمتروكين ص ۳۰ (۵) المغنی فی الضعفاء ۱۲۱/۱ (۶) تذكرة الموضوعات ص ۲۴۲ (۷) المغنی فی الضعفاء ۱۱۲/۱ (۸) ديوان الضعفاء والمتروكين ص۲۹ (۹) لسان الميزان ۳۷۸/۱ (۱۰) سلسلة الاحاديث الصحيحة للألباني ج ۴، ح۱۹۰۸

دوم: سند میں دوسرا راوی ابو ہارون العبدی، متروک الحدیث، منکر الحدیث، کذاب، رافضی، شیعہ تھا اس راوی پر جرح حدیث نمبر (15) تیسرے طریق کے تحت گزر چکی ہے لہٰذا وہی ملاحظہ فرمائیں۔

چوتھا طریق :

اخرجه ابن عساكر في "تاريخ دمشق" (2/17/6)من طريق احمد بن محمد بن عيسى بن داود بن عيسى بن على بن عبدالله بن عباس بن عبدالمطلب نا ابى محمد بن عيسى حدثنى جدى داود بن عيسى عن ابيه عيسى بن على عن على بن عبدالله بن عباس عن ابن عباس مرفوعاً.

اس سند میں احمد بن محمد بن عیسیٰ اور محمد بن عیسیٰ اور داود بن عیسیٰ تینوں راوی مجہول ہیں ①

پانچواں طریق :

اخرجه ابن ابى الدنيا فى "قضاء الحوائج" و عنه ابو عبدالله الرازى فى "مشيخته" (1/168) من طريق عمرو بن هاشم الجنبى عن جويبر الضحاك عن ابن عباس مرفوعاً.

اول: اس سند میں جویبر بن سعید الازدی ابو القاسم متروک الحدیث اور سخت ضعیف ہے۔

امام المحدثین امام بخاری نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے اور کہا: قال على بن مدينى عن يحيى القطان "كنت اعرف جويبر بحديثين ثم اخرج هذه الاحاديث بعد، فضعفه ②

---

① سلسلة الاحاديث الصحيحة ۵۳۶/۴ ② كتاب الضعفاء للبخارى ص۲۵

امام ابن شاہین نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے اور کہا ہے کہ امام یحییٰ بن معین نے کہا: اس کی حدیث کچھ چیز نہیں (1) پھر ابن معین نے کہا: اس کی حدیث ضعیف ہے (2) امام نسائی نے کہا: متروک الحدیث ہے (3) امام دارقطنی نے کہا: متروک ہے (4) امام ابو زرعہ رازی نے کہا: اس کی حدیث قابل حجت نہیں ہے (5) امام جوز جانی نے کہا: اس کی حدیث میں وقت ضائع نہ کیا جائے (6) امام یحییٰ اور امام عبدالرحمٰن بن مہدی اس سے حدیث روایت نہ کرتے تھے (7) امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے اور کہا ہے کہ امام احمد بن حنبل کہتے ہیں۔ **ما اقرب بعضھم من بعض الی الضعف** (8) امام ذہبی نے کہا: متروک الحدیث ہے (9) اور محدثین نے اس کی حدیث کو چھوڑ دیا تھا (10)

امام علی بن مدینی نے کہا: سخت ضعیف ہے۔ امام ابوداؤد نے کہا: ضعیف ہے۔ امام علی بن جنید نے کہا: متروک ہے۔ امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں ہے۔ امام ابن علی نے کہا: **والضعف علی حدیثه و روایاته بین**" امام حاکم ابواحمد نے کہا: حدیث میں گیا گزرہ ہے (11) امام یعقوب بن سفیان نے کہا: محدثین نے اس کو ضعیف کہا ہے (12) امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: سخت ضعیف ہے۔ (13)

---

(1) کتاب الضعفاء والکذابین ص۲۸ (2) تاریخ عثمان بن سعید الدارمی ص۸۶ (3) کتاب الضعفاء والمتروکین للنسائی ص۲۸۷ (4) الضعفاء والمتروکون للدارقطنی ص۱۷۱ (5) کتاب الضعفاء للرازی ۲/۷۷۷ (6) کتاب احوال الرجال ص۵۵ (7) کتاب المجروحین ۱/۲۱۷ (8) کتاب الضعفاء الکبیر ۱/۲۰۵ (9) دیوان الضعفاء والمتروکین ۷۹۹ (10) الکاشف ۱/۱۳۲ (11) تھذیب التھذیب ۱/۳۹۸ (12) کتاب المعرفة والتاریخ ۳/۱۳۶ (13) تقریب التھذیب ص ۵۸

دوم: سند میں دوسرا راوی عمرو بن ہاشم ضعیف ہے۔

امام المحدثین امام بخاری نے کہا: **فیہ نظر یعنی متروك و متھم** ہے ① امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے۔ امام احمد بن حنبل نے کہا: صدوق ہے لیکن صاحب حدیث نہیں ہے ② امام ابن حبان نے کہا: سندوں کو الٹ پلٹ کر دیتا تھا اور ثقہ راویوں سے ایسی حدیثیں روایت کرتا تھا جو ان کی روایات کے مشابہ نہیں ہوتیں اس کی روایت سے حجت پکڑنا جائز نہیں ③

امام ابو حاتم نے کہا: حدیث میں کمزور ہے اس کی حدیث لکھی جائے۔ امام نسائی نے کہا: قوی نہیں ہے۔ امام ابن عدی نے کہا: صدوق۔ امام محمد بن سعد نے کہا: سچا تھا لیکن بہت زیادہ خطائیں کرنے والا تھا۔ امام مسلم نے کہا: ضعیف ہے۔ امام ابو احمد حاکم نے کہا: محدثین کے نزدیک قوی نہیں ہے۔ امام ابن معین نے کہا: "**لم یکن به باس**" ④ امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ⑤ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: "**لین الحدیث افرط فیه ابن حبان**" ⑥

چھٹا طریق

اخرجه ابو بكر الذكواني في "اثنا عشر مجلسًا" (2/9) من طريق نضر بن حميد عن سعد عن الشعبي عنه به مرفوعاً.

اس طریق میں نضر بن حمید راوی منکر الحدیث، متروک الحدیث ہے۔ امام ابو حاتم نے کہا: متروک الحدیث ہے۔ ⑦

---

① التاريخ الصغير للبخاري ۲۲۶/۲ ② كتاب الضعفاء الكبير ۲۹۴/۳ ③ كتاب المجروحين ۷۷/۲ ④ تهذيب التهذيب ۳۸۷/۴ ⑤ المغني في الضعفاء ۱۵۴/۲ ⑥ تقريب التهذيب ص ۲۶۳ ⑦ كتاب الجرح والتعديل ۵۴۳/۸.

امام المحدثین امام بخاری نے کہا: منکر الحدیث ہے① امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے② امام عقیلی نے بھی اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے③

ساتواں طریق

اخرجه القضاعی فی "مسند الشهاب" (1/11) من طريق نصر بن حماد بن عجلان العجلی قال نا عاصم بن تميم البجلی عن عاصم بن بهدلة عن ابی وائل عن ابن مسعود مرفوعاً.

اس طریق میں نصر بن حماد راوی کذاب اور متروک الحدیث ہے۔ امام المحدثین امام بخاری نے کہا: محدثین نے اس کے بارے میں کلام کیا ہے④ امام عقیلی نے کہا: متروک ہے۔ امام یحییٰ بن معین نے کہا: کذاب ہے⑤ امام دارقطنی نے کہا: حدیث میں قوی نہیں ہے⑥ امام ذہبی نے کہا: حافظ متہم ہے۔ امام ابوزرعہ نے کہا: اس کی حدیث نہ لکھی جائے⑦ امام مسلم نے کہا: حدیث میں گیا گزرہ ہے۔ امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں ہے امام یعقوب بن شیبہ نے کہا: کچھ چیز نہیں ہے۔ امام ابوحاتم اور امام ازدی نے کہا: متروک الحدیث ہے۔ امام ابن عدی نے کہا: اس کی تمام حدیثیں غیر محفوظ ہیں⑧ امام ابن حبان نے کہا: اسناد میں بہت زیادہ خطائیں اور وہم کرنے والا تھا اس صورت میں اس کی روایات زیادہ ہوگئی لہٰذا جب یہ اکیلا روایت کرے تو اس سے دلیل پکڑنا باطل ہے۔⑨

---

❶ميزان الاعتدال ۲۵۱/۴ ❷المغنی فی الضعفاء ۴۵۸/۲ ❸كتاب الضعفاء الكبير ۲۸۹/۳ ❹كتاب الضعفاء للبخاری ص ۱۲۷ ❺كتاب الضعفاء الكبير ۳۰۱/۴ ❻موسوعة اقوال للدارقطنی ۶۸۰/۲ ❼الكاشف ۱۷۶/۳ ❽تهذيب التهذيب ۶۱۴/۵ ❾كتاب المجروحين ۵۴/۳

امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے① امام ابن حجر عسقلانی نے کہا:
"ضعيف افرط الازدی فزعم انه يضع" ②

آٹھواں طریق

اخرجه لؤلؤ فی "الفوائد المنتقاء" (1/215/2) والطبرانی فی "الكبير" (8014) من طريق حفص بن سليمان عن يزيد بن عبدالرحمن عن ابيه عنه مرفوعاً.

اس سند میں حفص بن سلیمان متروک الحدیث اور سخت ضعیف ہے۔ امام المحدثین امام بخاری نے کہا: محدثین نے اس کو چھوڑ دیا تھا③ امام یحییٰ بن معین سے ان کے شاگرد امام عثمان نے پوچھا اس کی حدیث کیسی ہے تو انہوں نے کہا: ثقہ نہیں ہے④ امام ابوزرعہ رازی نے کہا: ضعیف ہے⑤ امام نسائی نے کہا: متروک الحدیث ہے⑥ امام جوزجانی نے کہا: "قد فرغ منه منذ دهر" ⑦ امام دارقطنی نے کہا: ضعیف ہے⑧ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے اور کہا ہے کہ امام احمد بن حنبل نے کہا: متروک الحدیث ہے۔ امام یحییٰ بن معین نے کہا: کچھ چیز نہیں⑨ امام ابن حبان نے کہا: سندوں کو الٹ پلٹ کر دیتا تھا اور مرسل روایات کو مرفوع کر دیتا تھا⑩ امام علی بن مدینی نے کہا: ضعیف الحدیث ہے امام مسلم نے کہا: متروک ہے۔ امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں ہے اور اس کی حدیث نہ لکھی جائے۔ امام صالح بن محمد نے کہا: اس کی حدیث نہ لکھی

---

① المغنی فی الضعفاء ۲/۲۵۴ ② تقریب التہذیب ص ۳۵۲ ③ کتاب الضعفاء للبخاری ص ۲۹ ④ تاریخ عثمان بن سعیدا لدارمی ص۹۸ ⑤ کتاب الضعفاء للرازی ۲/۵۰۲ ⑥ کتاب الضعفاء والمتروکین للنسائی ص۲۸۸ ⑦ کتاب احوال الرجال ص ۱۱۰ ⑧ سنن الدارقطنی ۲/۲۶۳ ⑨ کتاب الضعفاء الکبیر ۱/۲۷۰،۲۷۱ ⑩ کتاب المجروحین ۱/۲۵۵

جائے اوراس کی تمام حدیثیں منکر ہیں۔امام ساجی نے کہا: سماک وغیرہ سے روایت کردہ اس کی حدیثیں باطل ہیں۔ امام ابو حاتم نے کہا: اس کی حدیث نہ لکھی جائے ضعیف الحدیث ہے سچا نہیں متروک الحدیث ہے۔ امام ابن خراش نے کہا: کذاب متروک اور جھوٹی حدیثیں گھڑتا تھا۔امام ابواحمد حاکم نے کہا: حدیث میں گیا گزرہ ہے ① امام ذہبی نے کہا: حدیث میں سخت ضعیف ہے ② امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: متروک الحدیث مع امامته فی القراءة ③

نواں طریق

اخرجه الطبرانی فی "المعجم الاوسط" رقم 6222، حدثنی محمد بن بکر بن کروان الحریری البصری ثنا محمد بن یحیی الحنینی الکوفی ثنا منذر بن جعفر الفیدی عن عبدالله بن الولید الوصافی عن محمد بن علی عنها مرفوعاً .

اول: اس سند میں عبداللہ بن ولید وصافی راوی ضعیف ہے ④

دوم: محمد بن بکر بن کروان الحریری اور محمد بن یحییٰ الحنینی اور منذر بن جعفر الفیدی تینوں راوی مجہول ہیں ⑤

---

❶تہذیب التہذیب ۱/۵۵۹ ❷المغنی فی الضعفاء ۱/۲۴ ❸تقریب التہذیب ص۷۷ ❹سلسلة الاحادیث الصحیحة ۴/۵۳۸ ❺سلسلة الاحادیث الصحیحة ۴/۵۳۸

دسواں طریق

اخرجه الطبرانی فی "الاوسط" (1/93/1) والقضاعی فی "مسند الشهاب" (ق 2/11) والضیاء المقدسی فی "المنتقی من مسموعاته بمرو" (1/23) من طریق عمرو بن ابی سلمة عن صدقة بن عبدالله عن الاصبغ عن بهز بن حکیم عن ابیه عن جده مرفوعاً.

اول: سند میں اصبغ راوی مجہول ہے ①

دوم: صدقہ بن عبداللہ منکر الحدیث، متروک اور سخت ضعیف ہے۔

امام المحدثین امام بخاری نے کہا: سخت ضعیف ہے ② امام یحییٰ بن معین نے کہا: ضعیف ہے ③ امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے ④ امام دارقطنی نے کہا: ضعیف ہے ⑤ امام جوزجانی نے کہا: لین الحدیث ہے ⑥ امام ابن حبان نے کہا: ثقہ راویوں سے جھوٹی حدیثیں روایت کرتا تھا اس کی روایت میں وقت ضائع نہ کیا جائے ⑦ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے اور کہا ہے کہ امام احمد بن حنبل کہتے ہیں کچھ چیز نہیں ضعیف الحدیث ہے اس کی حدیثیں منکر ہیں سخت ضعیف ہے۔ امام ابن ابی السری نے کہا: ضعیف ہے ⑧ امام ذہبی نے کہا: ضعیف ہے ⑨ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے ⑩ امام ابوزرعہ رازی نے کہا: ضعیف ہے امام مسلم نے کہا: منکر الحدیث ہے۔ امام دارقطنی نے کہا:

---

① سلسلة الاحاديث الصحيحة ۵۳۹/۴ ② كتاب الضعفاء للبخارى ص۵۲ ③ تاريخ عثمان بن سعيد الدارمى ص۱۳۳ ④ كتاب الضعفاء والمتروكين للنسائى ص۲۹۴ ⑤ الضعفاء والمتروكون للدارقطنى ص۲۵۱ ⑥ كتاب احوال الرجال ص۱۵۹ ⑦ كتاب المجروحين ۳۷۴/۱ ⑧ كتاب الضعفاء الكبير ۲۰۷/۲ ⑨ الكاشف ۲۵/۲ ⑩ تقريب التهذيب ص ۱۵۲

متروک ہے ① امام ابوزرعہ دمشقی نے کہا: مضطرب الحدیث اور ضعیف ہے ② اس حدیث کے باقی طرق میں بھی متروک اور کذاب راوی ہیں طوالت کے خوف سے انہی (10) طرق پر اکتفاء کیا ہے۔

❁❁❁

41. کان اذا اراد الحاجة لا یرفع ثوبه حتی یدنو من الارض.

''جب قضائے حاجت کا قصد کرتے تو کپڑا نہ اٹھاتے جب تک زمین سے نزدیک نہ ہو جاتے۔''

....

41۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الاحادیث الصحیحة جلد 3، حدیث نمبر 1071، ص 60 پر نقل کیا ہے اور صحیح کہا ہے۔

پہلا طریق

اخرجه ابو داود (1/3-4) و عنه البیهقی (1/96) عن وکیع عن الاعمش عن رجل عن ابن عمر مرفوعاً.

اول: اس سند میں اعمش مشہور مدلس ہے ③ اور انہوں (محدثین) نے کہا: اعمش کی تدلیس غیر مقبول ہے کیونکہ انہیں جب (معنعن روایت میں) پوچھا جاتا ہے تو غیر ثقہ کا حوالہ دیتے تھے آپ پوچھتے یہ روایت کس سے ہے؟ تو کہتے موسیٰ بن طریف سے، عبایہ بن ربعی سے اور حسن بن ذکوان سے ④

دوم: سند میں ''عن رجل'' مجہول ہے۔

---

① تهذیب التهذیب ۲/۵۴۷، ۵۴۸ ② تاریخ ابی زرعة الدمشقی ص۱۷۹ ③ الفتح المبین فی تحقیق طبقات المدلسین ص۴۳ ④ جامع التحصیل ص۸۰، ۸۱، ۱۰۱

دوسرا طریق

اخــرجــه ابـو داود (1/3-4) والتـرمـذی (21/1) والـدارمـی (171/1) مـن طـريقين عن عبدالسلام بن حرب الملائی عن الاعمش عن انس بن مالك به .

اول: اس سند میں بھی اعمش مشہور مدلس ہے جیسا کہ اسی حدیث کے پہلے طریق میں ذکر ہوا۔

دوم: امام علی بن مدینی نے کہا: اعمش کا انس بن مالکؓ سے سماع ثابت نہیں مکہ مکرمہ میں صرف دیکھا ہے ① امام ابوداود نے بھی اس طریق کو ضعیف کہا ہے ② تیسرے طریق میں بھی اعمش مشہور مدلس ہے اور عن سے روایت کر رہا ہے لہٰذا تینوں طریق اعمش کی تدلیس کی وجہ سے ضعیف ہیں۔

تنبیه : یہ حدیث اگر چہ ضعیف ہے لیکن یہ مسلمہ اصول ہے کہ آدمی جب قضائے حاجت کے لیے جائے تو کپڑا اس وقت اٹھائے جب زمین کے قریب ہو جائے۔

❀❀❀

42. احصوا هلال شعبان لرمضان.

''تم ماہ رمضان معلوم کرنے کے لیے شعبان کے چاند کی (تاریخ) گنتے جاؤ۔''

42۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الاحاديث الصحيحة جلد 2، حدیث نمبر 565، ص 108 پر نقل کیا ہے اور حسن کہا ہے۔

---

① كتاب المراسيل ص ۸۲ ② سنن ابو داود ۱/۳،۴

پهلا طریق

اخرجه الدارقطنی (ص230) والحاکم (425/1) و عنهما البیهقی (206/4) والبغوی فی "شرح السنة" (2/182/1-2) من طریق ابی معاویة عن محمد بن عمرو عن ابی سلمة عن ابی هریرة مرفوعاً.

اس سند میں ابو معاویہ محمد بن خازم الکوفی الضریر مدلس ہے① اورعن سے روایت کررہا ہے لہٰذا یہ سند معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

دوسرا طریق

اخرجه الضیاء المقدسی فی "المنتقی من مسموعاته بمرو" (ق1/97) من طریق یحیی بن راشد ثنا محمد بن عمرو به.

اس سند میں یحییٰ بن راشد المازنی ابوسعید البصری البراء حدیث میں ضعیف ہے امام یحییٰ بن معین نے کہا: کوئی چیز نہیں ہے② امام ابوزرعہ نے کہا: شیخ لین الحدیث ہے۔ امام ابوحاتم نے کہا: حدیث میں ضعیف ہے۔ امام صالح بن محمد نے کہا: کچھ چیز نہیں ہے۔ امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے۔③ امام دارقطنی نے اس کا ذکر ضعفاء والمتروکین میں کیا ہے④ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے⑤ امام ذہبی نے کہا: "ضعیف"⑥ امام ابوحاتم نے اس روایت کونقل کرنے کے بعد کہا ہے یہ حدیث محفوظ نہیں ہے⑦

---

❶ الفتح المبین فی تحقیق طبقات المدلسین ص ۴۷ ❷ کتاب الضعفاء والکذابین ص۱۹۶ ❸ تہذیب التہذیب ۱۳۳/۲ ❹ الضعفاء والمتروکون للدارقطنی ص۳۹۶ ❺ تقریب التہذیب ص ۳۷۵ ❻ الکاشف ۲۲۴/۱ ❼ علل الحدیث ۲۴۵/۱

تیسرا طریق

اخرجه الدارقطني في "السنن" (162/2) من طريق الواقدي ثنا محمد بن عبدالله بن مسلم عن الزهري عن حنظلة بن علي الاسلمي عن رافع بن خديج مرفوعاً.

اول: اس سند میں امام زہری مدلس ہے ① اور روایت معنعن ہے۔

دوم: سند میں محمد بن عمر بن واقد الواقدی راوی کذاب، متروک الحدیث منکر الحدیث اور نا قابل حجت ہے۔ امام المحدثین امام بخاری نے کہا: متروک الحدیث ہے ② امام احمد ابن حنبل، امام ابن نمیر، امام عبداللہ بن مبارک اور اسماعیل زکریا نے اس کو چھوڑ دیا تھا۔ امام یحیٰی بن معین نے کہا: ضعیف ہے ثقہ نہیں ہے۔ امام احمد بن حنبل نے کہا: کذاب ہے۔ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ③ امام نسائی نے کہا: متروک الحدیث ہے ④ امام یحیٰی بن معین نے کہا: اس کی حدیث نہ لکھی جائے ⑤ پھر کہا کوئی چیز نہیں ہے ⑥ امام جوزجانی نے کہا: " لم يكن مقنعا" ⑦ امام ابوزرعہ رازی نے کہا: محدثین نے اس کی حدیث کو چھوڑ دیا تھا ⑧ امام دارقطنی نے کہا: ضعیف ہے ⑨ امام ابونعیم نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ⑩

امام ابن حبان نے کہا: ثقہ راویوں سے مقلوب حدیثیں روایت کرتا تھا اور ثقہ راویوں سے معضل روایات لاتا تھا۔ امام علی بن مدینی نے کہا: جھوٹی حدیثیں گھڑتا تھا ⑪ امام

---

❶ الفتح المبين في تحقيق طبقات المدلسين ص ٦٢ ❷ كتاب الضعفاء للبخاري ص ١٠٠ ❸ كتاب الضعفاء الكبير ١٠٧/٤، ١٠٨ ❹ كتاب الضعفاء و المتروكين للنسائي ص ٣٠٣ ❺ كتاب الضعفاء والكذابين ص ١٢٧ ❻ تاريخ يحيى بن معين ١١٨/١ ❼ كتاب احوال الرجال ص ١٣٥ ❽ كتاب الضعفاء للرازي ٥١١/٢ ❾ سنن الدارقطني ١٦٣/٢، ١٩٢ ❿ كتاب الضعفاء لابي نعيم ١٤٦ ⓫ كتاب المجروحين ٢٩٠/٢

شافعی نے کہا: اس کی تمام کتب جھوٹی ہیں۔ امام ابن عدی نے کہا: اس کی حدیثیں غیر محفوظ ہیں۔ امام ابوزرعہ اور امام ابو بشر اور امام عقیلی نے کہا: متروک الحدیث ہے۔ امام ابو حاتم نے کہا: جھوٹی حدیثیں بناتا تھا۔ امام ساجی نے کہا: اس کی حدیثوں میں نظر اور اختلاف ہے۔ امام نووی نے کہا: محدثین کا اس کے ضعیف ہونے پر اتفاق ہے ① امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: متروک ہے ② امام ذہبی نے کہا: محدثین کا اس کو چھوڑنے پر اجماع ہے۔ امام نسائی نے کہا: یہ حدیثیں گھڑتا تھا ③ امام ذہبی نے کہا: علم کا سمندر ہے چونکہ اس کی حدیث ترک کرنے پر تمام محدثین کا اتفاق ہے اس لئے میں نے ان کے حالات یہاں ذکر نہیں کئے بلاشبہ علم کا خزانہ ہے لیکن حدیث میں غیر محفوظ ہے ④ امام ابن قیم نے کہا: قابل حجت نہیں ہے ⑤

تنبیه: یہ حدیث اگرچہ ضعیف ہے لیکن ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: چاند دیکھ کر روزہ رکھو اور اسے دیکھ کر افطار کرو لیکن اگر مطلع ابر آلود ہونے کے باعث چاند چھپ جائے تو پھر تم شعبان کے تیس دن پورے کرلو۔ (صحیح بخاری، کتاب الصوم، باب قول النبی: اذا رأیتم الهلال فصوموا......)

❀❀❀

43. **من خاف ادلج ، و من ادلج بلغ المنزل ، الا ان سلعة الله غالية ، الا ان سلعة الله الجنة ، جاء ت الراجفة تتبعها الرادفة ، جاء الموت بما فيه قال ابی : فقلت يا رسول الله! انی اكثر الصلاة عليك فكم اجعل لك من صلاتی؟ قال ماشئت قلت : الربع؟ قال ما شئت فان زدت فهو خير لك. قلت فالنصف؟ قال ماشئت فان زدت فهو خير لك. قلت: فالثلثين ؟ قال: ما شئت فان زدت فهو خير لك. قلت: اجعل لك صلاتی كلها؟ قال: اذا تكفى همك و يغفر لك ذنبك..**

---

① تهذيب التهذيب ٥/٢٣٥، ٢٣٦ ② تقريب التهذيب ص ٣١٣ ③ المغنی فی الضعفاء ٢/٣٥٤ ④ تذكرة الحفاظ ١/٢٦٧ ⑤ المنار المنيف ص ٢٣

''جو (سحری کے وقت دشمن کے حملہ سے ڈرا) وہ رات کے پہلا پہر چلا اور جو رات کے پہلے پہر چلا وہ منزل پر پہنچ گیا خبردار! اللہ کا سامان بڑا قیمتی ہے خبردار! اللہ کا سامان جنت ہے موت اپنی ہولناکیوں سمیت آچکی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ابی بن کعب نے عرض کیا اللہ کے رسول میں آپ پر کثرت سے درود بھیجتا ہوں میں دعا میں آپ پر کس قدر درود بھیجوں آپ ﷺ نے فرمایا جتنا تم چاہو میں نے عرض کیا۔ چوتھائی (1/4) حصہ آپ ﷺ نے فرمایا جتنا تم چاہو اگر اس سے زیادہ کرو تو تمہارے لئے بہتر ہے میں نے عرض کیا آدھا (1/2) حصہ آپ ﷺ نے فرمایا: جتنا تم چاہو اگر اس سے زیادہ کرو تو بہتر ہے میں نے عرض کیا اگر میری ساری دعا آپ ﷺ پر درود ہی ہو تو آپ نے فرمایا: پھر تو درود تیرے غموں کا مداوا ہوگا اور تیرے گناہ بھی بخش دیئے جائیں گے۔

....

43۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الاحادیث الصحیحة جلد 2, حدیث نمبر 954، ص 637، پر نقل کیا ہے اور حسن کہا ہے نیز محمد اقبال کیلانی نے ''درود شریف کے مسائل'' ص 28 اور ص 50 پر نقل کیا ہے۔

پهلا طریق

اخرجه ابو نعیم فی "الحلیة" (377/8) والبیهقی (10577/358/7) عن وکیع، والحاکم (308/4) و احمد (136/5) و عبد بن حمید (170) و تحفة الاحوزی بشرح جامع الترمذی (197/7) من طریق سفیان عن عبدالله بن محمد بن عقیل عن الطفیل بن ابی بن کعب عن ابیه مرفوعاً.

اول: اس سند میں امام سفیان ثوری مشہور مدلس ہے ① عن سے روایت کر رہے ہیں۔لہٰذا یہ روایت معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

دوم: اس سند میں عبداللہ بن محمد بن عقیل سخت ضعیف منکر الحدیث اور قابل حجت نہیں ہے نیز آخری عمر میں حافظہ خراب ہوگیا تھا ② امام یحییٰ بن معین نے کہا: ثقہ نہیں ہے ③ اس کی حدیث قابل حجت نہیں ④ امام علی بن مدینی نے کہا: ضعیف تھا ⑤ امام دارقطنی نے کہا: قوی نہیں ہے ضعیف ہے ⑥ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے اور کہا ہے کہ امام مالک اور امام یحییٰ بن سعید اس سے روایت نہیں کرتے تھے۔ امام یحییٰ نے کہا: ضعیف الحدیث ہے ⑦ امام جوزجانی نے کہا: ''توقف عنه ، عامة ما یروی غریب'' ⑧ امام ابن حبان نے کہا: ''کان رديء الحفظ کان یحدث علی التوهم ، فیجيء بالخبر علی غیر سننه ، فلما کثر ذلك فی اخباره وجب ترکها والا حتجاج بضدها'' ⑨ امام ابن سعد نے کہا: منکر الحدیث تھا اس کی حدیث قابل حجت نہیں اگرچہ کثیر العلم تھا۔ امام یعقوب نے کہا: سچا ہے اور حدیث میں سخت ضعیف تھا۔ امام احمد بن حنبل نے کہا: منکر الحدیث ہے۔ امام ابوحاتم نے کہا: لین الحدیث ہے، قوی نہیں اور اس کی حدیث سے حجت نہیں پکڑی جاتی اس کی حدیث لکھی جائے۔ امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے۔ امام ابن خزیمہ نے کہا: برے حافظے کی وجہ سے قابل حجت نہیں ہے۔ امام ابن خراش نے کہا: محدثین نے اس کے بارے میں کلام کیا ہے۔ امام ساجی نے کہا: حدیث میں قابل اعتماد نہیں ہے۔ امام خطیب

---

① الفتح المبین فی تحقیق طبقات المدلسین ص ۳۹،۴۰ ② الکواکب النیرات ص ۴۸۴،۴۸۵ ③ تاریخ یحیی بن معین ۱/۱۸۹ ④ تاریخ عثمان بن سعید الدارمی ص۱۵۷ ⑤ سوالات محمد بن عثمان بن ابی شیبة ص۸۸ ⑥ موسوعة اقوال الدارقطنی ۲/۳۷۲ ⑦ کتاب الضعفاء الکبیر ۲/۲۹۹ ⑧ کتاب احوال الرجال ص۱۳۸ ⑨ کتاب المجروحین ۲/۳

بغدادی نے کہا: بڑے حافظے والا تھا① امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: سچا ہے حدیث میں کمزور ہے اور آخری عمر میں حافظہ خراب ہو گیا تھا②

تنبیه : درود شریف کی اہمیت اور فضیلت دوسری بے شمار صحیح احادیث سے ثابت ہے۔ وضاحت پیش خدمت ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجا اللہ اُس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا۔ (صحیح مسلم، کتاب الصلاۃ، باب الصلاۃ علی النبی) ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کچھ لوگ مل کر بیٹھیں اور اللہ کا ذکر کریں نہ اپنے نبی کریم ﷺ پر درود بھیجیں تو قیامت کے دن وہ مجلس ان لوگوں کے لیے باعث وبال ہوگی اگر اللہ چاہے تو انہیں سزا دے، چاہے تو معاف فرمائے۔ (مسند احمد ۲/٤٤٦، ٤٥٣، ٤٨١، ٤٨٤، ٤٩٥، ابن السنی فی عمل الیوم واللیلۃ ٤٤٩، مستدرك حاكم ١/٤٩٦، اسنادہ صحیح) ۔ معلوم ہوا کہ ذکر الٰہی اور صلوٰۃ علی النبی ﷺ سے کوئی مجلس خالی نہیں ہونی چاہیے۔

44. اعطيت مكان التوراة السبع الطوال ، ومكان الزبور المئين ، ومكان الانجيل المثاني، وفضلت بالمفصل.

''مجھے تورات کی جگہ ''طوال سبعہ'' اور زبور کی جگہ ''مئین'' اور انجیل کی جگہ ''مثانی'' اور مفصل'' سورتوں کے ساتھ مجھے فضیلت دی گئی۔''

....

44۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الاحاديث الصحيحة جلد3، حدیث نمبر 1480 ص469 پر نقل کیا ہے اور صحیح کہا ہے۔ اس کے تمام طرق ضعیف ہیں۔ وضاحت پیش خدمت ہے:

پہلا طریق

اخرجه الطيالسي (1918/9/2) والطحاوي في " مشكل الآثار" (154/2) والطبراني في " التفسير " (100/1رقم 126) و ابن مند في "المعرفة " (2/206/2) من طريق عمران القطان عن قتادة عن ابى المليح

① تہذیب التہذیب ۳/۲۵۹، ۲۶۰ ② تقریب التہذیب ص۱۸۸

عن واثلة بن الاسقع مرفوعاً.

اس سند میں قتادہ راوی مشہور مدلس ہے ① اور عن سے روایت کررہا ہے۔لہٰذا یہ سند معنعن کی وجہ سے ضعیف ہے۔

دوسرا طریق

اخرجه الطبری (رقم129) من طریق لیث بن ابی سلیم عن ابي بردة عن ابی الملیح به.

اس سند میں لیث بن ابی سلیم راوی مدلس ہے اور منکر الحدیث، متروک، قابل حجت نہیں ہے اس راوی پر جرح حدیث نمبر (28) میں پہلے طریق کے تحت گزر چکی ہے لہٰذا وہ ملاحظہ فرمائیں۔

تیسرا طریق

اخرجه الطبری (127) وله شاهد من مرسل ابی قلابة مرفوعاً نحوه.

اول: یہ طریق مرسل ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے مرسل روایت کے ضعیف ہونے کے متعلق مکمل وضاحت حدیث نمبر (14) میں چوتھے طریق کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

دوم: علامہ البانی نے اس روایت کی مکمل سند نہیں دی اگر باقی سند ہوتی تو اس کی بھی تحقیق ہوسکتی تھی۔

45. الا ادلك علی صدقة یحب الله موضعها؟ تصلح بین الناس فانها صدقة یحب الله موضعها.

''میں وہ صدقہ نہ بتادوں جس کو اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے تم لوگوں کے درمیان صلح صفائی کراؤ پس بے شک اس صدقہ کو اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے۔''

....

45۔ ضعیف ہے۔

---

① الفتح المبین فی تحقیق طبقات المدلسین ص ۵۸،۵۹

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الاحادیث الصحیحة جلد 6 ق 1،
حدیث نمبر 2644، ص 298 پر نقل کیا ہے اس کو حسن کہا ہے اس حدیث کے تمام طرق
ضعیف ہیں۔ وضاحت پیش خدمت ہے:

پہلا طریق

اخرجه الاصبهانی فی " الترغیب " ص 50 من طریق ابی امیة نا کثیر بن هشام عن ابی (کذا) المسعودی عن ابی جناب عن رجل عن ابی ایوب الانصاری مرفوعاً.

اول: اس سند میں عن رجل مجہول ہے۔

دوم: سند میں یحییٰ بن ابی حیۃ ابو جناب مدلس ہے ① اور عن سے روایت کر رہا ہے نیز ابو جناب راوی ضعیف اور قابل حجت نہیں ہے۔

امام المحدثین امام بخاری نے کہا: امام یحییٰ القطان اس کو ضعیف کہتے تھے ② امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے ③ امام جوز جانی نے کہا: اس کی حدیث ضعیف ہے ④ امام محمد بن سعد نے کہا: حدیث میں ضعیف ہے ⑤ امام احمد بن حنبل نے کہا: ضعیف ہے ⑥
امام احمد بن عبداللہ کہتے ہیں کہ میں نے کہا: اس کی حدیث کیسی ہے تو امام یحییٰ بن معین نے کہا: ضعیف الحدیث ہے ⑦ امام ابن حبان نے کہا: "**و کان ممن یدلس علی الثقات ما سمع من الضعفاء**". امام یحییٰ بن معین نے کہا: کچھ چیز نہیں ⑧

---

① الفتح المبین فی تحقیق طبقات المدلسین ص ۸۱ ② کتاب الضعفاء للبخاری ص ۱۱۷ ③ کتاب الضعفاء والمتروکین للنسائی ص ۳۰۷ ④ کتاب احوال الرجال ص ۸۶ ⑤ طبقات ابن سعد ۳۸۱/۲ ⑥ کتاب الضعفاء والکذابین ص ۱۹۶ ⑦ سوالات ابن الجنید ص ۱۳۲ ⑧ کتاب المجروحین ۱۱۱/۳

امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے اور کہا کہ امام احمد بن حنبل کہتے ہیں کہ اس کی حدیثیں منکر ہیں ① امام ابوزرعہ رازی نے بھی اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ② امام عجلی نے کہا: ضعیف الحدیث ہے اس کی حدیث لکھی جائے اوراس میں کمزوری ہے ③ امام عثمان دارمی نے کہا: ضعیف ہے۔ امام عمرو بن علی نے کہا: متروک الحدیث ہے۔ امام یعقوب بن سفیان نے کہا: ضعیف اور مدلس تھا۔ امام ابوحاتم نے کہا: قوی نہیں ہے۔ امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں ہے مدلس تھا۔ امام ساجی نے کہا: صدوق منکر الحدیث ہے۔ ابن عمار نے کہا: ضعیف ہے۔ امام ابواحمد نے کہا: محدثین کے نزدیک قوی نہیں ④ امام دارقطنی نے کہا: ضعیف ہے۔ امام یحییٰ القطان نے کہا: اس سے روایت کرنا حلال نہیں ہے ⑤ امام ابن حجر العسقلانی نے کہا: محدثین نے اس کو ضعیف کہا ہے کثرت سے تدلیس کرتا تھا ⑥ امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ⑦

دوسرا طریق

حدثنی محمد بن عثمان العجلی نا خالد بن مخلد عن عبدالله بن عمر عن عمر مولی غفرة عن ابی ایوب الانصاری به نحوه.

اول: یہ سند مرسل ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے کیونکہ عمر بن عبداللہ مولی غفرۃ کی ابو ایوب انصاری سے ملاقات ثابت نہیں ہے۔ امام ذہبی کہتے ہیں: اس کی عام حدیثیں مرسل ہیں 145ھ میں فوت ہوا ⑧

---

❶ کتاب الضعفاء الکبیر ۳۹۹/۴ ❷ کتاب الضعفاء للرازی ۲۲۹/۲ ❸ تاریخ الثقات ص ۴۷۱ ❹ تهذیب التهذیب ۱۳۰/۲ ❺ میزان الاعتدال ۳۷۱/۴ ❻ تقریب التهذیب ص ۳۷۴ ❼ المغنی فی الضعفاء ۵۱۳/۲ ❽ الکاشف ۲۷۴/۲، کتاب المراسیل ص ۱۳۸،۱۳۷

دوم: عمر بن عبداللہ مولیٰ غفرۃ راوی ضعیف ہے۔

امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے ① امام ابن حبان نے کہا: حدیثوں کو الٹ پلٹ کر دیتا تھا اور ثقہ راویوں سے ایسی حدیثیں روایت کرتا تھا جو ان کی حدیثوں کے مشابہ نہ ہوں اس لئے اس سے حجت پکڑنا جائز نہیں ② امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ③ امام احمد بن حنبل نے کہا: اس میں کوئی حرج نہیں لیکن اس کی اکثر حدیثیں مرسل ہیں۔ امام یحییٰ بن معین نے کہا: ضعیف ہے نیز کہا: لم یسمع من احد من الصحابة۔ امام نسائی نے کہا: امام مالک نے اس کو ترک کر دیا تھا ④ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے اور کثیر الارسال تھا ⑤ امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ⑥ امام ابن حماد نے کہا: ضعیف ہے۔ ⑦

تیسرا طریق

نا اسحاق بن اسماعیل نا جریر عن یحیی بن سعید عن اسماعیل بن ابی حکیم عن سعید بن المسیب : قال: قال رسول الله ﷺ ..... فذکر مرسلاً۔

یہ طریق بھی مرسل ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے مرسل روایت کے ضعیف ہونے کے دلائل حدیث نمبر (14) میں چوتھے طریق کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

چوتھا طریق

اخرجه الطبرانی فی "الکبیر" (1/196/1) من طریق موسی بن عبیدة عن عبادة بن عمیر بن عبادة بن عوف قال: قال لی ابو ایوب مرفوعاً.

---

① کتاب الضعفاء والمتروکین للنسائی ص۳۰۰ ② کتاب المجروحین ۸۱/۲ ③ کتاب الضعفاء الکبیر ۱۷۸/۳ ④ تهذیب التهذیب ۲۹۲/۳ ⑤ تقریب التهذیب ص ۲۵۵ ⑥ المغنی فی الضعفاء ۱۲۱/۲ ⑦ الکامل فی ضعفاء الرجال ۲۹/۶.

اول: یہ طریق سخت ضعیف ہے کیونکہ سند میں عبادہ بن عمیر راوی کے متعلق علامہ البانی کہتے ہیں مجھے اس کا ترجمہ کتب اسماء الرجال میں نہیں ملا۔

دوم: سند میں موسیٰ بن عبیدہ متروک، منکر الحدیث، سخت ضعیف اور قابل حجت نہیں ہے۔ وضاحت پیش خدمت ہے:

امام المحدثین امام بخاری کہتے ہیں: کہ امام احمد بن حنبل نے کہا: منکر الحدیث ہے ① امام علی بن مدینی نے کہا: ضعیف ہے "**کان یحیی القطان لایری ان یکتب حدیثه**" ② امام یحیی بن معین نے کہا: ضعیف الحدیث ہے ③ امام ابوزرعہ رازی کہتے ہیں: اس نے عبداللہ بن دینار سے 50 حدیثیں روایت کی ہیں تمام کی تمام منکر ہیں ④ امام دارقطنی نے کہا: ضعیف ہے ⑤ مزید کہا: کہ اس کی حدیث میں متابعت نہیں کی گئی ⑥

امام یحییٰ بن معین نے کہا: اس کی حدیث قابل حجت نہیں ⑦ امام احمد بن حنبل نے کہا: اس کی حدیث کو پھینک دو اور اس سے روایت کرنا حلال نہیں ⑧ امام ابن حبان نے کہا: "**یروی عن الثقات مالیس من حدیث الاثبات من غیر تعمدله فبطل الاحتجاج به من جهة النقل و ان کان فاضلا فی نفسه**" ⑨ امام ابونعیم نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ⑩ محمد طاہر بن علی نے کہا: ضعیف ہے امام یحییٰ نے کہا: کچھ چیز نہیں ⑪ امام احمد بن حنبل نے کہا: اس کی حدیث نہ لکھی جائے اور کچھ چیز نہیں۔

---

① کتاب الضعفاء للبخاری ص۱۰۳ ② سوالات محمد بن عثمان بن ابی شیبة: ص۱۲۰ ③ سوالات ابن الجنید: ص۹۹ ④ کتاب الضعفاء للرازی ۲/ ۵۱۰ ⑤ سنن الدار قطنی ۱/ ۳۵۱ ⑥ الضعفاء والمتروکون للدارقطنی ص۳۶۲ ⑦ تاریخ یحییٰ بن معین ۱/ ۱۸۹ ⑧ کتاب الضعفاء الکبیر ۴/ ۱۶۰ ⑨ کتاب المجروحین ۲/ ۲۳۴ ⑩ کتاب الضعفاء لابی نعیم ص۱۳۵ ⑪ تذکرة الموضوعات ص ۲۹۹

امام ابو زرعہ نے کہا: حدیث میں قوی نہیں۔ امام ابو حاتم نے کہا: منکر الحدیث ہے۔ امام ترمذی نے کہا: ضعیف ہے۔ امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے ثقہ نہیں۔ امام ابن سعد نے کہا: ثقہ کثیر الحدیث تھا اور قابل حجت نہیں۔ امام یعقوب بن شیبۃ نے کہا: صدوق سخت ضعیف الحدیث ہے اس کی حدیث نہ لکھی جائے۔ امام ابن عدی نے کہا: اس کی تمام حدیثیں غیر محفوظ ہیں اور اس کی روایتوں میں ضعف واضح ہے۔ امام ابو بکر البزار نے کہا: حافظ نہیں ہے۔ امام ابو احمد حاکم نے کہا: محدثین کے نزدیک قوی نہیں۔ امام ساجی نے کہا: منکر الحدیث ہے اور نیک آدمی تھا۔ امام ابن قانع نے کہا: اس میں کمزوری ہے۔ امام ابن حبان نے کہا: ضعیف ہے ① امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے ② امام ذہبی نے کہا: محدثین نے اس کو ضعیف کہا ہے ③ امام ولی الدین محمد عبداللہ نے کہا: محدثین نے اس کو ضعیف کہا ہے ④

پانچواں طریق:

اخرجه الطيالسي في "المسند" (598/81) و من طريقه البيهقي في "الشعب" (11094/490/7) ثنا ابو الصباح عن عبدالعزيز الشامي عن ابيه عن ابي ايوب به نحوه.

علامہ البانی نے نے اس طریق کے متعلق خود ہی وضاحت کر دی کہ یہ سند اندھیری ہے ابو الصباح الشامی عبدالعزیز الشامی اور ابیہ ان تینوں راویوں کو میں نہیں پہچانتا ⑤

❁❁❁

---

① تهذيب التهذيب ٥/٥٤٢، ٥٤٣ ② تقريب التهذيب ص ٣٥١ ③ المغنی فی الضعفاء ٢/٤٤١ ④ الاكمال فی اسماء الرجال ص ١١٢ ⑤ سلسلة الاحاديث الصحيحة ٦/ق ١/٣٠٠

46. قيلوا فان الشياطين لا تقيل.

''قیلولہ کرو کیونکہ شیاطین قیلولہ نہیں کرتے۔''

46۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلة الاحاديث الصحيحة جلد 4، حدیث نمبر 1647، ص 202 پر نقل کیا ہے اور حسن کہا ہے لیکن اس حدیث کے تمام طریق ضعیف ہیں۔ وضاحت پیش خدمت ہے:

پہلا طریق

اخرجه ابو نعيم في "الطب" (1/12) و في "اخبار اصبهان" (69/2, 353,195/1) من طرق عن ابي داود الطيالسي ثنا عمران القطان عن قتادة عن انس مرفوعاً.

اس سند میں قتادہ مشہور مدلس ہے ① اور عن سے روایت کر رہا ہے لہٰذا یہ سند معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

دوسرا طریق

الطبراني في "الاوسط" (رقم 2725 ج 1/3/1) عن كثير بن مروان عن يزيد ابي خالد الدالاني عن اسحاق بن عبدالله بن ابي طلحة عن انس به.

اول: اس سند میں کثیر بن مروان راوی ضعیف کذاب اور قابل حجت نہیں ہے وضاحت پیش خدمت ہے امام یحییٰ بن معین نے کہا: ضعیف ہے کچھ چیز نہیں ہے ②

---

① الفتح المبين في تحقيق طبقات المدلسين ص٥٨، ٥٩ ② تاريخ يحيى بن معين ٢/ ٣٢٩، ٣١١

امام یحییٰ بن معین نے کہا: کذاب تھا① امام یعقوب بن سفیان نے کہا: اس کی حدیث کچھ چیز نہیں② امام دارقطنی نے کہا: ضعیف ہے③ امام ذہبی نے کہا: محدثین نے اس کو ضعیف کہا ہے④ امام ابن الجنید نے کہا: قوی نہیں ہے۔ امام ابوحاتم نے کہا: حدیث میں جھوٹ بولتا تھا اور قابل حجت نہیں ہے۔ امام ابن عدی نے کہا: ''**و مقدار ما يرويه لا يتابعه عليه الثقات**'' امام سعدی نے کہا: ضعیف ہے۔ امام ابن شاہین اور امام ساجی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے⑤ امام ابن حبان نے کہا: سخت منکر الحدیث ہے اس سے حجت پکڑنا جائز نہیں ہے⑥ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے⑦

دوم: سند میں دوسرا راوی یزید الدالانی ضعیف ہے⑧ اور امام یعقوب بن سفیان نے کہا: منکر الحدیث ہے⑨

تیسرا طریق :

اخرجه ابو نعيم فى "الطب" (2-1/12)والخطيب فى "الموضع"(81/2 ,82) من طريق عباد بن كثير عن سيار الواسطى عن اسحاق بن عبدالله بن ابى طلحة به.

اول: اس سند میں سیار الواسطی راوی مجہول ہے⑩

دوم: اس سند میں عباد کثیر البصری ہے یہ ضعیف، متروک الحدیث اور نا قابل حجت ہے۔ وضاحت پیش خدمت ہے:

---

❶كتاب الضعفاء والكذابين ص ١٦١ ❷المعرفته والتاريخ ٢٦٢/٢ ❸موسوعة اقوال الدارقطنى ٥٣٣/٢ ❹المغنى فى الضعفاء ٢٢٨/٢ ❺لسان الميزان ٣٨٣،٣٨٤/٤ ❻كتاب المجروحين ٢٢٥/٢ ❼كتاب الضعفاء الكبير ٧/٤ ❽سلسلة الاحاديث الصحيحة ٢٠٢/٤ ❾المعرفة والتاريخ ١٩٥/٣ ❿سلسلة الاحاديث الصحيحة ٢٠٣/٤

امام المحدثین امام بخاری نے کہا: محدثین نے اس کو چھوڑ دیا تھا① اور محدثین نے اس سے خاموشی اختیار کی ہے② امام یحیٰی بن معین نے کہا: نیک آدمی تھا اور حدیث میں کچھ چیز نہیں③ پھر کہا: ضعیف ہے④ امام دارقطنی نے کہا: ضعیف ہے⑤

امام یعقوب بن سفیان فسوی نے کہا: حدیث میں کچھ چیز نہیں⑥ امام ابوزرعہ رازی نے کہا: حدیث میں سخت ضعیف ہے⑦ امام علی بن مدینی نے کہا: کچھ چیز نہیں ہے⑧ امام ابونعیم نے کہا: کذاب ہے⑨ امام حاکم ابوعبداللہ نے کہا: "**كان الثوری يكذبه**" ⑩ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے "**كان شعبة لا يستغفر لعباد بن كثير**" ⑪ امام نسائی نے کہا: متروک الحدیث ہے⑫ امام ابن حبان نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے⑬ امام یحیٰی بن معین نے کہا: اس کی حدیث نہ لکھی جائے۔ امام ابوحاتم نے کہا: ضعیف الحدیث ہے۔ امام ابوزرعہ نے کہا: اس کی حدیث نہ لکھی جائے۔ امام ابن عدی نے کہا: "**ومقدار ما امليت من حديثه لا يتابع عليه**"۔ امام برقانی نے کہا: ثقہ نہیں ہے امام ابن عمار نے کہا: ضعیف ہے۔ امام عجلی نے کہا: ضعیف، متروک الحدیث ہے⑭

---

❶ کتاب الضعفاء للبخاری ص ۷۲ ❷ التاریخ الصغیر للبخاری ۹۷/۲ ❸ تاریخ عثمان بن سعید الدارمی ص ۱۴۲ ❹ تاریخ یحیی بن معین ۹۹/۲ ❺ سنن الدارقطنی ۱۵۴/۱ ❻ المعرفة والتاریخ ۲۱۱/۳ ❼ کتاب الضعفاء للرازی ۳۸۵/۲ ❽ سوالات محمد بن عثمان بن ابی شیبة ص۱۲۵ ❾ کتاب الضعفاء ص۱۲۲ ❿ المدخل الی الصحیح ص ۱۷۹ ⓫ کتاب الضعفاء الکبیر ۱۴۰/۳ ⓬ کتاب الضعفاء والمتروکین ص۲۹۸ ⓭ کتاب المجروحین ۱۶۸/۲ ⓮ تهذیب التهذیب ۷۰،۶۹/۳

امام مسلم کہتے ہیں امام عبداللہ بن مبارک نے کہا: میں امام شعبہ کے پاس گیا انہوں نے کہا یہ عبادہ بن کثیر ہے اس سے بچو ① (یعنی روایت کرنے میں)۔ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: متروک ہے۔ **قال احمد روی احادیث کذب** ② امام جوز جانی نے کہا: "**فلا ینبغی لحکیم ان یذکرہ فی العلم حسبك منه بحدیث النهی**" ③ امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ④

تنبیہ: اگر چہ یہ حدیث ضعیف ہے، لیکن دوپہر کے وقت قیلولہ کرنا یعنی سونا درست ہے۔ وضاحت پیش خدمت ہے: سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جمعہ کی نماز پڑھ لیتے پھر دوپہر کو سوتے تھے۔ (صحیح بخاری، کتاب الجمعة، باب القائلة بعد الجمعة)

اسی طرح دوسری حدیث میں سیّدنا علی رضی اللہ عنہ کا دوپہر کے وقت سونے کا تذکرہ ہے اور رسول اللہ ﷺ اُن کے پاس جاتے ہیں۔ (صحیح بخاری، کتاب الاستیذان، باب القائلة فی المسجد)

47. اوثق عری الایمان الموالاة فی الله والمعاداة فی الله والحب فی الله والبغض فی الله.

"سب سے مضبوط کڑا ایمان کا یہ کہ اللہ کے لئے دوستی رکھنا اور اللہ کے لئے دشمنی کرنا اور اللہ کے لئے محبت اور اللہ کے لئے نفرت کرنا ہے۔"

47۔ سخت ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے **سلسلة الاحادیث الصحیحة** جلد 4، حدیث نمبر 1728، ص 306 پر نقل کیا ہے اور حسن کہا ہے۔ نیز صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان نے اپنی کتاب "الولاء والبراء" میں ص 9، پر نقل کیا ہے۔

پہلا طریق

اخرجه الطبرانی فی "المعجم الکبیر" (11537) من طریق

---

① مقدمہ صحیح مسلم ۱/۲۷ ② تقریب التهذیب ص ۱۶۳ ③ کتاب احوال الرجال ص ۱۰۲ ④ المغنی فی الضعفاء ۱/۵۱۶

حنش عن عكرمة عن ابن عباس مرفوعاً.

اس سند میں حسین بن قیس الرجی ابوعلی الواسطی اور لقب اس کا حنش ہے یہ متروک الحدیث منکر الحدیث اور کذاب ہے۔ وضاحت پیش خدمت ہے: امام المحدثین امام بخاری کہتے ہیں امام احمد بن حنبل نے اس کی حدیث کو چھوڑ دیا تھا① امام نسائی نے کہا: متروک الحدیث ہے② امام دارقطنی نے کہا: متروک ہے③ امام جوزجانی نے کہا: اس کی حدیث سخت منکر ہے④ امام ابن حبان نے کہا: ''**كان يقلب الاخبار و يلزق رواية الضعفاء بالثقات**'' ⑤ امام احمد بن حنبل نے کہا: متروک الحدیث ہے ضعیف الحدیث ہے۔ یحیٰی بن معین نے کہا: یہ کچھ چیز نہیں ہے۔ امام عقیلی نے کہا: ''**لا يتابع عليه ، ولا يعرف الا به و لا اصل له**''⑥

امام یحیٰی بن معین اور امام ابو زرعہ نے کہا: ضعیف ہے۔ امام ابو حاتم نے کہا: ضعیف الحدیث منکر الحدیث ہے۔ امام المحدثین امام بخاری نے کہا: اس کی احادیث سخت منکر ہیں اور اس کی حدیث نہ لکھی جائے۔ امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں ہے۔ امام احمد بن حنبل نے کہا: کذاب ہے۔ امام ابوبکر البزار نے کہا: لین الحدیث ہے۔ امام مسلم نے کہا: منکر الحدیث ہے۔ امام ساجی نے کہا: ضعیف الحدیث متروک اس کی حدیث باطل ہے۔ امام ابواحمد حاکم نے کہا: '' **ليس هو بالقوى عندهم** '' ⑦ امام ذہبی نے کہا: محدثین نے اس کو ضعیف کہا ہے⑧ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: متروک ہے⑨

---

❶ كتاب الضعفاء للبخارى ص ۳۱ ❷ كتاب الضعفاء والمتروكين ص ۲۸۸ ❸ سنن الدارقطنى ۱/۳۹۵ ❹ كتاب احوال الرجال ص ۱۰۵ ❺ كتاب المجروحين ۱/۲۴۲ ❻ كتاب الضعفاء الكبير ۱/۲۴۷، ۲۴۸ ❼ تهذيب التهذيب ۱/۵۳۸ ❽ المغنى فى الضعفاء ۱/۲۲۸ ❾ تقريب التهذيب ص ۴۲

دوسرا طریق

اخرجه الطيالسی فی "المسند "(378) و مسند احمد (286/4) و ابن ابی شيبة فی " الايمان" رقم (110) وابن نصر فی "كتاب الصلاة " (ق 1/91) والطبرانی والحاكم فی "مستدرك " و غيرهما من رواية ليث بن ابی سليم .

اس سند میں لیث بن ابی سلیم سخت ضعیف، مدلس، مختلط اور منکر الحدیث، متروک الحدیث، نا قابل حجت ہے اس راوی پر جرح حدیث نمبر (28) میں پہلے طریق کے تحت گزر چکی ہے لہٰذا وہی ملاحظہ فرمائیں۔

۞۞۞

48. المؤمن غر كريم ، والفاجر خب لئيم .

''مومن بھولا بھالا بزرگی والا ہوتا ہے اور گناہ کا عادی مکار کمینہ ہوتا ہے۔''

48۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کوعلامہ البانی نے سلسلة الاحاديث الصحيحة جلد 2، حدیث نمبر 935، ص 607 پر نقل کیا ہے اور حسن کہا ہے لیکن اس حدیث کے تمام طرق ضعیف ہیں۔ وضاحت پیش خدمت ہے:

پهلا طریق

اخرجه البخاری فی "الادب المفرد " (418) و ابو داود (4790) والترمذی (356/1) والحاكم (43/1) والعقيلی فی "الضعفاء" (ص 56) وابن عدی فی "الكامل " (2/33) والبيهقی فی "الشعب" 8117/270/6) من طريق بشر بن رافع عن يحيی بن ابی كثير عن ابی

سلمة عن ابی ھریرة مرفوعاً.

اول: اس سند میں یحییٰ بن ابی کثیر مشہور مدلس ہے①

دوم: سند میں بشر بن رافع ضعیف، منکر الحدیث اور کچھ چیز نہیں ہے۔ امام یعقوب بن سفیان نے کہا: لین الحدیث ہے② امام یحییٰ بن معین نے کہا: ضعیف ہے③ اور کچھ چیز نہیں④ امام دارقطنی نے کہا: منکر الحدیث ہے⑤ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے اور کہا کہ امام احمد بن حنبل کہتے ہیں: کچھ چیز نہیں ہے ضعیف الحدیث ہے⑥ امام ابن حبان نے کہا: یہ یحییٰ بن ابی کثیر سے موضوع اشیاء روایت کرتا ہے حدیث میں پختگی نہ تھی (مذکورہ روایت بشر بن رافع نے یحییٰ بن ابی کثیر سے ہی روایت کی ہے)⑦ امام ابن حبان نے اس کے ترجمہ میں اس حدیث کا ذکر بھی کیا ہے امام المحدثین امام بخاری نے کہا: اس کی حدیث میں متابعت نہیں کی گئی۔ امام ترمذی نے کہا: حدیث میں ضعیف ہے۔ امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے۔ امام ابوحاتم نے کہا: ضعیف الحدیث، منکر الحدیث ہے۔ امام حاکم ابواحمد نے کہا: محدثین کے نزدیک قوی نہیں ہے۔ امام ابن عبدالبر نے کہا: "**ھو ضعیف عندھم منکر الحدیث اتفقوا علی انکار حدیثه**"⑧ امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے اور کہا ہے کہ: یہ قابل حجت نہیں ہے⑨ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: فقیہ ضعیف الحدیث ہے⑩

---

① الفتح المبین فی تحقیق طبقات المدلسین ص۴۷ ② المعرفته والتاریخ ۲۱۰/۳ ③ کتاب الضعفاء والکذابین ص۶۱ ④ سوالات ابن الجنید ص ۲۴ ⑤ الضعفاء والمتروکون للدارقطنی ص۱۵۸ ⑥ کتاب الضعفاء الکبیر ۱۴۰/۱ ⑦ کتاب المجروحین ۱۸۸/۱ ⑧ تہذیب التہذیب ۲۸۳/۱ ⑨ دیوان الضعفاء والمتروکین ص ۴۸ ⑩ تقریب التہذیب ص ۴۴

دوسرا طریق

اخرجه ابو داود ، والطحاوی فی "مشکل الاٰثار" (202/4) و احمد (394/2) والقضاعی فی "مسند الشهاب" (2/3/1-2) و ابو نعیم (110/3) والخطیب (38/9) والحاکم ایضاً و کذا فی "علوم الحدیث" (ص117) والبیهقی ایضاً (رقم 8115, 8116) وفی "السنن" (195/10) من طریق سفیان الثوری عن الحجاج بن فرافصة عن یحیی بن ابی کثیر به.

اول: اس سند میں یحییٰ بن ابی کثیر مشہور مدلس ہے① اور روایت عن سے ہے۔

دوم: سند میں سفیان ثوری بھی مدلس ہے② اور روایت عن سے ہے لہٰذا یہ سند معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

تیسرا طریق

اخرجه عبدالله بن المبارك فی "الزهد" (679) مرسلًا فقال : اخبرنا اسامة بن زید عن رجل من بلحارث بن عقبة عن یحیی بن ابی کثیر عن ابی سلمة بن عبدالرحمن مرفوعاً.

اول: یہ سند مرسل ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے مرسل روایت کے ضعیف ہونے کی وضاحت حدیث نمبر (14) چوتھے طریق کے تحت گزر چکی ہے لہٰذا وہی ملاحظہ فرمائیں۔

دوم: یحییٰ بن ابی کثیر راوی مشہور مدلس ہے جیسا کہ آپ پڑھ آئے ہیں اور روایت عن سے ہے۔

---

①الفتح المبین فی تحقیق طبقات المدلسین ص ۴۷ ②الفتح المبین فی تحقیق طبقات المدلسین ص ۳۹،۴۰

سوم: اس سند میں ''عن رجل'' کون ہے اس کا جواب علامہ البانی نے خود ہی دے دیا ہے کہ یہ بشر بن رافع راوی ہے اور بشر بن رافع جیسا کہ اس پر جرح گزر چکی ہے کہ یہ سخت ضعیف متروک اور منکر الحدیث ہے۔

چوتھا طریق

اخرجه الطبرانی فی "المعجم الکبیر" (166/82/19) وابن عدی ایضاً (163/7) عن یوسف بن السفر ثنا الاوزاعی عن یونس بن یزید عن الزهری عن عبدالرحمن بن کعب بن مالك عن ابیه مرفوعاً به.

اول: اس سند میں امام زہری مدلس ہے ① اور روایت عن سے ہے لہٰذا یہ سند معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

دوم: سند میں یوسف بن السفر راوی متروک الحدیث، منکر الحدیث، کذاب اور نا قابل حجت ہے۔

امام المحدثین امام بخاری نے کہا: منکر الحدیث ہے ② امام دارقطنی نے کہا: منکر الحدیث اور متروک ہے ③ امام جوزجانی نے کہا: جھوٹ بولتا تھا ④ امام ابن حبان نے کہا: یہ امام اوزاعی سے ایسی روایات روایت کرتا ہے جو ان کی حدیث سے نہیں ہے (مذکورہ روایت اس نے اوزاعی سے ہی کی ہے) اس لئے اس سے حجت پکڑنا جائز نہیں ہے ⑤ امام عقیلی نے کہا: ''یحدث بمناکیر'' ⑥ امام ابونعیم نے کہا: منکر الحدیث ہے ⑦

---

❶ الفتح المبین فی تحقیق طبقات المدلسین ص ۲۲ ❷ کتاب الضعفاء للبخاری ص ۱۲۱ ❸ موسوعة اقوال الدارقطنی ۷۳۲/۲ ❹ کتاب احوال الرجال ص ۱۲۰ ❺ کتاب المجروحین ۱۳۳/۳ ❻ کتاب الضعفاء الکبیر ۴۵۲/۴ ❼ کتاب الضعفاء لابی نعیم ص ۱۶۵

امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں ہے۔ امام ابن عدی نے کہا: اس کی روایت کردہ حدیثیں باطل ہیں۔ امام بیہقی نے کہا: جھوٹی حدیثیں گھڑتا تھا۔ امام ابوزرعہ نے کہا: متروک ہے۔ امام نسائی نے کہا: اس کی حدیث نہ لکھی جائے اور متروک الحدیث ہے۔ امام ابن عبدالبر نے کہا: محدثین کا اس کے متعلق اجماع ہے کہ یہ منکرالحدیث ہے۔ امام یحیٰی بن معین نے کہا: کذاب ہے۔ امام دولابی اور امام ساجی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ① امام حاکم ابوعبداللہ نے کہا: اس کی امام اوزاعی سے روایت کردہ حدیثیں جھوٹی ہیں ② امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ③

❀❀❀

49. اجتمعوا على طعامكم، واذكروا اسم الله تعالى عليه يبارك لكم فيه.

''اکٹھے کھانا کھایا کرو اور اس پر اللہ تعالیٰ کا نام لے کر (کھایا کرو)۔ اس کھانے میں تمہارے لئے برکت ڈال دی جائے گی۔''

49۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے **سلسلة الاحاديث الصحيحة** جلد 2، حدیث نمبر 664، ص 268 پر نقل کیا ہے اور حسن کہا ہے۔ علامہ البانی نے اسی مفہوم کی دوسری حدیث جلد 2، حدیث 895، ص 561 پر نقل کی ہے اس کے الفاظ یہ ہیں: ''**احب الطعام الى الله ما كثرت عليه الايدى**'' اللہ کے نزدیک بہترین کھانا وہ ہے جس پر زیادہ ہاتھ ہوں۔''
تیسری حدیث علامہ البانی نے اسی مفہوم کی جلد 6 ق 1، حدیث 2691، ص 428 پر نقل کی ہے اس کے الفاظ یہ ہیں:

---

① لسان الميزان ٦/٣٢٢ ② المدخل الى الصحيح ص ٢٣١ ③ المغني في الضعفاء ٢/٥٥٩

كلوا جميعاً ولا تتفرقوا فان طعام الواحد يكفي الاثنين ،وطعام الاثنين يكفي الا ربعة ۔ ''اکٹھے کھایا کرو اور الگ الگ نہ کھایا کرو بیں بے شک ایک آدمی کا کھانا دو آدمیوں کو کفایت کر جائے گا۔ اور دو آدمیوں کا کھانا چار آدمیوں کو کفایت کر جائے گا۔'' نیز ان تینوں حدیثوں کو امام شوکانی نے ''الدر البهية'' اردو ترجمہ،فقہ الحدیث جلد 2،ص 426، (مترجم حافظ عمران ایوب لاہوری) پر نقل کیا ہے اس حدیث کا پہلا ٹکڑا چھوڑ کر باقی یہ الفاظ کہ ''ایک آدمی کا کھانا دو کو اور دو کا چار آدمیوں کو کفایت کر جائے گا۔'' صحیح مسلم حدیث نمبر 2059 وغیرہ میں موجود ہے۔

اصل میں اس روایت کا پہلا ٹکڑا " كلوا جميعاً ولا تتفرقوا. ''اکٹھے کھایا کرو اور الگ الگ نہ کھایا کرو۔'' یہ الفاظ بحر السقاء راوی کے ہیں جو کہ ضعیف متروک اور کذاب ہے اس کی تفصیل ان شاء اللہ آگے اپنے مقام پر آئے گی اب ان تمام طرق کی تخریج ملاحظہ فرمائیں (یعنی تینوں حدیثوں کے طرق) جن کی بنا پر علامہ البانی نے اس حدیث کو حسن کہا ہے جب کہ اس کے تمام طرق ضعیف ہیں۔

پہلا طریق

اخرجه ابو داود (139/2) و ابن ماجة (307/2) وابن حبان (1345) والحاكم (103/2) واحمد (501/3) و ابو نعيم في "الاخبار" (350/2) من طريق الوليد بن مسلم قال:حدثني وحشي بن حرب بن وحشي عن ابيه عن جده مرفوعاً.

و من هذا الوجه رواه البيهقي في "الشعب" (5835/75/5) والطبراني في "المعجم الكبير " (368/139/22) و ابن عساكر في "التاريخ " (734/17) والمزی فی "التهذيب " (539/5)

اول: اس سند میں ولید بن مسلم مشہور مدلس ہے ① امام ابن حجر عسقلانی نے اس کے متعلق کہا ہے ثقہ ہے لیکن تدلیس تسویہ کا بکثرت ارتکاب کرتا ہے ② ولید بن مسلم نے سماع بالمسلسل کی صراحت نہیں کی۔

دوم: سند میں وحشی بن حرب بن وحشی راوی "مختلف فیہ" ہے۔

امام عجلی نے کہا: اس میں کوئی حرج نہیں ③ امام صالح بن محمد نے کہا: اس کے ساتھ وقت ضائع نہ کیا جائے۔ امام دارقطنی اور ابن القطان نے کہا: ضعیف ہے۔ امام ابن حبان نے اس کا ذکر ثقہ راویوں میں کیا ہے ④ امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ⑤ مزید کہا: کمزور ہے ⑥ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: "مستور" ⑦

سوم: حرب بن وحشی راوی مجہول ہے ⑧

دوسرا طریق

سلسلة الاحاديث الصحيحة ح 895، رواه ابو يعلى الموصلى في "مسنده" (ق 1/115) و ابو الحسن السكرى الحربى في "الثانى من الفوائد" (2/160) وابو القاسم بن الجراح الوزير في "السابع من الثانى من الامانى" (1/13) و ابو نعيم في "اخبار اصبهان" (96/2) وا لبيهقى في "الشعب" (99, 98/7) عن عبدالمجيد بن ابى رواد عن ابن جريج عن ابى الزبير عن جابر مرفوعاً.

---

❶ الفتح المبين فى تحقيق طبقات المدلسين ص ٤٣ ❷ تقريب التهذيب ص ٣٧١ ❸ تاريخ الثقات ص ٤٦٤ ❹ تهذيب التهذيب ٦/٤٣ ❺ المغنى فى الضعفاء ٤٩٢/٢ ❻ الكاشف ٢٠٦/٣ ❼ تقريب التهذيب ص ٣٦٩ ❽ تحرير تقريب التهذيب ١/٢٦٠

و من ھذا الوجه الطبرانی فی "الاوسط" (7453/2/160/2)

وابن عدی (2/253)

اول: اس سند میں امام ابن جریج اور امام ابو زبیر دونوں مشہور مدلس ہیں① اور روایت عن سے ہے لہٰذا یہ طریق معنعن ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔

دوم: عبدالمجید بن ابی رواد مدلس ہے② اور جمہور محدثین نے اس کو ضعیف کہا ہے③ یہ روایت عن سے کر رہا ہے لہٰذا یہ طریق معنعن ہونے کی وجہ سے بھی ضعیف ہے۔

تیسرا طریق

رواه ابو نعیم فی "اخبار اصبھان" (81/2) عن مقدام بن داود المصری حدثنا النضر بن عبدالجبار ثنا ابن لھیعة عن عطاء عن ابی ھریرة مرفوعاً۔

اول: اس سند میں عبداللہ بن لہیعة مدلس ہے④ یہ ضعیف راویوں سے تدلیس کرتا تھا اور اختلاط کا شکار ہو گیا تھا نضر بن عبدالجبار نے اختلاط کے بعد اس سے سنا ہے⑤

دوم: مقدام بن داود مصری ضعیف ہے۔

امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں ہے امام ابن یونس وغیرہ نے کہا: "تکلموا فیہ"۔ امام محمد بن یوسف نے کہا: کان فقیھا مفتیا لم یکن بالمحمود فی الروایة⑥ امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے۔ و قال ابن ابی حاتم "تکلموا فیہ"⑦

---

① الفتح المبین فی تحقیق طبقات المدلسین ص۵۵،۵۶،۱۰۱،۲۲ ② الفتح المبین فی تحقیق طبقات المدلسین ص۵۵ ③ کتاب الضعفاء للبخاری ص ۷۴ ④ الکواکب النیرات ص ۴۸۱،۴۸۲،۴۸۳ ⑤ و نھایة الاغتباط ص ۱۹۰ تا ۱۹۷ ⑥ لسان المیزان ۶/۸۴ ⑦ المغنی فی الضعفاء ۲/۴۲۷

چوتھا طریق

سلسلة الاحاديث الصحيحة ح 2691، اخرجه الطبرانی فی "الاوسط" (رقم 7597/2) حدثنا محمدبن ابان ثنا عبدالله بن محمد بن خلاد الواسطی ثنایزید بن هارون ثنا بحر السقاء عن عمرو بن دینارعن سالم عن ابن عمر مرفوعاً.

اول: اس سند میں عبداللہ بن محمد بن خلاد الواسطی راوی مجہول ہے ①

دوم: اس سند میں بحر بن کنیز الباھلی ابو الفضل البصری المعروف بالسقاء ضعیف الحدیث متروک الحدیث اور کچھ چیز نہیں ہے۔ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے اور کہا ہے کہ امام بخاری کہتے ہیں: "لیس ھو عند ھم بالقوی" ② امام یحییٰ بن معین نے کہا: متروک الحدیث ہے ③ اور کہا کچھ چیز نہیں ④ امام دارقطنی نے کہا: متروک ⑤ اور ضعیف ہے ⑥ امام نسائی نے کہا: متروک الحدیث ہے ⑦ امام جوز جانی نے کہا: ساقط ہے ⑧ امام ابن حبان نے کہا: فاحش الخطاء اور کثیر الوھم تھا اس لئے ترک کر دیئے جانے کا مستحق ہے۔ امام یحییٰ بن معین نے کہا: اس کی حدیث نہ لکھی جائے ⑨ امام ابو حاتم نے کہا: ضعیف ہے۔

---

① سلسلة الاحاديث الصحيحة ۲،ق ۱/۴۲۹ ② كتاب الضعفاء الكبير ۱/۱۵۴ ③ كتاب الضعفاء والكذابين ص۲۱ ④ سوالات ابن الجنيد ص۱۲۹ ⑤ الضعفاء والمتروكون للدارقطنی ص ۱۲۲ ⑥ سنن الدارقطنی ۱/۳۳۵ ⑦ كتاب الضعفاء والمتروكين للنسائی ص۲۸۲ ⑧ كتاب احوال الرجال ص۹۸ ⑨ كتاب المجروحين ۱/۱۹۲

امام حاکم ابو احمد نے کہا: محدثین کے نزدیک قوی نہیں۔ امام ابن سعد نے کہا: ضعیف تھا۔ امام العربی نے کہا: ضعیف ہے۔ امام ساجی نے کہا: محدثین کے نزدیک قوی نہیں ہے۔ امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں ہے اور اس کی حدیث نہ لکھی جائے۔ امام ابو داؤد نے کہا: متروک ہے① امام ذہبی نے کہا: محدثین نے اس کو چھوڑ دیا تھا② امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے۔③

پانچواں طریق

اخرجه هو فی "المعجم الكبير" (1, 194/2/1) قال حدثنا الحسن بن علی الفسوی ثنا سعيد بن سليمان نا ابو الربيع السمان عن عمرو بن دينار به.

اس سند میں اشعث بن سعید البصری ابو الربیع السمان راوی منکر الحدیث متروک الحدیث اور واہی الحدیث ہے۔

امام المحدثین امام بخاری نے کہا: "**ليس بالحافظ عندهم**" ④ امام دارقطنی نے کہا: متروک ہے⑤ امام یحیٰ بن معین نے کہا: اس کی حدیث کچھ چیز نہیں ہے⑥ اور کہا: ثقہ نہیں ہے⑦ امام علی بن مدینی نے کہا: ضعیف ہے⑧ امام یعقوب بن سفیان نے کہا: اس کی حدیث کچھ چیز نہیں ہے⑨

---

❶ تہذیب التہذیب ۱/۲۶۵ ❷ المغنی فی الضعفاء ۱/۱۵۲ ❸ تقریب التہذیب ص ۴۲ ❹ التاریخ الصغیر للبخاری ۲/۲۴۳ ❺ الضعفاء والمتروکون للدارقطنی ص ۱۵۳ ❻ تاریخ یحیی بن معین ۲/۱۳ ❼ تاریخ عثمان بن سعید الدارمی ص ۲۸ ❽ سوالات محمد بن عثمان بن ابی شیبة ص ۱۶۸ ❾ المعرفة والتاریخ ۲/۱۹

امام جوزجانی نے کہا: واهی الحدیث ہے ① امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے ② امام ابن حبان نے کہا: یہ ثقہ ائمہ سے جھوٹی حدیثیں روایت کرتا تھا ③ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے اور کہا کہ امام بخاری کہتے ہیں یہ ثقہ نہیں ہے ④ امام ہشیم نے کہا: جھوٹ بولتا تھا۔ امام فلاس نے کہا: متروک الحدیث ہے۔ امام ابوزرعہ نے کہا: حدیث میں ضعیف ہے۔ امام ابو حاتم نے کہا: ضعیف الحدیث، منکر الحدیث، سیئ الحفظ ہے یہ ثقہ راویوں سے منکر حدیث روایت کرتا تھا۔ امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں ہے اور اس کی حدیث نہ لکھی جائے۔ امام حاکم ابو احمد نے کہا: محدثین کے نزدیک قوی نہیں ہے۔ امام ابو احمد بن عدی نے کہا: اس کی حدیث محفوظ نہیں ہے امام ساجی نے کہا: ضعیف ہے اس کی حدیث کو چھوڑ دیا ہے۔

امام بزار نے کہا: کثیر الخطاء ہے اور اہل علم نے کہا ہے ضعیف ہے۔ امام ابو داؤد نے کہا ضعیف ہے۔ امام ابن عبدالبر نے کہا: برے حافظ کی وجہ سے اس کے ضعیف ہونے پر محدثین کا اتفاق ہے اور محدثین کے نزدیک یہ ضعیف الحدیث ہے ⑤ امام ذہبی نے کہا: تمام محدثین نے اس کو ضعیف کہا ہے ⑥ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: متروک ہے ⑦

---

❶ کتاب احوال الرجال ص۹۳ ❷ کتاب الضعفاء والمتروکین للنسائی ص۲۸۵ ❸ کتاب المجروحین ۱/۱۷۲ ❹ کتاب الضعفاء الکبیر ۱/۳۰ ❺ تہذیب التہذیب ۱/۲۲۲، ۲۲۳ ❻ دیوان الضعفاء والمتروکین ص۲۹ ❼ تقریب التہذیب ص۳۷

چھٹا طریق

اخــرجــه ابن مـاجة (3255, 3287) والبــزار فــي "مسنده" (1185) (كشف الاستار) مـن طـريـق سـعيـد بن زيد ثنا عمرو بن دينار: سـمـعـت سالم بن عبدالله بن عمر قال: سمعت ابي يقول سمعت عمر بن الخطاب مرفوعاً.

اس سند میں عمرو بن دینار قہرمان آل زبیر سخت ضعیف، منکر الحدیث، واہی الحدیث اور متروک الحدیث ہے۔

امام المحدثین امام بخاری نے کہا: "فیہ نظر" یعنی متروک اور متہم ہے① امام بخاری کہتے ہیں اس عـمـرو بـن دیـنـار عن سالم عن ابيه عن عمر کی حدیث میں متابعت نہیں کی گئی② (مذکورہ سند بھی عـمـرو بـن دينار عن سالم عن ابيه عن عمر ہی ہے) امام یحییٰ بن معین نے کہا: کچھ چیز نہیں ہے③ اور ضعیف ہے④ امام ابوزرعہ رازی نے کہا: "لـم يـكـن عـنـدی مـمـن يحفظ الحديث"⑤ امام نسائی نے کہا: ضعیف ہے۔⑥ امام جوزجانی نے کہا: اہل علم کے نزدیک ضعیف الحدیث ہے⑦ امام ابن حبان نے کہا: یہ ثقہ راویوں سے جھوٹی حدیثیں روایت کرنے میں منفرد تھا⑧ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے اور کہا ہے امام اسماعیل بن علیہ کہتے "لـم يـكـن هـذا الشيخ يحفظ الحديث"⑨

---

❶كتاب الضعفاء للبخارى ص٨٠ ❷التاريخ الاوسط للبخارى ٤٤٧/١ ❸تاريخ عثمان بن سعيد الدارمى ص١٣٧ ❹كتاب الضعفاء والكذابين ص١٢٠ ❺كتاب الضعفاء للرازى ٥١٠/٢ ❻كتاب الضعفاء والمتروكين للنسائى ص٣٠٠ ❼كتاب احوال الرجال ص١٠٩ ❽كتاب المجروحين ٧١/٢ ❾كتاب الضعفاء الكبير ٢٧٠/٣

امام احمد بن حنبل نے کہا: ضعیف، منکر الحدیث ہے۔ امام یحییٰ بن معین نے کہا: یہ حدیث میں گیا گزرا ہے۔ امام عمرو بن علی نے کہا: ضعیف الحدیث ہے اس کی عن سالم عن ابن عمر مرفوعاً احادیث منکر ہیں۔ امام ابو حاتم نے کہا: اس کی عام حدیثیں منکر ہیں۔ امام ابوزرعہ نے کہا: واہی الحدیث ہے۔ امام ابوداؤد نے کہا: اس کی حدیث کوئی چیز نہیں ہے۔ امام ترمذی نے کہا: قوی نہیں ہے امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں ہے اور اس کی عن سالم احادیث منکر ہیں۔ امام دارقطنی اور امام علی بن جنید نے کہا: متروک ہے۔ امام عمار موصلی نے کہا: ضعیف ہے۔ امام عجلی نے کہا: اس کی حدیث لکھی جائے اور قوی نہیں ہے۔ امام حاکم ابواحمد نے کہا: محدثین کے نزدیک قوی نہیں۔ امام ساجی نے کہا: ''ضعیف یحدث عن سالم المناکیر'' ① امام ذہبی نے کہا: محدثین نے اس کو ضعیف کہا ہے ② امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے ③ امام دارقطنی نے کہا: ضعیف الحدیث ہے اور قابل حجت نہیں ہے ④

❀❀❀

50. کل دعا محجوب حتی یصلی علی النبی ﷺ .

''جب تک نبی اکرم ﷺ پر درود نہ بھیجا جائے کوئی دعا قبول نہیں ہوتی۔''

50۔ ضعیف ہے۔

اس حدیث کو علامہ البانی نے سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ جلد 5، حدیث 2035، ص 54 پر نقل کیا ہے اور حسن کہا ہے اسی طرح محمد اقبال کیلانی نے ''درود شریف کے مسائل'' ص 36 پر نقل کیا ہے اس حدیث کے طرق چھ ہیں اور تمام کے تمام ضعیف ہیں۔

---

❶ تہذیب التہذیب ۳۳۶/۳ ❷ المغنی فی الضعفاء ۱۴۴/۲ ❸ تقریب التہذیب ص ۲۵۹ ❹ موسوعۃ اقوال للدارقطنی ۲۹۱/۲

پہلا طریق

رواہ ابن مخلد فی "المنتقی من احادیثہ (1/76) والاصبہانی فی "الترغیب" (ق 2/171) عن سلام بن سلیمان حدثنا قیس عن ابی اسحاق عن الحارث عن علی مرفوعاً.

اول: اس سند میں حارث بن عبداللہ الاعور الھمد انی خارفی ابوزہیر کوفی راوی ضعیف، کذاب، اور قابل حجت نہیں ہے۔ وضاحت پیش خدمت ہے:

امام المحدثین امام بخاری کہتے ہیں امام ابراہیم نے کہا: حارث متہم ہے ① امام بخاری کہتے ہیں کہ امام شعبی نے کہا: مجھ سے حدیث بیان کی حارث اعور نے اور وہ کذاب تھا ② امام نسائی کہتے ہیں قوی نہیں ہے ③ امام ابن سعد نے کہا: یہ ضعیف الروایۃ ہے ④ امام ابن حبان نے کہا: "کان غالیا فی التشیع واھیا فی الحدیث" ⑤ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے اور کہا کہ امام جریر کہتے ہیں "کان الحارث الاعور زندیقا" کان یحیی و عبدالرحمن لا یحدثان عن ابی اسحاق عن الحارث عن علی " امام علی بن مدینی نے کہا: حارث کذاب ہے ⑥ امام ابوزرعہ رازی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ⑦ امام ابوزرعہ نے کہا: اس کی حدیث قابل حجت نہیں ہے۔ امام ابوحاتم نے کہا: قوی نہیں اور اس کی حدیث سے حجت نہیں پکڑی جاتی۔ امام دارقطنی نے کہا: ضعیف ہے۔

---

❶ کتاب الضعفاء للبخاری ص ۲۵ ❷ التاریخ الصغیر للبخاری ۱/۱۸۴ ❸ کتاب الضعفاء والمتروکین للنسائی ص۲۸۷ ❹ طبقات ابن سعد ۶/۱۸۸ ❺ کتاب المجروحین ۱/۲۲۲ ❻ کتاب الضعفاء الکبیر ۱/۲۰۹، ۲۱۰ ❼ کتاب الضعفاء للرازی ۲/۵۸۷

امام ابن عدی نے کہا: اس کی عام حدیثیں غیر محفوظ ہیں "و قال ابوبکر بن عیاش لم یکن الحارث بارضا هم "① امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے② امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: "کذبه الشعبی فی رأیه و رمی بالرفض و فی حدیثه ضعف ولیس عند النسائی سوی حدیثین"③

دوم: سند میں ابو اسحاق سبیعی مشہور مدلس ہے④ اور روایت عن سے ہے لہٰذا یہ روایت معنعن ہونے کی وجہ سے بھی ضعیف ہے۔

سوم: سند میں قیس بن ربیع الاسدی ابو محمد کوفی راوی ضعیف الحدیث، متروک الحدیث اور قابل حجت نہیں ہے۔ وضاحت پیش خدمت ہے:

امام المحدثین امام بخاری کہتے ہیں: امام وکیع نے اس کو ضعیف کہا ہے" کان یحیی و عبدالرحمن لا یحدثان عن قیس بن الربیع و کان عبدالرحمن حدثنا عنه ثم ترکه "⑤ امام یحیٰی بن معین نے کہا: کچھ چیز نہیں ہے۔⑥ امام ابن حبان کہتے ہیں کہ امام یحیٰی القطان نے اس کو چھوڑ دیا تھا۔ امام یحیٰی بن معین نے کذاب کہا ہے⑦ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے اور کہا حدثنا عبدالله بن احمدبن حنبل قال: سمعت ابی یقول سمعت الربیع بن الجراح غیر مرة یقول حدثنا قیس بن الربیع والله المستعان . امام یحیٰی بن معین نے کہا: ضعیف تھا⑧ امام جوزجانی نے کہا: ساقط ہے⑨

---

① تهذیب التهذیب ۱/ ۲۱۱ ② المغنی فی الضعفاء ۱/ ۲۲۲ ③ تقریب التهذیب ص۶۰ ④ الفتح المبین فی تحقیق طبقات المدلسین ص۵۸ ⑤ التاریخ الصغیر للبخاری ۲/ ۱۵۸ ⑥ تاریخ یحیی بن معین ۱/ ۲۰۴ ⑦ کتاب المجروحین ۱/ ۲۱۷ ⑧ کتاب الضعفاء الکبیر ۳/ ۴۷۰، ۴۷۱ ⑨ کتاب احوال الرجال ص۶۶

امام نسائی نے کہا: متروک الحدیث ہے ① امام دارقطنی نے کہا: ضعیف الحدیث ہے ② امام احمد بن حنبل نے کہا: روی احادیث منکرۃ. امام یحیٰ بن معین نے کہا: اس کی حدیث نہ لکھی جائے مگر اس کی حدیث کچھ چیز نہیں۔ امام ابوزرعہ نے کہا: کمزور ہے۔ امام ابوحاتم نے کہا: محلّہ الصدوق اور قوی نہیں اس کی حدیث لکھی جائے اس سے حجت نہیں پکڑی جاتی۔ امام یعقوب بن ابی شیبہ نے کہا: یہ ہمارے اصحاب کے نزدیک سچا ہے اور یہ سخت ردیٔ الحفظ مضطرب کثیر الخطاء اور روایت میں ضعیف ہے۔ امام نسائی نے کہا: ثقہ نہیں ہے۔ امام ابن سعد نے کہا: کثیر الحدیث ضعیف تھا۔ امام عجلی نے کہا: محدثین نے اس کو ضعیف کہا ہے۔ امام ابواحمد حاکم نے کہا: "لیس حدیثه بالقائم" ③ امام یعقوب بن سفیان نے کہا: میں نے محدثین سے سنا اس کو ضعیف کہتے تھے ④ امام ذہبی نے کہا: صدوق اس سے حجت نہیں پکڑی جاتی ⑤ امام احمد بن حنبل نے کہا: "تركوا حديثه" یہ شیعہ تھا اور کثیر الخطاء تھا اور اس کی احادیث منکر ہیں ⑥ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: "صدوق تغير لما كبر ادخل ابنه ما ليس من حديثه فحدث به" ⑦

چہارم: سند میں سلام بن سلیمان بن سوار الثقفی مولا هم ابو العباس المدائنی الضرير ضعیف منکر الحدیث اور کچھ بھی نہیں ہے۔ امام عقیلی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے اور کہا ہے " في حديثه عن الثقات مناكير" ⑧ امام عقیلی نے کہا: اس کی حدیث میں متابعت نہیں کی گئی۔

---

❶ کتاب الضعفاء والمتروكين للنسائي ص ۳۰۱ ❷ موسوعة اقوال للدارقطني ۲/ ۵۳ ❸ تهذيب التهذيب ۴/ ۵۲۵، ۵۲۶ ❹ المعرفة والتاريخ ۳/ ۱۴۶ ❺ ديوان الضعفاء والمتروكين ص ۳۲۸ ❻ ميزان الاعتدال ۲/ ۵۳۱ ❼ تقريب التهذيب ص ۲۸۳ ❽ كتاب الضعفاء الكبير ۲/ ۱۶۱

امام ابن عدی نے کہا: منکر الحدیث ہے اس کی عام روایات میں متابعت نہیں کی گئی۔ امام ابو حاتم نے کہا: قوی نہیں ① امام حاکم ابو عبداللہ نے کہا: اس نے حمید طویل ابو عمرو العلاء اور ثور بن یزید سے جھوٹی حدیثیں روایت کی ہیں ② امام ابن حبان نے کہا: اس کی عمرو بن العلاء سے روایت کردہ احادیث میں متابعت نہیں کی گئی ہے اور جب منفرد ہو تو اس سے حجت پکڑنا جائز نہیں ہے ③ امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ④ امام ابن حجر عسقلانی نے کہا: ضعیف ہے ⑤

دوسرا طریق

اخرجه ابن حبان فی ترجمة " ابراهيم بن اسحاق الواسطی" من "الضعفاء" له بسنده عن ثور بن يزيد عن خالد بن معد ان عن معاذ بن جبل مرفوعاً.

اول: یہ سند مرسل و منقطع ہے کیونکہ خالد بن معدان کی معاذ بن جبل سے روایت مرسل ہے ⑥

دوم: ابراہیم بن اسحاق الواسطی راوی ضعیف ہے امام ابن حبان نے اس کے ترجمہ میں اس حدیث کا ذکر بھی کیا ہے اور کہا ہے **" شيخ يروی عن ثور بن يزيد ما لا يتابع عليه و عن غير من الثقات المقلوبات علی قلة رواية لا يجوز الاحتجاج به "** (مذکورہ حدیث ابراہیم بن اسحاق عن ثور بن یزید ہی ہے) ⑦

---

❶ تهذيب التهذيب ۲/۴۶۳ ❷ المدخل الى الصحيح ص ۱۴۴ ❸ كتاب المجروحين ۱/۳۴۲ ❹ المغنی فی الضعفاء ۱/۴۲۲ ❺ تقريب التهذيب ص ۱۴۱ ❻ كتاب المراسيل ص ۵۲ و جامع التحصيل ص ۱۷۱ ❼ كتاب المجروحين ۱/۱۱۳

امام ابن جوزی نے اس حدیث کونقل کرنے کے بعد کہا ہے یہ حدیث صحیح نہیں ہے ① امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ② اس کے راوی ابراہیم بن اسحٰق سے نیچے والے باقی راویوں مثلاً ابوراشد ریان بن عبداللہ الحازم اور ابومسلم عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن الحکم اور ابو یوسف الغسولی یعقوب بن المغیرۃ ان تینوں کے حالات راقم الحروف کو اسماء الرجال میں نہیں ملے۔ واللہ اعلم

تیسرا طریق

احمد بن علی بن شعیب (هو النسائی الامام) حدثنا محمد بن حفص حدثنا الجراح بن ملیح (الاصل یحیی) حدثنی عمر (الاصل عمرو) بن عمرو قال: سمعت عبدالله بن بسر مرفوعاً.

اس سند میں محمد بن حفص راوی ضعیف ہے امام ابن مندۃ نے کہا: ضعیف ہے **قلت هو الوصابی ، قال ابن ابی حاتم اردت السماع منه فقیل لی لیس یصدق فتر کته** ③ امام ذہبی نے اس کا ذکر ضعفاء میں کیا ہے ④

چوتھا طریق

اس طریق میں محمد بن عبدالعزیز الدینوری راوی منکر الحدیث اور ضعیف ہے۔ وضاحت پیش خدمت ہے:

---

① العلل المتناهية ۲/۳۵۸ ② المغنی فی الضعفاء ۱/۱۶ ③ میزان الاعتدال ۳/۵۲۱ ④ المغنی فی الضعفاء ۲/۲۸۸

اول: امام ذہبی کہتے ہیں اکثر عنه احمد بن مروان فی اعجالسة له وهو منكر الحديث ضعيف ذكر ابن عدی و ذكر له مناكير عن موسى بن اسماعيل ومعاذ بن اسد و طبقتها و كان ليس بثقة ① (علامہ البانی نے پوری سند نہیں دی اگر پوری سند ہوتی تو باقی راویوں کے حالات سے بھی آگاہی ہوسکتی کہ ضعیف ہیں یا کہ ثقہ)

پانچواں طریق

اخرجه الطبرانی فی "الاوسط" (448/4) من طريق عامر بن سيار ثنا عبدالكريم الجزری عن ابی اسحاق الهمدانی عن الحارث و عاصم بن ضمرة عن علی موقوفاً.

اول: اس سند میں ابواسحٰق مشہور مدلس ہے جیسا کہ اس حدیث کے پہلے طریق کے تحت آپ پڑھ آئے ہیں۔

دوم: سند میں عبدالکریم الجزری ضعیف الحدیث اور متروک الحدیث، نا قابل حجت ہے اس راوی پر جرح حدیث نمبر (10) میں پہلے طریق کے تحت گزر چکی ہے لہٰذا وہی ملاحظہ فرمائیں۔

چھٹا طریق

اخرجه الترمذی (97/1) عن ابی قرة الاسدی عن سعيد بن المسيب عن عمر موقوفاً.

اول: یہ سند مرسل و منقطع ہے کیونکہ سعید بن مسیب کی روایت عمر سے مرسل ہے ②

دوم: سند میں ابی قرۃ اسدی راوی مجہول ہے ③

---

① میزان الاعتدال ۲۲۹/۳ ② کتاب المراسیل ص ۴۱، ۴۲ ③ تقریب التہذیب ص ۴۲۲

تنبیه : اگر چہ یہ حدیث ضعیف ہے لیکن نماز میں درود شریف پڑھ کر دعا مانگنے کی فضیلت دوسری حدیث سے ثابت ہے۔ وضاحت پیش خدمت ہے: فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک آدمی کو اپنی نماز میں اس طرح دعا کرتے سنا کہ نہ تو اس نے اللہ کی حمد بیان کی اور نہ ہی نبی کریم ﷺ پر درود بھیجا تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''اس شخص نے جلدی کی۔'' پھر آپ ﷺ نے اسے اپنے پاس بلایا اور سمجھایا کہ تم میں سے کوئی جب دعا مانگے تو پہلے اپنے رب کی حمد و ثناء کرنی چاہیے پھر نبی کریم ﷺ پر درود بھیجے پھر اس کے بعد جو چاہے دعا مانگے۔(سنن ابی داؤد، کتاب الصلاۃ، باب الدعاء، مسند احمد ٦/١٨، اسناده صحیح)

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اس کتاب ''الصحیفۃفی الا حادیث الضعیفۃمن سلسلۃالا حادیث الصحیحۃ للا لبانی" کا حصہ اوّل مکمل ہوا۔ راقم الحروف نے جب یہ کتاب لکھنی شروع کی تھی اس وقت ''حصہ اول'' میں ایک سو(100)ضعیف احادیث لکھنے کا ارادہ تھا لیکن کچھ وجوہات کی بنا پر اب صرف پچاس(50) ضعیف احادیث پر اکتفا کیا گیا ہے، مگر ''الصحیفۃ فی الا حادیث الضعیفۃ من سلسلۃ الا حادیث الصحیحۃ للا لبانی" کے ''حصہ دوم'' میں ڈیڑھ سو(150) ضعیف احادیث لکھنے کا ارادہ ہے۔ان شاءاللہ۔

اللہ تعالیٰ میری اس کوشش کو قبول فرمائے اور لوگوں کو ضعیف احادیث پر عمل کرنے سے بچنے کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)

❀❀❀❀

مصادر كتب

(۱) صحیح بخاری مترجم:امیر المؤمنین فی الحدیث امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل البخاری. المتوفی: ۲۵۶ھ، مکتبہ رحمانیہ، لاهور.

(۲) صحیح مسلم مترجم :امام مسلم بن الحجاج المتوفی: ۲۶۱ھ، نعمانی کتب خانہ، لاهور.

(۳) سنن ابو داود مترجم :امام ابو داود سلیمان بن الاشعث السجستانی المتوفی:۲۷۵ھ، نعمانی کتب خانہ، لاهور.

(۴) صحیح سنن ترمذی مترجم:امام ابو عیسی محمد بن عیسی الترمذی المتوفی: ۲۷۹ھ، جامعہ تعلیم القرآن والحدیث، سیالکوٹ.

(۵) سنن نسائی مترجم: امام ابو عبدالرحمن احمد بن شعیب بن علی بن سنان بن بحر بن دینار النسائی المتوفی ۳۰۳ھ، نعمانی کتب خانہ، لاهور.

(۶) سنن ابن ماجہ مترجم:امام ابو عبداللہ محمد بن یزید القزوینی المتوفی ۲۷۳ھ، مهتاب کمپنی، تاجران کتب لاهور.

(۷) سنن دارمی :امام ابو محمد عبد اللہ بن عبدالرحمن الدارمی المتوفی ۲۵۵ھ، قدیمی کتب خانہ کراچی.

(۸) مؤطأ مالک مترجم: امام ابو عبداللہ مالک بن انس بن مالک بن ابی عامر بن عمرو بن الحارث المدنی المتوفی ۱۷۹ھ، مکتبہ رحمانیہ لاهور.

(۹) سنن دارقطنی:امام ابو الحسن علی بن عمر بن احمد بن مهدی

المتوفی ۳۸۵ھ، نشر السنة ملتان۔

(۱۰) سنن الکبری: امام ابو بکر احمد بن الحسین البیهقی المتوفی ۴۵۸ھ، ادارہ تالیفات اشرفیہ، ملتان۔

(۱۱) مسند احمد: امام ابو عبداللہ احمد بن حنبل شیبانی مروزی بغدادی المتوفی ۲۴۱ ھ، نشر السنة، ملتان۔

(۱۲) مسند الحمیدی: امام ابو بکر عبداللہ بن زبیر المتوفی ۲۱۹ھ، ناشر اهل حدیث ٹرسٹ، کراچی۔

(۱۳) مسند ابو داود طیالسی مترجم: امام ابو داود سلیمان بن داود بن الجارود طیالسی المتوفی ۲۰۴ھ، ادارہ القرآن و العلوم اسلامیہ، کراچی۔

(۱۴) مسند عبداللہ بن مبارك: امام ابو عبدالرحمن عبداللہ بن مبارك المتوفی ۱۸۱ھ، مكتبة المعارف، الرياض۔

(۱۵) مسند السراج: امام محمدبن اسحاق بن ابراهیم السراج المتوفی ۳۱۳ھ، ادارة العلوم الاثرية، فيصل آباد۔

(۱۶) مسند ابن الجعد: امام ابو الحسن علی بن الجعد بن عبید الجوهری المتوفی ۲۳۰ھ، دارالکتب العلمیة، بیروت۔

(۱۷) مسند اسحاق بن راهویه: امام ابو یعقوب اسحاق بن راهویه نیسابوری المتوفی ۲۳۸ھ، دارالکتاب العربی، بیروت۔

(۱۸) مسند ابی یعلی: امام ابو یعلی احمد بن علی الموصلی المتوفی ۳۰۷ھ، دارالمعرفة، بیروت۔

(۱۹) مسند الشافعی: امام ابو عبداللہ محمد بن ادریس الشافعی المتوفی ۲۰۴ھ، دارالکتب العلمیة، بیروت۔

(۲۰) صحیح ابن خزیمه مترجم: امام ابو بکر محمد بن اسحاق بن خزیمة

المتوفی ۳۱۱ھ، اشاعة الکتاب و السنة، کراچی۔

(۲۱) صحیح ابن حبان: امام ابو حاتم محمد بن حبان البستی المتوفی ۳۵۴ھ، المکتبة الاثریة، سانگلہ ہل۔

(۲۲) صحیح ابن الجارود: امام ابو محمد عبداللہ بن علی بن الجارود النیسابوری المتوفی ۳۰۷ھ، دار القلم، بیروت۔

(۲۳) مصنف ابن ابی شیبة: امام ابو بکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ المتوفی ۲۳۵ھ، مکتبہ امدادیہ، ملتان۔

(۲۴) مستدرک حاکم: امام ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ بن محمد النیسابوری المتوفی ۴۰۵ھ، دار الفکر، بیروت۔

(۲۵) جزء رفع الیدین مترجم: امیر المؤمنین فی الحدیث امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل البخاری المتوفی ۲۵۶ھ، مکتبہ اسلامیہ، لاہور۔

(۲۶) جزء القرآءة مترجم: امیر المؤمنین فی الحدیث امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل البخاری المتوفی ۲۵۶ھ، مکتبہ اسلامیہ، لاہور۔

(۲۷) مختصر قیام اللیل: امام ابو عبداللہ محمد بن نصر المروزی المتوفی ۲۹۲ھ، المکتبة الاثریة، سانگلہ ہل۔

(۲۸) المحلی لابن حزم مترجم: امام ابو محمد علی بن احمد بن سعید بن حزم بن غالب المتوفی ۴۵۶ھ، دار الدعوة السلفیة، لاہور۔

(۲۹) مؤطأ محمد: ابو عبداللہ محمد بن حسن الشیبانی المتوفی ۱۸۹ھ، پروگریسو بکس، لاہور۔

(۳۰) روضة الازهار شرح کتاب الآثار مترجم: ابو عبداللہ محمد بن حسن الشیبانی المتوفی ۱۸۹ھ، مکتبہ جامعہ بنوریہ، کراچی۔

(۳۱) شرح معانی الآثار مترجم: ابو جعفر احمد بن محمد بن سلامہ المتوفی ۳۲۱ھ، حامد اینڈ کمپنی، لاہور۔

(۳۲) جزء القراءة مترجم: ابو بکر احمد بن الحسین البیهقی المتوفی ۴۵۸ھ، ادارہ احیاء السنة، گوجرانوالہ.

(۳۳) الادب المفرد مترجم: امیر المؤمنین فی الحدیث امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل البخاری المتوفی ۲۵۶ھ، دارالاشاعت، کراچی.

(۳۴) المعجم الصغیر: امام ابو القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب الطبرانی المتوفی ۳۶۰ھ، دارالکتب العلمیة، بیروت.

(۳۵) حیاة الانبیاء فی قبورهم: امام ابو بکر احمد بن الحسین البیهقی المتوفی ۴۵۸ھ، مکتبة الإیمان، المنصورہ.

(۳۶) عمل الیوم واللیلة: امام ابوبکر احمدبن محمد بن اسحاق الدنیوری المتوفی ۳۶۴ھ، دارالکتاب العربی، بیروت.

(۳۷) عمل الیوم واللیلة مترجم: امام ابو عبدالرحمن احمد بن شعیب بن علی بن سنان بن بحر بن دینار النسائی المتوفی ۳۰۳ھ، مکتبه حسینیه، گوجرانوالہ.

(۳۸) ریاض الصالحین مترجم: امام ابو زکریا یحیی بن شرف النووی المتوفی ۶۷۶ھ، نعمانی کتب خانہ، لاہور.

(۳۹) مشکوة المصابیح مترجم: امام ولی الدین محمد بن عبداللہ الخطیب المتوفی ۷۴۳ھ، مکتبہ رحمانیہ لاہور.

(۴۰) الترغیب والترهیب مترجم: امام ابو محمد عبدالعظیم بن عبدالقوی المتوفی ۶۵۶ھ، میر محمد کتب خانہ مرکز علم و ادب، کراچی.

(۴۱) خصائص کبری مترجم: امام جلال الدین عبدالرحمن بن ابو بکر السیوطی المتوفی ۹۱۱ھ، حامد اینڈ کمپنی، لاہور.

(۴۲) بلوغ المرام مترجم: امام ابو الفضل احمد بن علی بن محمد بن علی الکنانی العسقلانی المتوفی ۸۵۲ھ، فاروقی کتب خانہ، ملتان.

(۴۳) کتاب الاسماء والصفات: امام ابو بکر احمد بن الحسین البیھقی المتوفی۴۵۸ھ، مکتبة الاثریة، سانگلہ ہل۔

(۴۴) شمائل ترمذی مترجم: امام ابو عیسی محمدبن عیسی الترمذی المتوفی۲۷۹ھ، والی کتاب گھر، گوجرانوالہ۔

(۴۵) کتاب الزھد: امام ابو عبداللہ احمد بن حنبل الشیبانی المروزی بغدادی المتوفی ۲۴۱ھ، دارالکتب العلمیة، بیروت۔

(۴۶) التاریخ الکبیر: امیرالمؤمنین فی الحدیث امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل البخاری المتوفی۲۵۶ھ، دارالکتب العلمیة، بیروت۔

(۴۷) التاریخ الصغیر: امیرالمؤمنین فی الحدیث امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل البخاری المتوفی۲۵۶ھ، دارالمعرفة، بیروت۔

(۴۸) التاریخ الاوسط: امیرالمؤمنین فی الحدیث امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل البخاری المتوفی۲۵۶ھ، دارالصمیعی للنشر والتوزیع، الریاض۔

(۴۹) کتاب الضعفاء: امیرالمؤمنین فی الحدیث امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل البخاری المتوفی۲۵۶ھ، مکتبہ اسلامیہ، لاہور۔

(۵۰) کتاب الجرح والتعدیل: امام ابو محمد عبدالرحمن بن ابی حاتم المتوفی۳۲۷ھ، دارالکتب العلمیة، بیروت۔

(۵۱) کتاب الضعفاء: امام ابو زرعة عبداللہ بن عبدالکریم بن یزید المتوفی۲۶۴ھ، الجامعة الاسلامیة بالمدینة المنورة۔

(۵۲) کتاب الضعفاء والمتروکین: امام ابو عبدالرحمن احمد بن شعیب بن علی بن سنان المتوفی۳۰۳ھ، مکتبہ اثریہ، سانگلہ ہل۔

(۵۳) کتاب الضعفاء الکبیر: امام ابو جعفر محمد بن عمرو بن موسی العقیلی المتوفی۳۲۲ھ، دارالکتب العلمیة، بیروت۔

(۵۴) کتاب السنة:امام ابو عبدالرحمن عبدالله بن احمد بن محمد بن حنبل المتوفی۲۹۰ھ، رمادي للنشر الرياض.

(۵۵) کتاب احوال الرجال:امام ابو اسحاق ابراهيم بن يعقوب الجوزجانی المتوفی۲۵۹ھ، حققه وعلق عليه السيد صبيحي البدري السامراي.

(۵۶) کتاب المجروحين:امام ابوحاتم محمد بن حبان البستی المتوفی۳۵۴ھ، تحقيق محمود ابراهيم زايد.

(۵۷) کتاب الثقات:امام ابو حاتم محمد بن حبان البستی المتوفی۳۵۴ھ.

(۵۸) کتاب السنة:امام ابو بکر عمرو بن ابی عاصم الضحاك بن مخلد الشيبانی المتوفی۲۸۷ھ، المکتب الاسلامي، بيروت.

(۵۹) کتاب المراسيل:امام ابو داؤد سليمان بن الاشعث السجستانی المتوفی۲۷۵ھ، دارالصميعي للنشر والتوزيع، الرياض.

(۶۰) کتاب المراسيل:امام ابو محمد عبدالرحمن بن ابی حاتم المتوفی۳۲۷ھ، المکتبة الاثرية، سانگله هل.

(۶۱) کتاب مختلف تاويل الحديث:امام ابو محمد عبدالله بن مسلم بن قتيبة المتوفی۲۷۶ھ، مکتبه اسلاميه، کوئٹه.

(۶۲) الضعفاء والمتروکون:امام ابو الحسن علی بن عمر الدارقطنی البغدادی المتوفی۳۸۵ھ، مکتبة المعارف الرياض.

(۶۳) کتاب الضعفاء والکذابين:امام ابو حفص عمر بن احمد بن شاهين المتوفی۳۸۵ھ، دراسة وتحقيق الدکتور عبد الرحيم محمد احمد القسفري.

(۶۴) کتاب الضعفاء:امام ابو نعيم احمد بن عبدالله بن احمد بن اسحاق بن موسی بن مهران الاصبهانی المتوفی۴۳۰ھ، دارالثقافة تحقيق الدکتور فاروق.

(٦٥) تاریخ یحیی بن معین: امام ابو زکریا یحیی بن معین بن عون المری الغطفانی البغدادی المتوفی۲۳۳ھ، دارالقلم بیروت.

(٦٦) سوالات ابن الجنید: امام ابو زکریا یحیی بن معین بن عون المری الغطفانی البغدادی المتوفی۲۳۳ھ، عالم الکتب، بیروت.

(٦٧) تاریخ عثمان بن سعید الدارمی: امام ابو زکریا یحیی بن معین بن عون المری الغطفانی البغدادی المتوفی۲۳۳ھ، دارالمامون، للتراث بیروت.

(٦٨) سوالات محمد بن عثمان بن ابی شیبة: امام علی بن عبدالله بن جعفر السعدی المدینی المتوفی۲۳۴ھ، مکتبة المعارف، الریاض.

(٦٩) کتاب العلل: امام علی بن عبدالله بن جعفر السعدی المدینی المتوفی۲۳۴ھ، المکتب الإسلامي، بیروت.

(٧٠) المعرفة والتاریخ: امام ابو یوسف یعقوب بن سفیان الفسوی المتوفی۲۷۷ھ، دارالکتب العلمیة، بیروت.

(٧١) تعجیل المنفعة: امام ابو الفضل احمد بن علی بن محمد بن حجر العسقلانی المتوفی۸۵۲ھ، دارالبشائر الاسلامیة، بیروت.

(٧٢) تهذیب التهذیب: امام ابو الفضل احمد بن علی بن محمد بن حجر العسقلانی المتوفی۸۵۲ھ، داراحیاء التلاشا العربی، بیروت.

(٧٣) تقریب التهذیب: امام ابو الفضل احمد بن علی بن محمد بن حجر العسقلانی المتوفی۸۵۲ھ، فاران اکیڈمی، لاهور.

(٧٤) لسان المیزان: امام ابو الفضل احمد بن علی بن محمد بن حجر العسقلانی المتوفی۸۵۲ھ، اداره تالیفات اشرفیه، ملتان.

(٧٥) تهذیب الکمال: امام ابو الحجاج یوسف بن زکی عبدالرحمن بن یوسف المتوفی۷۴۲ھ.

(۷۶) خلاصة تذهيب تهذيب الكمال: امام صفی الدين احمد بن عبدالله الخزرجی ، المكتبة الاثرية، سانگله هل.

(۷۷) تلخيص الحبير: امام ابو الفضل احمد بن علی بن محمد بن حجر العسقلانی المتوفی۸۵۲هـ، المكتبة الاثرية، سانگله هل.

(۷۸) تعريف اهل التقديس:امام ابو الفضل احمد بن علی بن محمد بن حجر العسقلانی المتوفی۸۵۲هـ، تحقيق الدكتور احمد بن علي سير المباركي.

(۷۹) ميزان الاعتدال: امام ابو عبدالله محمد بن احمد بن عثمان الذهبی المتوفی۷۴۸هـ، المكتبة الاثرية، سانگله هل.

(۸۰) الكاشف:امام ابو عبدالله محمد بن احمد بن عثمان الذهبی المتوفی۷۴۸هـ، دارالكتب العلمية، بيروت.

(۸۱) سير اعلام النبلاء:امام ابو عبدالله محمد بن احمد بن عثمان الذهبی المتوفی۷۴۸هـ.

(۸۲) تذكرة الحفاظ مترجم:امام ابو عبدالله محمد بن احمد بن عثمان الذهبی المتوفی۷۴۸هـ، اسلامك پبلشنگ هاؤس لاهور.

(۸۳) المغنی فی الضعفاء:امام ابو عبدالله محمد بن احمد بن عثمان الذهبی المتوفی۷۴۸هـ، دارالكتب العلمية، بيروت.

(۸۴) ديوان الضعفاء و المتروكين:امام ابو عبدالله محمد بن احمد بن عثمان الذهبی المتوفی۷۴۸هـ، مكتبة النهفة الحديثة مكه المكرمه.

(۸۵) المدخل الی الصحيح:امام ابو عبدالله محمد بن عبدالله بن محمد حمدويه النيسابوری المتوفی۴۰۵هـ، تحقيق ربيع بن هادي عمير المدخلي.

(۸۶) تاريخ ابی زرعة الدمشقی:امام ابو زرعه عبدالرحمن بن عمرو بن

عبدالله بن صفوان النصری المتوفی ۲۸۱ھ، دارالکتب العلمیة، بیروت۔

(۸۷) جامع بیان العلم و فضله:امام ابو عمر یوسف بن عبدالبر النمری القرطبی الاندلسی المتوفی۴۶۳ھ، دارالفکر، بیروت۔

(۸۸) العلل المتناهیة:امام ابو الفرج عبدالرحمن بن علی بن الجوزی المتوفی۵۹۷ھ، دارنشر الکتب الاسلامیة، لاهور۔

(۸۹) الکامل فی ضعفاء الرجال:امام ابو احمد عبدالله بن عدی المتوفی۳۶۵ھ، دارالکتب العلمیة، بیروت۔

(۹۰) طبقات ابن سعد مترجم:امام ابو عبدالله محمد بن سعد البصری المتوفی۲۳۰ھ، نفیس اکیڈمی کراچی۔

(۹۱) تاریخ الثقات :امام احمد بن عبدالله العجلی المتوفی ۲۶۱ھ، المکتبة الاثریة، سانگله هل۔

(۹۲) الاکمال فی اسماء الرجال مترجم:امام ولی الدین محمد بن عبدالله الخطیب العمری المتوفی۷۴۳ھ، میر محمد کتب خانه، کراچی۔

(۹۳) الکواکب النیرات:امام ابو البرکات محمد بن احمد المعروف بابن المتوفی۹۳۹ھ، دارالمامون للتراث، بیروت۔

(۹۴) معرفة علوم الحدیث:امام ابی عبدالله محمد بن عبدالله النیسابوری المتوفی۴۰۵ھ، دارالکتب العلمیة، بیروت۔

(۹۵) موسوعة اقوال للدار قطنی: الدکتور محمد مهدی المسیلمی حفظه الله، عالم الکتب، بیروت۔

(۹۶) تفسیر ابن کثیر مترجم:امام ابو الفداء اسماعیل بن عمر عماد الدین ابن کثیر المتوفی۷۷۴ھ، نور محمد کراچی۔

(۹۷) تذکرةالموضوعات:محمد طاهر بن علی الهندی المتوفی۹۸۶ھ، کتب

خانه مجيديه، ملتان.

(۹۸) نيل الاوطار مترجم: امام محمد بن علی بن محمد الشوکانی المتوفی ۱۲۵۰ھ، دوست ایسوی ایٹس، لاہور.

(۹۹) مقدمہ ابن الصلاح مترجم: امام ابو عمرو عثمان بن عبدالرحمن المتوفی ۶۴۳ھ، مکتبہ ناصریہ، فیصل آباد.

(۱۰۰) نزهة النظر في توضيح نخبة الفكر مترجم: امام ابو الفضل احمد بن علی بن محمد بن حجر العسقلانی المتوفی ۸۵۲ھ، ادارہ اسلامیات، لاہور.

(۱۰۱) علوم الحدیث مترجم: ڈاکٹر صبحی صالح، ملک سنز، فیصل آباد.

(۱۰۲) اصول حدیث اردو: ڈاکٹر خالد علوی، ناشر الفیصل، لاہور.

(۱۰۳) تیسیر مصطلح الحدیث مترجم: ڈاکٹر محمود الطحان، مکتبہ قدوسیہ، لاہور.

(۱۰۴) تدریب الراوی: امام جلال الدین عبدالرحمن بن ابی بکر السیوطی المتوفی ۹۱۱ھ، قدیمی کتب خانہ، کراچی.

(۱۰۵) تاریخ بغداد: امام ابو بکر احمد بن علی بن ثابت المتوفی ۴۶۳ھ، المکتبة السلفية المدينة المنورة.

(۱۰۶) قاعدہ فی الجرح والتعدیل: امام تاج الدین عبدالوہاب بن علی البکی المتوفی ۷۷۱ھ، المکتبة العلمية، لاہور.

(۱۰۷) المنار المنیف فی الصحیح والضعیف: امام شمس الدین ابو عبداللہ بن قیم الجوزیہ المتوفی ۷۵۱ھ، مکتب المطبوعات الاسلامیة، بیروت.

(۱۰۸) اعلام الموقعین مترجم: امام شمس الدین ابو عبداللہ ابن قیم الجوزیہ المتوفی ۷۵۱ھ، مہتاب کمپنی لاہور.

(۱۰۹) زاد المعاد مترجم: امام شمس الدین ابو عبداللہ ابن قیم الجوزیہ

المتوفی ۷۵۱ھ، نفیس اکیڈمی کراچی۔

(۱۱۰)آداب و مناقب الشافی:امام ابو محمد عبدالرحمن بن ابی حاتم المتوفی۳۲۷ھ، دارالکتب العلمیة، بیروت۔

(۱۱۱)خلق افعال العباد:امیر المؤمنین فی الحدیث امام ابو عبدالله محمد بن اسماعیل البخاری۔ المتوفی: ۲۵۶ھ، الناشر دارالسلفیة، الکویت۔

(۱۱۲)کتاب الاسامی والکنی:امام ابو عبدالله احمد بن حنبل المتوفی ۲۴۱ ھ، مکتبة دارالاقصیٰ، الکویت۔

(۱۱۳)کتاب الکنی:امام مسلم بن الحجاج المتوفی: ۲۶۱ھ۔

(۱۱۴)الرفع والتکمیل فی الجرح والتعدیل : ابو الحسنات محمد عبدالحی الکنوی المتوفی۱۳۰۴ھ، مکتبة الدعوة الاسلامیة، پشاور۔

(۱۱۵)الاعلام بآخر احکام الالبانی الامام :محمد بن کمال خالد السیوطی، الناشر دارابن رجب المنصورة۔

(۱۱۶)مسند امام اعظم مترجم:منسوب ابی حنیفه نعمان بن ثابت المتوفی۱۵۰ھ، حامد اینڈ کمپنی لاهور۔

(۱۱۷)تاریخ اسماء الثقات:امام ابو حفص عمر بن احمد بن عثمان بن شاهین المتوفی۳۸۵ھ، دارالکتب العلمیة، بیروت۔

(۱۱۸)جامع التحصیل فی احکام المراسیل:امام ابو سعید خلیل بن کیکلدی العلائی المتوفی۷۶۱ھ، مکتبة النهفیه العربیة، بیروت۔

(۱۱۹)تحفةالتحصیل فی ذکر رواة المراسیل :امام ولی الدین احمد بن عبدالرحیم بن الحسین ابو زرعة العراقی المتوفی۸۲۶ھ، مکتبة الرشد الریاض۔

(۱۲۰)التدلیس فی الحدیث: مسفر بن غرم الله الدمینی حفظه الله۔

(۱۲۱)جلاء الافهام، مترجم : امام شمس الدین ابو عبدالله ابن قیم الجوزیه المتوفی۷۵۱ھ، دارالسلام لاهور۔

(١٢٢) الفتح المبين في تحقيق طبقات المدلسين: للحافظ ابن حجر العسقلانی المتوفی۸۵۲هـ، (تحقيق : محدث العصر حافظ زبير علی زئی حفظه الله)، مکتبه اسلامیه لاهور.

(١٢٣) سلسلة الاحاديث الصحيحة للألباني :الشيخ محدث العصر محمد ناصر الدين البانی المتوفی۱۹۹۹ء، مكتبة المعارف للنشر والتوزيع الرياض.

(١٢٤) احاديث ضعيفه كا مجموعه: مترجم: الشيخ محدث العصر محمد ناصر الدين البانی المتوفی۱۹۹۹ء، ضياء السنة، فیصل آباد.

(١٢٥) تمام المنة: الشيخ محدث العصر محمد ناصر الدين البانی المتوفی۱۹۹۹ء، دار الراية الرياض.

(١٢٦) أرواء الغليل: الشيخ محدث العصر محمد ناصر الدين البانی المتوفی۱۹۹۹ء.

(١٢٧) كتاب العلل الصغير: امام ابو عيسى محمد بن عيسى الترمذی المتوفی۲۷۹هـ.

(١٢٨) الدرر البهية مترجم: امام محمد بن علی بن محمد بن عبدالله الشوکانی المتوفی ۱۲۵۰هـ، نعمانی کتب خانه، لاهور.

(١٢٩) كتاب المصاحف: امام ابو بكر عبدالله بن ابو داود سليمان بن الاشعث السجستانی المتوفی ۳۱۳هـ، دار الكتب العلمية، بيروت.

(١٣٠) تحرير تقريب التهذيب: لحافظ ابن حجر العسقلانی المتوفی ۸۵۲هـ، (تحقيق الدكتور بشار عوادمعروف، الشيخ شعيب الارنووط)، موسسة الرسالة، بيروت.

(١٣١) نهاية الاغتباط: امام برهان الدين ابی اسحاق ابراهيم بن محمد بن خليل المتوفی ۸۴۱هـ، دار الحديث، القاهرة.

(١٣٢) سيرت ابن هشام، مترجم: ابی محمد عبدالملك بن هشام المتوفی

۲۱۳هـ، اداره اسلامیات، لاهور.

(۱۳۳) شعب الایمان، مترجم: امام ابوبکر احمد بن الحسین البیهقی المتوفی ۴۵۸هـ، دارالاشاعت، کراچی.

(۱۳۴) حلیة الاولیاء، مترجم: امام ابونعیم احمد بن عبد الله اصفهانی المتوفی ۴۳۰هـ، دارالاشاعت کراچی.

(۱۳۵) السنن الکبری، امام ابوعبد الرحمن احمد بن شعیب النسائي المتوفی ۳۰۳هـ، دارالکتب العلمیة، بیروت.

(۱۳۶) کتاب الضعفاء والمتروکین: امام ابوالفرج عبد الرحمن بن علی بن محمد بن الجوزي المتوفی ۵۹۷هـ، دارالکتب العلمیـة، بیروت.

(۱۳۷) الکفایة: امام ابوبکر احمد بن علی بن ثابت المعروف بالخطیب البغدادی المتوفی ۴۶۳هـ، دارالکتب العلمیة، بیروت.

(۱۳۸) تاریخ ابن کثیر، مترجم: امام ابوالفهد اسماعیل بن عمر عماد الدین ابن کثیر المتوفی ۷۷۴هـ، نفیس اکیڈمی، کراچی.

(۱۳۹) شرح علل الترمذي، الامام لابن رجب الحنبلي، المتوفی ۷۹۵هـ، مکتبة الرشد، الریاض.

(۱۴۰) اُسد الغابة فی معرفة الصحابة، مترجم: ناشر المیزان لاهور.

(۱۴۱) الملل والنحل، مترجم: امام ابومحمد علی بن احمد بن حزم المتوفی ۴۵۶هـ، ناشر المیزان لاهور.

(۱۴۲) سبل السلام، مترجم: امام محمد بن اسماعیل بن صلاح الصنعانی المتوفی ۱۱۸۲هـ، ناشر شریعة اکیڈمی، اسلام آباد.

(۱۴۳) علل الحدیث، امام ابومحمد عبد الرحمن بن ابي حاتم محمد بن ادریس الرازی المتوفی ۳۲۷هـ، مکتبة الرشد، الریاض.

(۱۴۴) تاریخ الخلفاء، مترجم: امام جلال الدین عبد الرحمن بن ابوبکر

السيوطي، المتوفى ۹۹۱هـ، نفيس اكيڈمى، كراچى.
(۱۳۵) المقاصد الحسنة: امام محمد عبد الرحمن السخاوي، المتوفى ۹۰۲هـ، دار الكتاب العربي بيروت.
(۱۳۶) الأذكار: امام محيي الدين يحيى بن شرف النووي المتوفى ٦٧٦هـ، دار الكتاب العربي، بيروت.
(۱۳۷) كتاب ناسخ الحديث ومنسوخه: امام ابو حفص عمر بن احمد بن عثمان احمد المعروف بابن شاهين البغدادي المتوفى ۳۸۵هـ، دار الكتب العلمية، بيروت.
(۱۳۸) ذيل ميزان الاعتدال: امام ابو الفضل عبدالرحيم بن الحسين المعروف بالعراقي المتوفى ۸۰۶هـ، مركز البحث العلمي واحياء التراث الاسلامي، مكة المكرمة.
(۱۳۹) بلغة القاصي والداني في تراجم شيوخ الطبراني: الشيخ حماد بن محمد الانصاري حفظه الله، مكتبة الفرباء الاثرية المدينة النبوية.





تفسیر ابن کثیر

امام المفسرین حافظ عماد الدین

ابو الفدا اسمٰعیل بن عمر بن کثیر الدمشقی رحمہ اللہ

المتوفی ۷۷۴ھ

ترجمہ

امام العصر مولانا محمد جوناگڑھی رحمہ اللہ

تخریج
کامران طاہر

تحقیق و نظر ثانی
حافظ زبیر علی زئی

تقریظ
ابو الحسن مبشر احمد ربانی
حافظ صلاح الدین یوسف


☆ تمام آیات قرآنیہ، احادیث کریمہ کی مکمل تخریج و تحقیق کا اہتمام
☆ خوبصورت سرورق، معیاری طباعت، بہترین کاغذ، مناسب قیمت

مکتبہ اسلامیہ

بالمقابل رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور۔ پاکستان فون:042-37244973

بیسمنٹ اٹلس بینک بالمقابل شیل پٹرول پمپ کوتوالی روڈ فیصل آباد۔ پاکستان فون:041-2631204, 2034256

E-mail:maktabaislamiapk@gmail.com





تالیف
ابو عبد الرحمن الفوزی

مترجم
محمد صدیق رضا

نظرثانی
حافظ زبیر علی زئی

تقریظ
ابو الحسن مبشر احمد ربانی



مکتبہ اسلامیہ

بالمقابل رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور۔ پاکستان فون:042-37244973

بیسمنٹ اٹلس بینک بالمقابل شیل پٹرول پمپ کوتوالی روڈ فیصل آباد۔ پاکستان فون:041-2631204, 2034256

E-mail:maktabaislamiapk@gmail.com

أنوار الصحيفة في الأحاديث الضعيفة من السنن الأربعة

تصنيف

حافظ زبیر علی زئی




مکتبہ اسلامیہ

بالمقابل رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور۔ پاکستان فون:042-37244973

بیسمنٹ اٹلس بینک بالمقابل شیل پٹرول پمپ کوتوالی روڈ فیصل آباد۔ پاکستان فون:041-2631204, 2034256

E-mail:maktabaislamiapk@gmail.com


الصحيفة في الأحاديث الضعيفة
من
سلسلة الأحاديث الصحيحة للألباني